FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ماہنامہ طلسماتی دنیا دیوبند

جلد نمبر ۲۲
شمارہ نمبر ۶
جون ۲۰۱۶ء
سالانہ زرِتعاون ۳۰۰ روپے سادہ ڈاک سے
۵۰۰ روپے رجسٹرڈ ڈاک سے
فی شمارہ ۲۵ روپے

پاکستان سے
زرِتعاون سالانہ
1500 سو روپے انڈین

غیر ممالک سے
سالانہ زرتعاون
1800 سو روپے انڈین

لائف ممبری ہندوستان میں
7 ہزار روپے

دل میں تو ضعف عقیدت کو کبھی راہ نہ دے
کوئی کچھ دے نہیں سکتا اگر اللہ نہ دے

یہ رسالہ دین حق کا ترجمان ہے۔ یہ کسی ایک مسلک کی وکالت نہیں کرتا۔

ایڈیٹر
حسن الہاشمی فاضل دارالعلوم دیوبند
موبائل 09358002992

پوسٹنگ منیجر:
ابوسفیان عثمانی
موبائل 09756726786

آفس ہاشمی روحانی مرکز
موبائل نمبر: 09359882674
فون نمبر: 01336-224455
E-mail : hrmarkaz19@gmail.com

انتباہ

طلسماتی دنیا سے متعلق متنازعہ امور میں مقدمہ کی سماعت کا حق صرف دیوبند ہی کی عدالت کو ہوگا۔

(منیجر)

کمپوزنگ:
(عمر الٰہی، راشد قیصر)
ہاشمی کمپیوٹر
محلہ ابوالمعالی، دیوبند
فون 09359882674

بینک ڈرافٹ صرف
"TILISMATI DUNYA"
کے نام سے بنوائیں

اطلاع عام

اس رسالہ میں جو کچھ بھی شائع ہوتا ہے وہ ہاشمی روحانی مرکز کی دریافت ہے اس کے کسی کلی یا جزوی مضمون کو شائع کرنے سے پہلے ہاشمی روحانی مرکز سے اجازت لینا ضروری ہے، اس رسالے میں جو تحریریں ایڈیٹر سے منسوب ہیں وہ 'ماہنامہ طلسماتی دنیا' کی ملک ہیں اس کے کل یا جز کو چھاپنے سے پہلے ایڈیٹر سے اجازت حاصل کرنا ضروری ہے خلاف ورزی کرنیوالے کے خلاف قانونی کارروائی کی جاسکتی ہے۔ (منیجر)

پتہ: ہاشمی روحانی مرکز
محلہ ابوالمعالی دیوبند 247554

ہم اور ہمارا ادارہ
مجرمین قانون، ملک اور اسلام کے غداروں سے اعلان بیزاری کرتے ہیں

TILISMATI DUNYA (Monthly)
HASHMI ROOHANI MARKAZ
MOHALLA, ABUL MALI DEOBAND 247554

پرنٹر پبلشر زینب ناہید عثمانی نے شعیب آفسیٹ پریس، دہلی سے چھپوا کر ہاشمی روحانی مرکز، محلہ ابوالمعالی، دیوبند سے شائع کیا۔

Printer Publisher Zenab Naheed Usmani Shoaib Offset Press Delhi
Hashmi Roohani Markaz, Abul Mali, Deoband (U. P.)

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

کیا اور کہاں

ماہِ مبارک ۵
مختلف پھولوں کی خوشبو ۶
بسم اللہ کی برکات ۲۴
اسم اعظم ۱۱
روحانی ڈاک ۱۳
عکسِ سلیمانی ۲۵
دنیا کے عجائب وغرائب ۳۳
ذکر کا ثبوت قرآن سے ۳۵
اس ماہ کی شخصیت ۳۹
اسلام الف سے ی تک ۴۳
اللہ کے نیک بندے ۴۷
ایک عجیب وغریب داستان ۵۱
سورۂ ماعون کے خادم کو بلانے کا طریقہ ۵۶
اذانِ بتکدہ ۵۷
اعلامیہ-۴۰ .... ۶۶
مولانا حسن الہاشمی کے اجازت یافتہ شاگرد ۶۸
تین طلسمات منسوب ابن العرب سیناؒ ۷۱
نظرات ۷۳
شرفِ قمر وغیرہ ۷۵
عاملین کی سہولت کے لئے ۷۷
انسان اور شیطان کی کشمکش ۷۸
خبرنامہ ۸۲

☆☆☆

محمد شبیر قادری

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

اداریہ

ماہِ رمضان المبارک

بقلم خاص

ہر سال یہ مہینہ ایک معزز مہمان کی حیثیت سے آتا ہے اور مہمان کا اکرام کرنا اور اس کی مہمان نوازی کا فرض ادا کرنا ہر صاحبِ ایمان کے لئے ضروری ہے۔ ماہِ مبارک کی مہمان نوازی اس طرح کریں کہ رمضان المبارک میں دین وشریعت کے جو تقاضے ہیں ان کو خلوص وللّٰہیت اور دلی رغبت کے ساتھ پورا کریں اور شب وروز کے چوبیس گھنٹوں میں زیادہ تر ساعتیں عبادت وریاضت میں گذاریں اور یہ سوچ کر ماہِ مبارک کا احترام کریں کہ آپ کی زندگی میں یہ مہینہ شاید آخری بار آیا ہے۔

اس مہینے میں پانچ وقت کی نماز جماعت کے ساتھ ادا کریں اور ہر نماز کے بعد کوئی نہ کوئی تسبیح پڑھنے کی عادت ڈالیں۔ مسجد میں داخل اور خارج ہوتے وقت سنجیدگی اور ادب کو ملحوظ رکھیں اور جب تک مسجد میں رہیں دنیا کی باتوں سے خود کو بچائیں۔ جو لوگ مسجد کا احترام نہیں کرتے وہ اللہ کی نظروں سے گر جاتے ہیں۔

پورے رمضان کے روزے رکھیں، بدنصیب ہیں وہ لوگ جنہیں رمضان میں روزے رکھنے کی توفیق نہیں ہوتی۔ روزے سے تزکیۂ نفس ہوتا ہے اور روزہ روحانی تربیت کا موثر ترین ذریعہ ہے۔ ہر نیک عمل کی ایک جزا متعین کی گئی ہے لیکن حق تعالیٰ نے یہ فرمایا ہے کہ روزہ میرے لئے ہے اور میں خود ہی اس کی جزا بن جاؤں گا۔ سبحان اللہ! کیا انداز ہے رب العالمین کا۔ اس کے باوجود اگر کسی مسلمان کو روزے رکھنے کی توفیق نہ ہو تو اس کی بدنصیبی کا کیا ٹھکانہ ہے۔ جو لوگ کسی بیماری یا کسی عذر شرعی کی بنا پر روزے نہیں رکھ سکے انہیں کسی مفتی سے مشورہ کر کے بروقت اس کا فدیہ ادا کردینا چاہئے اور آخرت کے لئے اپنے کاندھوں پر کوئی بوجھ نہیں رکھنا چاہئے۔

روزہ رکھنے کے لئے سحری کرنا سنت رسولؐ ہے۔ بغیر سحری کے روزہ رکھنا ایک ناپسندیدہ عمل ہے۔ اس ناپسندیدہ عمل سے احتراز کرنا چاہئے۔ سحری کرنے سے پہلے اگر تہجد کی نماز پڑھ لیں تو اس عبادت میں چار چاند لگ جاتے ہیں اور روزے دار کو خود ہی محسوس ہوتا ہے کہ اس نے اپنی بندگی کا حق ادا کردیا۔

حسنِ اخلاق کا مظاہرہ کرنا ہر مسلمان کے لئے ضروری ہے۔ جن لوگوں کے اخلاق اچھے نہیں ہوتے وہ نہ صرف لوگوں کی نظروں سے گر جاتے ہیں بلکہ وہ لوگ اللہ کی نظروں سے بھی گر جاتے ہیں اور جو لوگ اپنے مالک حقیقی کی نظروں سے گر جاتے ہیں ان کو دنیا وآخرت میں عزت حاصل نہیں ہوتی۔ ہر مسلمان کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنے اخلاق کو بہتر سے بہتر بنائے، بالخصوص رمضان المبارک میں قدم قدم پر حسنِ اخلاق کا مظاہرہ کرنا چاہئے۔ اللہ کے بندے ہندو ہوں یا مسلمان، وہ اپنے مسلک کے ہوں یا دوسرے مسلک کے ان کی عزت کرنا، ان کے جذبات واحساسات کا احترام کرنا اور اپنے ساتھ حسنِ عمل اور حسنِ اخلاق سے یہ ثابت کرنا چاہئے کہ مسلمان ایک بے مثال قوم ہے اور وہ اس کائنات میں ہیرو کی حیثیت رکھتا ہے۔ جو مسلمان رمضان المبارک میں بھی بحث وتکرار میں اور لڑائی جھگڑوں میں مبتلا رہتے ہیں وہ شیطان کو تقویت پہنچاتے ہیں اور اپنی حیثیت عرفی کا خود قتل کردیتے ہیں اور سزا کے مستحق قرار پاتے ہیں۔

افطار کرنا کرانا بھی ماہِ رمضان کا ایک خاص طریقہ ہے۔ اپنے اہل خانہ کے لئے لذیذ چیزوں کا اہتمام کرنا نیک لوگوں کا شیوہ رہا ہے۔ حسب گنجائش روزانہ افطار کا اہتمام کرنا چاہئے اور دوسرے لوگوں کو بھی افطار کرانے کی سنت ادا کرنی چاہئے۔ آج کل جو افطار پارٹیاں ہوتی ہیں ان کی حیثیت سیاسی ہے، ان میں دکھاوا زیادہ ہوتا ہے اور کسی خاص غرض کی وجہ سے ان کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ دین وشریعت کے تقاضے پورے کرنے کے لئے کسی بھی مسافر، کسی بھی قیدی کو یا اپنے ہی خاندان کے چند غرباء یا کسی ایک غریب رشتے دار کو افطار کرنا اللہ کی خوشنودی کا باعث بنتا ہے اور انسان کو روحانی ترقی نصیب ہوتی ہے۔ زکوٰۃ بھی ماہِ رمضان المبارک کا ایک خاص حصہ ہے، اس ماہ میں ایک روپیہ ادا کرنے کا مطلب یہ ہے کہ اس نے ستر روپئے اللہ کی راہ میں دیئے۔ زکوٰۃ ادا کرنے کے ذمہ دار تو وہ مسلمان ہیں جو صاحبِ نصاب ہوں اور صاحب نصاب وہ لوگ کہلاتے ہیں کہ جن کے پاس ساڑھے سات تولہ سانا یا باون تولہ چاندی ہو اور اس کا مالک بنے ہوئے ایک سال گذر چکا ہو۔ سونا، چاندی ان کے قبضہ میں ہو وہ کہیں گروی نہ رکھا ہو، ایسے لوگوں کے لئے ضروری ہے کہ اپنی جمع پونجی میں سے ڈھائی فی صد اللہ کے راستے میں نکالیں اور اللہ کے مستحق بندوں کی مدد کریں۔ اس سلسلے میں اپنے رشتے داروں کو ترجیح دینی چاہئے۔

زکوٰۃ کے علاوہ صدقہ وخیرات بھی ماہِ مبارک میں زیادہ سے زیادہ ادا کرنا چاہئے کیوں کہ ماہِ مبارک میں خیرات کرنے کا ثواب کہیں زیادہ حاصل ہوتا ہے۔ قرآن کریم کی تلاوت بھی ماہِ مبارک میں زیادہ سے زیادہ کرنی چاہئے کیوں کہ ماہِ مبارک میں ایک ایک حرف پر ستر ستر نیکیاں ملتی ہیں اور اجر وثواب اتنا بڑھا دیا جاتا ہے کہ بندے سے اجر وثواب سمیٹا نہیں جاتا۔

پیارے قارئین! ماہِ مبارک پھر دستک دے رہا ہے۔ اگر ہم اس ماہِ مبارک میں خود کو بدلنے کی ٹھان لیں تو اللہ کی رضا کے ہم حق دار بن سکتے ہیں اور اگر رمضان میں کی ہوئی ہماری عبادتیں مقبول ہوگئیں تو کیا بعید ہے کہ پوری زندگی سنور جائے اور ہم سچ مچ کے مسلمان بن جائیں اور ہمارا رب ہم سے راضی ہوجائے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

مختلف پھولوں

سربلندی

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''کیا میں تمہیں وہ بات نہ بتلاؤں جس سے اللہ تعالیٰ سربلندی عطا کرتا ہے اور درجات بلند فرماتا ہے۔

صحابہؓ نے عرض کیا۔''ضرور ارشاد فرمائیے''

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔'جو تمہارے ساتھ جہالت سے پیش آئے تم اس کے ساتھ بردباری کا رویہ اختیار کرو جو تم پر ظلم کرے تم اسے معاف کردو جس نے تمہیں محروم کیا، تم اسے عطا کردو اور جو تم سے رشتہ توڑ دے، تم اس سے جوڑلو اور صلہ رحمی کرو۔

خالق کائنات

☆ اللہ سے نزدیک ہونے کے لئے اللہ کے بندوں سے نزدیک ہوجاؤ۔(جبران)

☆ اس آدمی سے ہوشیار رہو جو یہ سمجھتا ہے کہ خدا صرف آسمان پر رہتا ہے۔(برنارڈ شاہ)

☆ تمام علماء اور اساتذہ یہ بات سمجھنے سے عاجز وقاصر ہیں کہ وجود کیوں کر ہوا اور یہ کیوں کر برابر ہوتا چلا جارہا ہے، ہمیں ایسے خالق حقیقی کا اقرار کرنا ہی پڑتا ہے جو ہمیشہ اور ہر وقت موجود ہے۔(مریاں)

☆ سکینڈ منٹوں میں، منٹ گھنٹوں میں، گھنٹے دنوں میں، دن ہفتوں میں ہفتے مہینوں میں، مہینے سالوں میں، سال صدیوں میں تبدیل ہورہے ہیں۔

☆ سورج اور چاند نکل رہے ہیں، ستارے جگمگ کررہے ہیں زمین پر پودے اُگ رہے ہیں، ہوا چل رہی ہے، درختوں کے پتے ہل رہے ہیں، پھول اور پھل نمودار ہورہے ہیں، شبنم گر رہی ہے، سمندر میں پانی بہہ رہا ہے، کوہِ آتش فشاں سے چنگاریاں نکل رہی ہیں، یہ انسان ایک مقام سے دوسرے مقام پر منتقل ہورہا ہے، اپنے جانور گھوم رہے ہیں، غرض ساری کائنات حرکت میں ہے اور حرکت تحریک اور طاقت کے تابع ہوتی ہے پر وہ کونسی تحریک، وہ کونسی طاقت ہے جس کی وجہ سے کائنات میں حرکت کی یہ رونق موجود ہے، دل سے بے اختیار جواب آتا ہے وہ محرم، وہ طاقتور، وہی اعلیٰ ذات ہے، جس کے وجود کے بارے میں آنکھیں رکھنے کے باوجود اندھے، کان رکھنے کے باوجود بہرے اور عقل رکھنے کے باوجود بے وقوف لوگ انکار کرتے ہیں اور ایمان، احساس اور بصیرت رکھنے والے اقرار۔

اقوال زرّیں

☆ جب تم احسان کی تلوار سے کسی کی انا کے سانپ کو زخمی کردو تو پھر لازم ہے کہ اس سے ہوشیار رہو۔

☆ آرام ایک ایسا لفظ ہے جسے بزرگوں نے کشمکش حیات کی تلخیوں سے بچنے کے لئے لغت کی زینت بنادیا ہے۔

☆ حادثات ایک کسوٹی ہے، جس پر انسان کی ہمت اور اہلیت کو پرکھا جاتا ہے۔

☆ وہ انسان جس کے ایک عرصہ سے دوستی چلی آرہی ہو، اسے ذراسی بات پر رنجیدہ کرنا مناسب نہیں۔

مہک دار باتیں

☆ شکایت کرنا چھوڑ دو دل کو سکون ملے گا۔

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

کی خوشبو

گل چیں

نازیہ مریم ہاشمی

☆ طنز کرنا چھوڑ دو روح کو قرار ملے گا۔

☆ حرص کرنا چھوڑ دو بے قراری سے نجات ملے گی۔

☆ دوسروں کا مذاق اڑانا چھوڑ دو اپنا ضمیر مطمئن رہے گا۔

سنہری باتیں

☆ کچھ نہ کچھ عیب سب میں ہوتے ہیں فرق صرف یہ ہے کے عقل مند اپنے عیب خود محسوس کر لیتا ہے، دنیا محسوس نہیں کرتی اور بے وقوف اپنے عیب خود محسوس نہیں کرتا، دنیا محسوس کر لیتی ہے۔

☆ تمہارا بہترین دوست وہ ہے جو تمہاری کوتاہیوں سے تمہیں آگاہ کرے۔

☆ خوش قسمتی ہر آدمی کا دروازہ کھٹکھٹا کر پوچھتی ہے کہ کیا سمجھداری گھر کے اندر موجود ہے۔

واہ واہ کیا بات ہے

☆ روزی وہ چیز ہے جو اس کو تلاش نہ بھی کرے پھر بھی اس کو پہنچ جاتی ہے۔

☆ دوسروں کے حالات ہمیں اور ہمارے حالات دوسروں کو اچھے معلوم ہوتے ہیں۔

☆ عقل منداپنے عیب خود دکھاتا ہے جب کہ بے وقوف کے عیب دنیا دیکھتی ہے۔

☆ ظالموں کے ساتھ خاموشی سے زندہ رہنا خود ایک جرم ہے۔

☆ طنز وہ تیر ہے جو سمندر میں بھی بھگو کر مارا جائے تو اس کی چبھن کم نہیں ہوگی۔

نیک صلاح

☆ پینا چاہتے ہو تو یاد الٰہی کا شربت پیو۔

☆ آنا چاہتے ہو تو غریبوں کی مدد کو آؤ۔

☆ بولنا چاہتے ہو تو حق بات بولو۔

☆ بچنا چاہتے ہو تو گناہوں سے بچو۔

☆ جانا چاہتے ہو تو حج کو جاؤ۔

☆ چھوڑنا چاہتے ہو بری عادتوں کو چھوڑو۔

☆ سننا چاہتے ہو تو دکھیوں کی پکار سنو۔

☆ حاصل کرنا چاہتے ہو تو علم حاصل کرو۔

☆ سیکھنا چاہتے ہو تو ادب وتہذیب سیکھو۔

☆ رونا چاہتے ہو تو اپنے گناہوں پر روؤ۔

عورت اور عزت

☆ جب عورت کو عزت نہ ملے تو وہ اپنی ذات کے خول میں بند ہو جاتی ہے اور مرد سمجھتا ہے کہ اس نے عورت کو تسخیر کر لیا ہے، عورت نے اس سے دب کر خاموشی اختیار کر لی ہے لیکن مرد یہ نہیں جانتا کہ یہ خاموشی اس کی ذات کی نفی کے لئے اختیار کی گئی ہے اور اس چپ کے پردے میں فقط چپ، بیزاری، بیگانگی اور مصلحت کے جذبے پوشیدہ ہوتے ہیں۔

مشعل راہ

محبت تو یہ ہے کہ کوئی احساس دلائے بنا آپ کے درد کو سمیٹ لے، آپ کی کمزوریوں کو ڈھانپ لے، اس میں نہ کوئی وعدے ہوں نہ انتظار، اس میں کچھ طلب کرنے کی نوبت نہ آئے وگرنہ محض رابطے میں

محمد شبیر قادری

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

رہنا گفتگو میں محبت کے بلند و بانگ دعوے کرنا زبان کا چسکا تو ہو سکتا ہے لیکن محبت نہیں۔

☆ اس سے پہلے کہ ہم سے سب کچھ چھن جائے ہمیں بہت کچھ چھوڑ دینا چاہئے۔

☆ انسان کو اپنے اندر جھانکنا آجائے تو وہ دوسروں کے احساسات کو سمجھنے کے قابل ہو جاتا ہے۔

☆ دنیا سے محبت کرنے والا دنیا کا غلام بن جاتا ہے اور اللہ سے محبت کرنے والے کی دنیا غلام بن جاتی ہے۔

☆ جس کے لئے اللہ کافی ہو جائے اسے کسی سہارے کی ضرورت نہیں رہتی۔

☆ وہ نیکی جس کا کوئی گواہ نہ ہو سب سے معتبر ہوتی ہے۔

☆ جب بھی گناہ کی طرف مائل ہونے لگو تو تین باتیں لازمی یاد رکھو، اللہ دیکھ رہا ہے، فرشتے لکھ رہے ہیں، موت ہر حال میں آنی ہے۔

☆ جو انسان یہ سمجھتا ہے کہ اللہ جو کرتا ہے وہ ہمارے لئے بہتر ہوتا ہے، وہ کمال کا ایمان رکھتا ہے۔

☆ دو گھونٹ اللہ کو بہت پسند ہیں، ایک غصہ کا، دوسرے صبر کا گھونٹ۔

☆ کھانے میں کوئی زہر گھول دے تو اس کا علاج ہے مگر کان میں کوئی زہر گھول دے تو اس کا علاج نہیں۔

☆ کسی کو ذلیل کرنے سے پہلے خود ذلیل ہونے کے لئے تیار ہیں، کیوں کہ اللہ تعالیٰ کا ترازو ہمیشہ انصاف تولتا ہے۔

☆ اللہ آپ کی منصوبہ بندی کو اس وقت توڑ دیتا ہے جب وہ دیکھتا ہے کہ آپ کی منصوبہ بندی آپ کو توڑنے والی ہے۔

☆ حساس لوگوں کو حساسیت اور سنگ دلوں کو ان کا غرور مار دیتا ہے۔

☆ اگر تو چاہتا ہے کہ تیری معاشرے میں عزت ہو تو ہر کسی سے مسکرا کے مل اور سب کی سن اور جتنا ہو سکے تو چاہتیں بانٹ۔

☆ اگر کسی نے تمہارے ساتھ نیکی کی ہو تو اس کا بدلہ دینے میں دیر مت کرو اور اگر کسی نے برائی کی ہو تو اس کا بدلہ لینے سے پرہیز کرو۔

☆ کچھ چیزیں، کچھ باتیں، کچھ راز صرف اللہ اور آپ کے درمیان ہی اچھے لگتے ہیں۔

☆ ہنسی مذاق کرنے اور کسی کی دل آزاری کرنے میں تھوڑا سا ہی فرق ہوتا ہے اور بہت سے لوگ اس چھوٹی سی لائن کو بہت جلدی کراس کر جاتے ہیں اور انہیں احساس تک نہیں ہوتا۔

شمعِ فروزاں

☆ خوبصورت لوگ لازمی نہیں کہ اچھے ہوں لیکن اچھے لوگ ہمیشہ خوبصورت ہوتے ہیں۔

☆ انسان پہاڑ سے گر کر کھڑا ہو سکتا ہے لیکن کسی کی نظروں سے گر کر پہلے والا مقام حاصل نہیں ہو سکتا۔

☆ شکست کھانا بری بات نہیں، شکست کھا کر ہمت ہار جانا بری بات ہے۔

☆ زبان انسان کے اچھی یا بری شخصیت کے راز کو اُگل دیتا ہے۔

☆ انسان کو بولنا سیکھنے میں دو سال لگتے ہیں لیکن کونسا لفظ کہاں بولنا ہے یہ سیکھنے میں ساری زندگی لگ جاتی ہے۔

☆ زندگی استاد سے زیادہ سخت ہوتی ہے کیوں کہ استاد سبق دے کر امتحان لیتا ہے اور زندگی امتحان لے کر سبق دیتی ہے۔

☆ کبھی بھی کسی کو نیچی نظر سے مت دیکھو کیوں کہ تمہاری جو حیثیت ہے یہ تمہاری قابلیت نہیں بلکہ اللہ کا تم پہ کرم ہے۔

☆ والدین کی طرف محبت کی نگاہ سے دیکھنا عبادت ہے۔

☆ باپ کی موجودگی سورج کی مانند ہوتی ہے، سورج گرم تو ضرور ہوتا ہے مگر سورج نہ ہو تو اندھیرا چھا جاتا ہے۔

☆ وقت سب کو ملتا ہے زندگی بدلنے کے لئے لیکن زندگی دوبارہ نہیں ملتی وقت بدلنے کے لئے۔

☆ اپنی زبان کی تیزی اس ماں پر مت چلاؤ جس نے تمہیں بنایا سکھایا۔

☆ دنیا میں سب سے کمزور وہ ہوتا ہے جو اپنی خواہشات پر قابو نہ رکھ سکتا ہو۔

☆ دل کے اندر اتنی جگہ پیدا کرو کہ تمہارے اس دل میں دوسروں کے راز سما جائے۔

محمد شبیر قادری

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

☆ سب کچھ کھونے کے بعد بھی اگر آپ کے اندر حوصلہ باقی ہے تو سمجھ لیجئے ابھی آپ نے کچھ نہیں کھویا۔

☆ دنیا میں وہی لوگ سربلند رہتے ہیں جو تکبر کے تاج کو دور پھینک دیتے ہیں۔

سنہری باتیں

☆ صبر ایمان سے ایسا ملا ہوا ہے جیسے جسم سے سر۔

☆ استاد کی عزت کرو، یہ وہ ہستی ہے جو تمہیں اندھیرے سے نکال کر روشنی کی راہ دکھلاتی ہے۔

☆ زیادہ نہ ہنسو، اس لئے کہ زیادہ ہنسنے سے دل مردہ ہوجاتا ہے۔

☆ سادگی ایمان کی علامت ہے۔

☆ سب سے بڑا دشمن انسان کا نفس ہے۔

دلچسپ حقائق

☆ آپ خواب میں صرف ان چہروں کو دیکھتے ہیں جنہیں آپ جانتے ہیں۔

☆ کی بورڈ کی آخری لائن میں موجود بٹنوں سے آپ انگلش کا کوئی لفظ نہیں لکھ سکتے۔

☆ انسانی دماغ ستر فیصد وقت پرانی یادوں میں یا مستقبل کی سنہری یادوں کے خاکہ بنانے میں گزارتا ہے۔

☆ کسی بھی بحث کے بعد پچاسی فیصد لوگ ان تلخیوں اور اپنے تیز جملوں کو سوچتے ہیں جو انہوں نے اس بحث میں کہے ہوتے ہیں۔

☆ پندرہ منٹ ہنسنا جسم کے لئے اتنا ہی مفید ہے جتنا کہ وہ گھنٹے سوتا ہے۔

☆ آپ اپنے آپ کو آئینے میں حقیقت سے پانچ گنا زیادہ حسین دیکھتے ہیں۔

☆ نوے فیصد لوگ اس وقت ڈر جاتے ہیں جب ان سے کہا جاتا ہے "کچھ پوچھوں آپ سے۔"

یاد رکھئے

☆ اپنے آپ پر اعتماد رکھنے والے فتح حاصل کرتے ہیں۔

☆ خدا سے مدد چاہتے ہو تو ثابت قدم رہو کیوں کہ خدا ثابت قدم لوگوں کے ساتھ ہے۔

منتخب اشعار

چہرے سجے سجے ہیں تو دل بجھے بجھے
ہر شخص میں تضاد ہے مقامات کی طرح

☆

اپنے تیور کو سنبھالو کہ کوئی یہ نہ کہے
دل بدلتے ہیں تو چہرے بھی بدل جاتے ہیں

☆

ہمارا تذکرہ چھوڑو ہم ایسے جن کو
نفرتیں کچھ نہیں کہتیں وفائیں ماردیتی ہیں

☆

اپنے بے نور چراغوں کو ضیا دی جائے
نہ کہ ہمسائے کی قندیل بجھادی جائے

☆

مصلحت یہ ہے کہ کچھ دوست بنائے رکھنا
دل ملے یا نہ ملے ہاتھ ملائے رکھنا

☆

زندگی جس کا بڑا نام سنا جاتا ہے
ایک کمزور سی ہچکی کے سوا کچھ بھی نہیں

دستک

☆ چار چیزیں جنت کی طرف لے جاتی ہیں۔

- اپنی مصیبت کو چھپانا۔
- والدین کے ساتھ نیکی۔
- چھپا کر صدقہ کرنا۔
- کثرت سے لا الٰہ الّا اللہ کا ذکر کرنا۔

☆ چار چیزیں زندگی میں کام آئیں گی۔

- غصہ کی حالت میں کوئی فیصلہ مت کرنا۔
- خوشی کی حالت میں کوئی وعدہ مت کرنا۔

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

ادارہ خدمت خلق دیوبند (حکومت سے منظور شدہ)

IDARA KHIDMAT-E-KHALQ (REGD.) DEOBAND

(دائرۂ کارکردگی، آل انڈیا)

گذشتہ ۳۵ برسوں سے بلاتفریق مذہب وملت رفاہی خدمات انجام دے رہا ہے

اغراض ومقاصد

جگہ جگہ اسکولوں اور ہسپتالوں کا قیام، گلی گلی نل لگانے کی اسکیم، غریبوں کے مکانوں کی مرمت، غریب بچوں کے اسکول فیس کی فراہمی، تعلیم وتربیت میں طلباء کی مدد، جولوگ کسی بھی طرح کی مصیبت کا شکار ہیں ان کی مکمل دستگیری، غریب لڑکیوں کی شادی کا بندوبست، ضرورت مندوں کے لئے چھوٹے چھوٹے روزگار کے لئے مالی امداد، مقدمات، آسمانی آفات اور فسادات سے متاثرین لوگوں کا ہر طرح کا تعاون، معذور اور عمر رسیدہ لوگوں کی حمایت واعانت۔ جو بچے ماں باپ کی غربت کی وجہ سے اپنی تعلیم جاری رکھنے میں پریشان ہوں ان کی مالی سرپرستی وغیرہ۔

دیوبند کی سرزمین پر ایک زچہ خانہ اور ایک بڑے ہسپتال کا منصوبہ بھی زیر غور ہے۔ فاطمہ صنعتی اسکول کے ذریعہ لڑکیوں کی تعلیم وتربیت کو مزید استحکام دینے کا پروگرام ہے۔ تعلیم بالغان کے ذریعہ عام لوگوں کو دینی ودنیاوی تعلیم سے بہرہ ور کرنے کے لئے ایک بڑے تعلیمی مرکز کی بنیاد ڈالنے کا ارادہ ہے اور ایک روحانی ہوسپٹل کا قیام زیر غور ہے۔ جس کی ابتدائی کوششیں شروع ہوچکی ہیں۔

ادارہ خدمت خلق اپنی نوعیت کا واحد ادارہ ہے جو ۳۵ سالوں سے خاموشی کے ساتھ بلاتفریق مذہب وملت اللہ کے بندوں کی بےلوث خدمات میں مصروف ہے۔ ملی ہمدردی اور بھائی چارے کو فروغ دینے کے واسطے سے اور حصولِ ثواب کے لئے اس ادارہ کی مدد کر کے انسانیت نوازی کا ثبوت دیں اور ثواب دارین حاصل کریں۔

ادارہ خدمت خلق اکاؤنٹ نمبر 019101001186 بینک ICICI (برانچ سہارنپور)

IFSC CODE N0. ICIC0000191

IDARA KHIDMAT-E- KHALQ ڈرافٹ اور چیک پر صرف یہ لکھیں۔

رقم اکاؤنٹ میں آن لائن بھی ڈالی جاسکتی ہے لیکن ڈالنے کے بعد بذریعہ ای میل اطلاع ضرور دیں تاکہ رسید جاری کی جاسکے۔

ہمارا ای میل نمبر idarakhidmatekhalq979@gmail.com آپ کی توجہ اور کرم فرمائی کا انتظار رہے گا۔

ویب سائٹ: www.ikkdeoband.in

اعلان کنندہ : (رجسٹرڈ کمیٹی) ادارہ خدمت خلق دیوبند

پن کوڈ 247554　فون نمبر 09897916786

https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

دوسری قسط

اسم اعظم

حسن الہاشمی

اسم اعظم شب قدر اور ساعت جمعہ یا خط تقدیر کے مثل پوشیدہ ہے کوئی قطعی کہہ نہیں سکتا کہ یہ اسم اعظم ہے، مگر محققین اور بزرگان دین نے اپنی تحقیق اور رائے کے مطابق بیان کیا ہے۔ اکثر عاملین کاملین وصالحین وزاہدین وعابدین بلکہ عامۃ المسلمین صدیوں سے اسم اعظم کی تلاش میں سرگرداں رہے ہیں۔ کتنی ہی کتابیں تصنیف کی گئیں اور اکثر لوگوں نے اس کی تلاش میں کتب تفاسیر واحادیث کے مطالعہ میں زندگیاں صرف کردیں، مگر کسی ایک نقطہ پر سب کی رائے مرکوز نہ ہوسکی۔ عوام تو عوام خواص اور عالم روحانیت بھی اس امر پر متفق نہ ہوسکے کہ یہی اسم اعظم ہے۔ لہٰذا ان ہی اقوال بزرگان دین کو یکجا کرتا ہوں تاکہ عوام وخواص مستفید ہوں اور ناچیز کے لئے بھی ذریعہ نجات ہو۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کے تمام اسماء ہی مقدس، محترم وعظیم ہیں صرف ذات باری کا نام اللہ اسم ذات ہے، اس کے علاوہ تمام اسماء صفاتی ہیں۔

خصوصاً حدیث شریف یہ ہے، جس کو حضرت سعد بن ابی وقاصؓ روایت کرتے ہیں کہ فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کیا میں تمہیں اللہ تعالیٰ کا وہ نام بتادوں کہ جب کوئی اس کے ذریعہ پکارے تو اللہ دعا قبول کرے اور جب اس سے سوال کیا جائے تو عطا کرے وہ دعا یہ ہے۔ جو حضرت یونس علیہ السلام نے تین تاریکیوں میں کی تھی۔

لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۝

ایک صحابیؓ نے عرض کیا۔ ''یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا یہ دعا خاص حضرت یونس علیہ السلام کے لئے تھی یا عام مسلمانوں کے لئے بھی ہے۔ آپ نے فرمایا کہ کیا تو نے اللہ تعالیٰ کا ارشاد نہ سنا۔

فَاسْتَجَبْنَا لَہٗ وَنَجَّیْنٰہُ مِنَ الْغَمِّ وَکَذٰلِکَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ۝

ترجمہ: پس ہم نے یونسؑ کی دعا قبول کی اور اسے غم سے نجات دی اور یونہی نجات دیں گے ہم ایمان والوں کو

(رواہ احمد وترمذی والنسائی والحاکم)

دوسری حدیث شریف میں فخر الانبیاء سید الکائنات احمد مجتبیٰ نے ایک شخص کو یہ کلمات پڑھتے سنا۔ اللھمّ انّی اَسْئَلُکَ بانی اشھد انک انت اللہ لاالٰہ الّا انتَ الاحد الصمد الذی لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفوًا احد۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ ''خدا کی قسم تو نے اللہ تعالیٰ کا وہ نام لے کر سوال کیا ہے کہ جب اس کے ذریعہ سوال کیا جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ عطا فرماتا ہے اور جب اس کے ذریعہ دعا کی جاتی ہے تو قبول فرماتا ہے۔'' (اس حدیث کی روایت احمد ابن ابی شیبہ، ابوداؤد وترمذی، نسائی اور ابن ماجہ، ابن حبان اور حاکم نے کی)

امام ابوالحسن علی مقدسی اور امام عبدالعظیم منذری اور امام ابن حجر عسقلانی وغیرہم ائمہ طاہرین علیہ السلام فرماتے ہیں کہ اس حدیث کے اسنادوں میں کسی قسم کے شک کی گنجائش نہیں ہے اور دربارہ اسم اعظم میں یہ سب احادیث سے جید اور صحیح ہے۔ ایک اور حدیث شریف میں آیا ہے کہ اسم اعظم ان دو آیتوں میں ہے۔ اِلٰھُکُمْ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ۝ الٓمّ اَللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ۝

اور بعض علماء صالحین یَابَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام کو اسم اعظم کہتے ہیں اور بعض اولیاء کرام نے یَااَللّٰہُ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ کو اسم اعظم بتایا ہے۔ حضرت زید بن صامتؓ کے فرمان کے مطابق اللھمّ انّی اَسْئَلُکَ بانَّ لَکَ الْحَمْدُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ وَحْدَکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ یَاحَنَّانُ یَامَنَّانُ یَا بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام یَا حَیُّ یَاقَیُّوْمُ یہ اسم اعظم ہے۔

حدیث شریف میں ہے کہ ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے یوں دعا کی۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَدْعُوْکَ اللّٰہَ وَاَدْعُوْ الرَّحْمٰنَ وَاَدْعُوْکَ البر الرَّحِیْم۔ وَاَدْعُوْکَ بِاَسْمَآءِ الْحُسْنٰی کُلِّھَا مَاعَلِمْتُ مِنْھَا وَمَالَھم اَعْلَمُ اَنْ تغفرلی وَارْحَمْنِیْ۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے صدیقہ ان کلمات میں اسم اعظم ہے۔

حضرت ابودرداء اور ابن عباسؓ فرماتے ہیں یارب یارب اسم اعظم ہے۔ بقول حضرت زین العابدین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ اَللّٰہُ اَللّٰہُ

FREE AMLIYAAT BOOKS .pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

اللّٰہُ لا الٰہ الاّ ھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْم. اسم اعظم ہے۔

حضرت ابوامامہ باہلی صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے شاگرد رشید قاسم بن عبدالرحمٰن شامیؒ ''اَلْحَیُّ الْقَیُّوْم'' کو اسم اعظم فرماتے ہیں۔ حضرت امام قاضی عیاضؒ نے بعض علماء سے نقل کیا ہے کہ اسم اعظم کلمہ توحید ہے۔

حضرت امام رازیؒ اور بعض دوسرے صوفیائے کرام کا اتفاق ہے کہ اسم اعظم کلمہ ''یَاھُو'' ہے۔ جمہور علماء فرماتے ہیں کہ ''اللہ'' اسم اعظم ہے۔

حضرت غوث الثقلین شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جب اسم ''اللہ'' پکارا جائے تو اس وقت تیرے دل میں بجائے اللہ تعالیٰ کے کچھ نہ ہو اور بعض صوفیائے کرام نے ''بسم اللہ شریف'' کو اسم اعظم بتایا ہے۔ حضرت قطب ربانی شیخ عبدالقادر جیلانیؒ سے منقول ہے کہ بسم اللہ زبان عارف سے ایسی ہے کہ جیسے لفظ ''کن'' کلام خالق سے۔ حضور پرنور مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ ان پانچ کلموں سے جو دعا کرے گا اور جو کچھ اللہ رب العزت سے مانگے گا اللہ جل شانہ عطا فرمائے گا وہ کلمے یہ ہیں۔ لاالٰہ الاّ اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ لاالٰہ الاّ اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْر. لاالٰہ الاّ اللّٰہُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلاَّ بِاللّٰہِ. بعض حضرات ''یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْن'' کو اسم اعظم کہتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ جب کوئی آدمی تین مرتبہ ''یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْن'' کہتا ہے تو فرشتہ پکارتا ہے کہ مانگ کیا مانگتا ہے؟ تیرے ارحم الراحمین نے تیری توبہ فرمائی ہے۔

حضرت سیدنا امام جعفر صادق علیہ السلام ''یَارَبَّنَا'' کو اسم اعظم فرماتے ہیں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو ''ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام'' کہتے سنا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مانگ تیری دعا قبول ہوئی۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور سرور کائنات سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جبرائیل علیہ السلام میرے پاس آئے اور عرض کیا کہ جب کوئی حاجت پیش آئے تو ان دعاؤں کو پڑھ کر دعائیں مانگیں حاجت بحکم خدا پوری ہوگی۔ یَابَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام یَاصَرِیْخَ الْمُسْتَصْرِخِیْنَ یَاغِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ یَاکَاشِفَ السُّوْءِ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ یَامُجِیْبُ دَعْوَۃَ الْمُضْطَرِّیْنَ یَااِلٰہَ الْعَالَمِیْنَ بِکَ اَنْزِلُ حَاجَتِیْ وَاَنْتَ تَعْلَمُ بِھَا فَاقْضِھَا. حضرت جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے اسم اعظم کی تحقیق میں ایک پوری کتاب لکھی ہے اور اس دعا جامع پر زیادہ زور دیا ہے اور بہت سے محققین کے اقوال اس دعا کے بارے میں پائے جاتے ہیں، وہ دعائے اسم اعظم یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم. اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَنَّ لَکَ الْحَمْدُ لَا اِلٰہَ اِلاَّ اَنْتَ یَاحَنَّانُ یَامَنَّانُ یَابَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام یَاخَیْرُ الْوَارِثِیْن یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْن یَاسَمِیْعَ الدُّعَاءِ یَااَللّٰہُ یَااَللّٰہُ یَااَللّٰہُ یَاعَالِمُ یَاسَمِیْعُ یَاعَلِیْمُ یَاحَلِیْمُ یَامَالِکُ الْمُلْکِ یَامَلِکُ یَاسَلَامُ یَاحَقُّ یَاقَدِیْمُ یَاقَائِمُ یَاغَنِیُّ یَامُحِیْطُ یَاحَکِیْمُ یَاعَلِیُّ یَاقَاھِرُ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ یَاسَرِیْعُ یَاکَرِیْمُ یَامُخْفِیْ یَامُعْطِیْ یَامَانِعُ یَامُحْیِیْ یَامُقْسِطُ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ یَااَحَدُ یَاصَمَدُ یَارَبُّ یَارَبُّ یَارَبُّ یَاوَھَّابُ یَاغَفَّارُ یَاقَرِیْبُ یَا لَا اِلٰہَ اِلاَّ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ اَنْتَ حَسْبِیْ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ وَاسْمُ اللّٰہِ تَعَالٰی الْاَعْظَمُ الَّذِیْ اِذَا سُئِلَ بِہٖ اَعْطٰی وَاِذَا دُعِیَ بِہٖ اَجَابَ. اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَنِّیْ اَشْھَدُ اَنَّکَ اَنْتَ اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلاَّ اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ. حضرت قطب ربانی غوث صمدانی شیخ عبدالقادر جیلانیؒ فرماتے ہیں کہ اسم اعظم یہ ہے۔ ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلاَّ ھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْم. ابوداؤد، ترمذی اور ابن ماجہؒ کی تحقیق یہ ہے کہ اسم اعظم ان سورتوں میں پوشیدہ ہے۔ سورۂ بقرہ، سورۂ آل عمران اور سورۂ طٰہٰ اور بعض محققین نے ''اَلْحَیُّ الْقَیُّوْم'' کو اسم اعظم قرار دیا ہے۔

باوجود ان تمام اختلاف رائے کے اکثر کی یہی رائے ہے کہ اسم اعظم ''اللہ'' ہے کیوں کہ یہ اسم ذاتی ہے اور جس قدر اقوال اور آیات اسم اعظم کے بارے میں آئے ہیں ان سب میں اسم ''اللہ'' موجود ہے ویسے بھی یہ ایک طولانی بحث ہے۔ اس لئے اس بحث میں پڑنا نہیں چاہتا کیوں کہ اس فقیر کے تجربہ میں ان چھ حروف ''ھ، و، ا، د، ی، ل'' میں ہی سب کچھ ہے۔ عجیب وغریب نظارے اور اس میں بے شمار راز ہیں جو کہ قدرت ہی بہتر جانتی ہے جو لذت اس میں ہے وہ تو شاید تجربہ کے بعد ہی سامنے آتی ہے لیکن اس کی راہ متعین کرنا عامل کی مرضی پر ہے اور یہی چھ حروف بے شمار تحقیق کے بعد ایسے ہیں جو کہ انتہائی سریع التاثیر ہیں اور ان میں ہی اسم اعظم پوشیدہ ہے۔ (باقی آئندہ)

FREE AMLIYAAT BOOKS ....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

مستقل عنوان

حسن الہاشمی فاضل دار العلوم دیو بند

روحانی ڈاک

ہر شخص خواہ وہ طلسماتی دنیا کا خریدار ہو یا نہ ہو ایک وقت میں تین سوالات کر سکتا ہے، سوال کرنے کے لئے طلسماتی دنیا کا خریدار ہونا ضروری نہیں۔ (ایڈیٹر)

شکایت ایک طالب علم کی

سوال از: محمد اکرم ـــــــــ ساہیوال (پاکستان)

جناب والا انتہائی ادب عجز وانکساری سے خیرات کے لئے گزارش ہے کہ نظر کرم شفقت فرمائیں، عملیات میں سے کچھ خیرات فقیر کو عنایت فرمائیں۔ چونکہ سیدنی است بخیل نیست۔ آپ کے علم عمل عملیات میں کمی نیست محروم نہ فرمائیں۔ اسی ذات کا امتی ہوں جس کے آپ، پس آپ نے تحفۃ العاملین کو ہدایت فرمائی، بندہ نے وہ خرید لی ہے۔ چار عدد تصویریں مکمل پتہ ارسال کر دیا مگر کوئی جواب نہیں آیا۔ نو ماہ گزر چکے ہیں اور فون پر بھی بار بار بندہ آپ کو تنگ کرتا رہتا ہے اس نمبر سے 03104452232 دفتر رابطہ کیا تو جواب میں کیا بندہ ۱۰۰ روپے انڈین ارسال کریں تو بندہ نے کہا پتہ لکھوا دو بھیج دوں گا۔ جب دوبارہ رابطہ کیا تو جواب ملا۔ ایں دفتر نیست ویب سائٹ کا کہا تو حضرت بدھ ساڑھے نو بجے کا ٹائم عنایت فرمایا مگر سارے دن فون پر رابطہ کرتا رہا حضرت مصروف تھے، کتابچہ کا حضرت نے فرمایا مگر دفتر والوں نے بھی نہیں بھیجا۔ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی رضا کے لئے خط کا جواب ویب سائٹ یا انٹرنیٹ جو بھی ہو اور کتابچہ عنایت فرمائیں، جس پتہ پر یہ پیسے ارسال کرنے ہیں وہ بھی عنایت فرمائیں، بندہ سے بھیج دوں گا حضرت واسطہ اس ذات مقدس کا جو تمام عالم کو تخلیق کرنے والی ہے، ضرور مہربانی فرمائیں، بندہ کو اپنے شاگردوں میں ضرور شمار فرمائیں، خواہش ہے کہ حضرت کا شاگرد بنوں۔

جواب

آپ کی انٹری شاگردی کے رجسٹر میں ہو چکی ہے اور آپ کو شاگردی کا کتابچہ بذریعہ ڈاک روانہ کر دیا گیا ہے۔ ہم امید کرتے ہیں کہ آپ اس کتابچہ کی تمام ریاضتیں نہایت پابندی کے ساتھ اور تمام شرائط وقیود کے ساتھ ادا کریں گے اور اس کتابچہ کی ترتیب کو بھی ملحوظ رکھیں گے، خوبی کی بات یہ ہے کہ ان تمام بنیادی ریاضتوں میں کسی بھی طرح کا کوئی پرہیز نہیں ہے، اگر پرہیز ہے تو صرف اتنا کہ طالب علم زبان سے متعلق جو گناہ ہوتے ہیں ان کو مطلقاً ترک کر دے، جیسے جھوٹ، غیبت، لعن طعن، گالی گلوچ اور فضول اور لایعنی باتیں، کوئی بھی طالب علم جب تک مذکورہ غلطیوں سے محفوظ نہیں رہتا تو اس کی زبان میں اثر بھی پیدا نہیں ہوتا۔ روحانی عملیات میں تمام تر کارنامے قلم اور زبان سے تعلق رکھتے ہیں اور ان دونوں میں اثر پیدا کرنے کے لئے ان دونوں چیزوں کا گناہوں سے محفوظ رکھنا ضروری ہے۔ اس کے علاوہ دوران ریاضت کوئی پرہیز نہیں ہے، وقت اور جگہ کی پابندی بنیادی شرائط میں داخل ہے کیوں کہ وقت اور جگہ کی پابندی سے روحانیت نازل ہوتی ہے اور ہر ریاضت کو قوی تر بنانے میں مدد کرتی ہے۔ جو طلبا وقت اور جگہ کی پابندی کا لحاظ نہیں رکھتے وہ روحانیت اور نورانیت سے محروم رہتے ہیں۔

روحانی عملیات میں سب سے زیادہ خطرناک چیز رجعت ہے۔ اگر کوئی شخص رجعت کا شکار ہو جاتا ہے تو وہ خطرے میں آجاتا ہے رجعت اگر محبت کی طرف ہو جائے تو انسان کے چاہنے والے اس سے نفرت کرنے لگتے ہیں اور آہستہ آہستہ اس کا حلقہ احباب سمٹ جاتا ہے اور رشتوں میں دراڑیں بھی

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

پڑجاتی ہیں۔ قرابت داریوں اور تعلقات سے متعلق ہر امید ٹوٹ جاتی ہے اور ہر خوش فہمی پامال ہو کر رہ جاتی ہے، رجعت اگر جسم پر پڑ جائے تو دل و دماغ قابو میں نہیں رہتا، یا تو انسان پاگل ہو جاتا ہے یا پھر دل کی کسی بڑی بیماری میں مبتلا ہو جاتا ہے لیکن جو لوگ نہایت پابندی کے ساتھ بنیادی ریاضتوں پر دھیان دیتے ہیں وہ کسی بنا پر روحانی عملیات میں ناکام تو ہو سکتے ہیں البتہ رجعت اور انقلاب عمل کا شکار نہیں ہوتے۔ اس لئے بطور خاص ہم آپ سے یہ گزارش کریں گے کہ آپ وہ بنیادی ریاضتیں جو شاگردی والے کتابچہ میں درج کی گئی ہیں ان کا اہتمام خلوص دل اور خلوص نیت کے ساتھ کریں، یہ روحانی عملیات کی خشت اول ہے۔ اگر یہ صحیح طریقہ سے رکھی گئی تو انشاء اللہ پوری عمارت ہر طرح کی ٹوٹ پھوٹ اور کمزوری سے محفوظ رہے گی اور اگر ایسا نہ ہوا تو آخر تک روحانی عملیات میں ایک طرح کی کمزوری اور ایک طرح کا ٹیڑھا پن باقی رہے گا۔ بقول شاعر ؎

خشت اول چوں نہد معمار کج
تا ثریا می رود دیوار کج

اگر کسی عمارت میں پہلی اینٹ تو ٹیڑھی رکھی گئی تو دیوار کتنی اونچی ہو جائے وہ ٹیڑھی ہی رہے گی، اس لئے دنیا کے تمام ہوش مند طلباء شروع ہی سے اپنی بنیادوں کو مضبوط کر کے چلتے ہیں، تب ہی جا کر وہ کامیابیوں اور کامرانیوں کے حق دار بنتے ہیں۔

کاموں کی زیادتی اور پھیلاؤ کی وجہ سے دفتر میں بہت سی بدنظمیاں پیدا ہو جاتی ہیں جو یقیناً مخلص کے خواہش مندوں اور طلب گاروں کے لئے باعث زحمت ثابت ہوتی ہیں لیکن جن کی طلب سچی اور لگن مخلصانہ ہو وہ ایک نہ ایک دن حصول مقصد میں کامیاب ہو جاتے ہیں اور جن کے جذبوں میں بچکانہ پن ہوتا ہے اور جن کی طلب میں استحکام و استقلال نہیں ہوتا وہ راہِ حق سے بھٹک جاتے ہیں۔ الحمد للہ آپ نے ابھی دفتر کی بے اعتنائی یا کسی بدنظمی کی وجہ سے ہتھیار نہیں ڈالے اور آپ کی طلب اور جستجو میں کوئی کمی پیدا نہیں ہوئی اور آج آپ کامیابی سے ہمکنار ہو رہے ہیں۔ آپ کو کتابچہ بھی روانہ کر دیا گیا ہے اور آپ کو شاگرد بھی بنا لیا گیا ہے اور آج ہم بذات خود آپ سے محو گفتگو ہیں۔ آپ نے صبر و ضبط سے کام لیا اور صبر و ضبط نے آپ کو سرخرو رکھا۔ ہم یقین رکھتے ہیں کہ آپ روحانی عملیات کے تمام اسباق کو اور تمام ریاضتوں کو صبر و ضبط کے ساتھ پورا کریں گے اور پھر انشاء اللہ ایک دن آپ اپنے مقصد میں کامیاب ہو جائیں گے۔ اگر آپ دوران ریاضت اِدھر اُدھر اپنا دھیان نہ بھٹکائیں اور جھاڑ پھونک وغیرہ سے دور رہیں تو آپ کے لئے بہتر ہوگا، کیوں کہ دوران ریاضت عملیات اور جھاڑ پھونک آپ کو رجعت سے دوچار کر سکتی ہے اور رجعت ہم بتا چکے ہیں اس لائن میں ایک تباہ کن حادثہ ہے جس کی فکر اور ڈر ہر عامل اور ہر طالب کو ہونا چاہئے۔

عام سوال

سوال از: (نام مخفی)

سورہ رحمٰن کی آیت يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّن نَّارٍ وَنُحَاسٌ فَلَا تَنتَصِرَانِ کی زکوٰۃ کا طریقہ بتائیں۔

دوسرا حزب البحر کیا ہے، اس کی زکوٰۃ کا طریقہ کیا ہے؟

برائے مہربانی تفصیل ارسال کر کے نوازش فرمائیں۔ آنحضرت کے وقت کو مدنظر رکھتے ہوئے سیدھے نقطہ پر آ گیا ہوں، معاف کرنا نام مخفی رکھیں۔

جواب

آپ نے نام مخفی رکھنے کی فرمائش کی جو سمجھ سے بالاتر ہے۔ اگر نام اس لئے مخفی رکھا جائے کہ خط میں کوئی پرائیویٹ بات لکھی ہو، یا اپنے گھر کے مسائل ہوں تو بات سمجھ میں آتی ہے یا پھر کوئی لڑکی خط لکھ رہی ہو اور چاہتی ہو کہ اس کے نام کی اشاعت نہ ہو، تو بات قرین عقل ہوتی ہے لیکن کسی مرد کا اپنے نام کو مخفی رکھنے کی فرمائش کرنا جرأت اور مردانگی کے خلاف ہے، تاہم آپ کی فرمائش کی وجہ سے ہم آپ کے نام کو شائع نہیں کر رہے ہیں۔

آپ نے اپنی صحیح تاریخ پیدائش نہیں لکھی ہے، اسکول سرٹیفکیٹ کے اعتبار سے جو تاریخ ہوئی ہے اس کا کوئی اعتبار نہیں ہوتا، آپ کے نام کا مفرد عدد ۴ ہے اس لئے آپ کے لئے ہر مہینہ کی ۴، ۱۳، ۲۲ اور ۳۱ تاریخیں مبارک ثابت ہوں گی۔ اپنے اہم کاموں کو ان ہی تاریخوں میں انجام دینے کی کوشش کریں، انشاء اللہ کامیابی سے ہمکنار ہوں گے۔

قرآن حکیم کی کسی بھی آیت کی زکوٰۃ نکالنے کا طریقہ یہ ہے کہ

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

آیت کو بہ نیت زکوٰۃ ۳۱۲۵ مرتبہ روزانہ ۴۰ دن تک پڑھیں، ۴۰ دنوں میں کل تعداد سوالاکھ ہوگی اور انشاءاللہ زکوٰۃ ادا ہو جائے گی، روزانہ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف بھی پڑھنا چاہئے۔

حزب البحر کی زکوٰۃ ماہ صفر میں ادا کی جاتی ہے، ایسی کتاب کا مطالعہ کریں جس میں حزب البحر موجود ہو، ہر کتاب میں زکوٰۃ کا طریقہ درج ہوتا ہے، ہماری ترتیب دی ہوئی حزب البحر میں بھی زکوٰۃ ادا کرنے کا طریقہ درج ہے۔ کسی بھی کتب خانہ سے یہ کتاب حاصل کرلیں اور ماہِ صفر میں زکوٰۃ ادا کریں۔ یہ بات بھی یاد رکھیں کہ قرآن حکیم کی کسی بھی آیت کی زکوٰۃ نکالنے کا جب آپ ارادہ کریں تو شروعات عروج ماہ سے کریں اور کلنڈر میں یہ دیکھ لیں کہ جس دن آپ شروع کررہے ہیں اس دن چاند برج عقرب میں تو نہیں ہے۔

درمیان زکوٰۃ میں اگر چاند برج عقرب میں ہو تو کوئی حرج نہیں ہے لیکن عمل شروع کرتے وقت چاند برج عقرب میں نہیں ہونا چاہئے۔ روحانی عملیات کا اصول یہی ہے، باقی اس دنیا میں ہوتا وہی ہے جو اللہ چاہے اس کے سامنے ہر قاعدہ اور ہر کلیہ ہیچ ہے لیکن ہمیں اسباب اور شرائط وقواعد کا پابند ہو کر ہی کوئی اقدام کرنا چاہئے اسی میں بھلائی مضمر ہوتی ہے۔

طالب علمانہ سوالات

سوال از: عابد علی ـــــــــــ کلکتہ

میں عابد علی ٹی نمبر 15/1265 کلکتہ سے لکھ رہا ہوں، سچ جانئے میں آپ کو خط وخطوط کے ذریعہ آپ کا بے حد قیمتی وقت بالکل ضائع کرنا نہیں چاہتا پر بہت ضروری ہے میرے لئے آپ کو لکھ رہا ہوں۔ اس سے پہلے قریباً چار ماہ قبل بھی خط لکھا تھا تو جواب نہیں ملا، اس لئے پھر سے کوشش کررہا ہوں، بس میرے کچھ سوالات کے جواب سے مجھے مدد فرمائیں، وہ مندرجہ ذیل ہیں۔

(۱) مثلث اور مربع کے نقوش، مقصد کے حساب سے دینے چاہئیں یا سر اسم کے عنصر کے مطابق؟ اگر نام کے عنصر کے مطابق تو نام کے اعداد کے مجموعہ کے مطابق عنصر معلوم کریں یا سر اسم کے حرف کا عنصر کے مطابق؟

(۲) مثلث اور مربع کے خانوں کی تاثیر مختلف ہوتی ہے۔ اگر آتشی مثلث لکھنے ہیں تو آتشی چال کے مطابق اعداد کو ان کی قیمت کے لحاظ سے بالترتیب پُر کریں گے یا مقصد کے مطابق پہلا خانہ پُر کریں گے۔

(۳) اگر سر اسم کا عنصر اور اسمائے الٰہی کے عنصر ہم مزاج نہ ہوں تو قوی کیسے بنائیں، نقش کو۔

(۴) تعویذ اور عمل میں اثر لانے کے لئے کہیں ساعت، کہیں، دن، کہیں نظرات، کہیں مہینہ، کہیں برج، کہیں کواکب، کہیں طالع کے مطابق کرنے کا ذکر ہے تو سب سے ضروری کس کو مدنظر رکھ کر عمل کریں کہ مکمل تاثیر پیدا ہو۔

(۵) دنوں کے مؤکلات کی عزیمت کو کیسے کام میں لایا جاتا ہے؟

(۶) چالیس بہ لحاظ ترتیب خانہ اور نقوش بہ لحاظ چالیس میں کیا فرق ہے؟

(۷) درجہ، طالع، نظرات، کواکب، اور بروج میں تفصیل چاہئے کہ عمل باا‌ثر کرسکیں اور تقویم سے ملا سکیں۔

(۸) حٰمٓعٓسٓقٓ، الٓمٓ کی جس پر نظر کرکے ۵۰۰۰ بار پڑھنا ہے وہ تختی چاہئے۔

(۹) تمام بخور کہیں ملیں گے؟

حضرت مجھے مندرجہ ذیل کچھ خاص عملیات کی اجازت چاہئے تھی۔ برائے کرم ہمیں اجازت دیں تو بڑی مہربانی ہوگی، دعا میں یاد رکھیں میں اجازت چاہتا ہوں۔

(۱) آیت قطب، حصار قطبی، دعائے برہتیہ، حزب البحر، چہل کاف، نادعلی، عہد نامہ، نامہ مبارک حضور صلی اللہ علیہ وسلم، صلوٰۃ الغوثیہ، سلام کواکب، دیوان علی۔

(۲) درود وسلام نمبر میں درج ہر درود شریف۔

(۳) تمام اسماء الٰہی۔

(۴) عامل کامل (کاش البرنی) کے صفحہ ۵۶ میں جو استخارہ مجرب ہے اس کی اجازت۔

(۵) عامل کامل (کاش البرنی) کے صفحہ ۱۲۴ میں جو بسم اللہ شریف کی دعوت کی اجازت۔

مختصراً پوری کتاب عامل کامل، ردسحر (تینوں جلد) آسیبی توتوں

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

سے نجات، تحفۃ العالمین، کشکول عملیات، ہر نمبر، رموز الجفر، مصباح الارواح، قواعد عملیات، عکس لوح، اعظمی، فیضان القرآن، فیضان الحروف اور شمع شبستان رضا کی اجازت چاہئے۔

جواب

مثلث اور مربع کے نقوش مقصد کے اعتبار سے لکھنے چاہئیں، نام کے پہلے حرف کے حساب سے نہیں، البتہ نقوش میں اگر آپ طالب کے عنصر کو پیش نظر رکھیں تو افضل ہے۔ مثلاً اگر طالب کا عنصر آتشی ہو تو نقش آتشی چال سے لکھنا چاہئے اور اگر طالب کا عنصر بادی ہو تو نقش بادی چال سے لکھنا بہتر ہے اور آپ یہ بات ذہن نشین رکھیں کہ تمام چالوں میں آتشی چال سب سے زیادہ قوی ہوتی ہے اس لئے اکثر عاملین زیادہ تر آتشی چال ہی سے نقوش مرتب کرتے ہیں۔

یہ بات بھی آپ اپنے پلے سے باندھ لیں کہ روحانی عملیات کی لائن ایک ایسا سمندر ہے کہ جس کا کوئی کنارہ نہیں ہے، اس سمندر میں اتنے مدوجزر ہیں اور اس میں اتنے بھنور ہیں کہ بس اللہ کی پناہ۔ ان سب کی اگر گہرائیوں میں آپ جائیں گے تو بہت مشکل ہوگی، یوں بھی ہر انسان کی زندگی بہت مختصر ہے اور چونکہ اب وقت میں برکت ہی نہیں رہی اس لئے سال مہینے کے برابر اور مہینہ عشرے کے برابر لگتا ہے۔ اس کے علاوہ انسان اپنے ذاتی مسائل میں اس قدر مصروف ہوگیا ہے کہ واقعتاً اس کو سر کھجانے کی فرصت نہیں ہے، ایسی صورت حال میں نقوش اور عملیات میں آسان طریقوں کو ترجیح دینی چاہئے اور پیچیدگیوں سے خود کو بچانا چاہئے۔

کسی بھی نقش کو اگر کسی عامل یا کسی صاحب کتاب نے کسی خاص طریقہ سے مرتب کرنے کی تاکید کی ہو تو اس کا لحاظ رکھنا چاہئے، ورنہ عناصر کے اعتبار سے نقوش مرتب کرنا کافی ہے اور نقش اللہ کے فضل وکرم سے مؤثر ثابت ہوتا ہے۔

کسی بھی نقش اور عمل کے لئے مثبت مہینہ کو فوقیت دینی چاہئے اس کے بعد کوشش کرنی چاہئے کہ عمل کی شروعات عروج ماہ میں ہو، اگر نقش محبت کا لکھنا ہے تو نوچندی جمعہ کو ترجیح دیں۔ اگر نقش مال و دولت سے متعلق ہے تو نوچندی جمعرات کو ترجیح دیں، اگر نقش تسخیر اور مقبولیت کے لئے ہے تو نوچندی اتوار کو فوقیت دیں وغیرہ۔

اگر اس کا اہتمام کسی وجہ سے ممکن نہ ہو تو پھر عروج ماہ پر قناعت کریں، نوچندی جمعرات وہ کہلاتی ہے جو چاند کی ۳ تاریخ یا اس کے بعد پڑے اسی طرح نوچندی جمعہ یا اتوار بھی وہی کہلاتا ہے جو چاند کی ۳ تاریخ یا اس کے بعد آئے۔

عروج چاند کی پہلی تاریخ سے ۱۴ تاریخ تک کا عرصہ ہے اس کے بعد ۱۵ سے ۲۸ تاریخ کا عرصہ زوال ماہ کہلاتا ہے۔

بعض عاملین نے یہ بھی فرمایا ہے کہ چڑھتے چاند کے ساتھ ساتھ نقش لکھتے وقت اگر چڑھتے سورج کا بھی خیال رکھیں تو بہتر ہے، طلوع آفتاب کے بعد زوال تک سورج چڑھتا ہے اور زوال کے بعد وہ گھٹنا شروع ہوتا ہے۔

رات کو جو عمل کئے جاتے ہیں ان کا افضل ترین وقت عشاء کے دو گھنٹے بعد کا ہے، علم نجوم کے اعتبار سے ہم جس کے لئے نقش لکھ رہے ہیں ہمیں اس کا برج معلوم کرنا چاہئے، برج تاریخ پیدائش سے ہی برآمد ہوتا ہے۔ اگر کسی کا برج اسد ہے تو اس کا ستارہ شمس ہوگا، جس کا برج اسد ہو اور اس کا ستارہ شمس ہو تو اس کے لئے اگر نقش ساعت شمس میں مرتب کیا جائے تو نقش کے نتائج جلد برآمد ہوتے ہیں، پھر دیکھنا یہ بھی چاہئے کہ شمس ستارے کے دوست کونسے ستارے ہیں، آپ تحقیق کریں گے تو آپ کو معلوم ہوجائے گا کہ زہرہ وزحل کے علاوہ تمام ستارے شمس کے موافق ستارے ہیں لیکن ستارہ شمس کا سب سے قریبی دوست قمر مریخ اور مشتری ہیں، اگر کسی وقت شمس اور قمر کی تثلیث یا تسدیس ہو یا ان کا قران ہو اسی طرح اگر کسی وقت شمس ومریخ کی تسدیس وتثلیث یا ان کا قران ہو یا شمس ومشتری کی تثلیث یا تسدیس یا دونوں کا قران ہو تو یہ وقت اس شخص کے لئے سعید ترین وقت ہے جس کا ستارہ شمس ہے۔ ان باتوں کا لحاظ رکھنا روحانی طور پر دائرہ اسباب میں آتا ہے اور اسباب کا لحاظ رکھ کر کام کرنا عین سنت رسولؐ ہے۔ اس لئے عامل ان تمام باتوں کو اگر ملحوظ رکھے تو کوئی خلاف شرع بات نہیں ہوگی اور انشاءاللہ اسباب کا لحاظ رکھنے سے نتائج جلد برآمد ہوں گے۔

عزیمتیں اور بخورات کی بھی ایک حقیقت ہے ان کو بھی پیش نظر رکھنا ضروری ہے۔ دنوں کی بخورات اور ساعتوں کی بخورات الگ الگ ہیں جس ستارے میں کام کرنا ہو اسی کی بخورات کو بوقت عمل روشن کرنا

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

چاہئے۔ عاملین نے عزیمت بھی نشاندہی کر دی ہے۔ اگر عمل کے بعد عزیمت یا قسم تحریر کر دی جائے یا پڑھ کر عمل کو ختم کیا جائے تو اس کے نتائج عامل کی مرضی کے مطابق برآمد ہوتے ہیں، انشاء اللہ ہاشمی روحانی مرکز عنقریب تمام ستاروں کی بخورات تیار کرا رہا ہے تاکہ عاملین اس سے استفادہ کر سکیں۔

حمعسق اور کھیعص کی تختی چاندی کی کسی سنار سے آپ کو خود تیار کرانی چاہئے پھر اس سے مذکورہ حروف مقطعات کندہ کرا کے ان پر پانچ ہزار یا کم و بیش پڑھ کر دم کر دینا چاہئے۔ مذکورہ تفصیل کے علاوہ بھی بے شمار اور جزویات ہیں جن کو اگر عامل ملحوظ رکھے تو تاثیر یقینی بن جاتی ہے اور نتائج جلد از جلد سامنے آجاتے ہیں۔

لیکن ہم سب کو یہ حقیقت بھی حرز جان رکھنی چاہئے کہ تمام تر اسباب تمام تر قواعد اور تمام تر شرائط کو اختیار کر کے بھی کام اسی وقت ہوتا ہے۔ جب اللہ کی مرضی ہو، اللہ کی مرضی کے بغیر زہر بھی اپنا اثر نہیں دکھاتا اور تریاق بھی اپنا کام نہیں کرتا۔

روحانی عملیات میں تمام شقیں اور تمام جزویات اسباب کی حیثیت رکھتے ہیں، ان کو نظر انداز کرنا درست نہیں ہے لیکن ان کا اہتمام کر کے یہ دعویٰ کرنا کہ بس اب کام ہو کر رہے گا غلط ہے۔ دنیا کے کسی بھی معاملہ میں تمام تر اسباب اختیار کر کے بھی بات جب ہی بنے گی جب اللہ کا حکم ہوگا اور اس کی مرضی شامل حال ہوگی۔ دوا کام کرتی ہے ان کے حکم سے اور تعویذ میں اثر پیدا ہوتا ہے ان کی مرضی سے، ہر معاملہ میں ہر صورت میں، ہر حال میں یہ مقولہ ذہن نشین رکھئے مرضی مولیٰ از ہمہ اولیٰ

آپ نے اپنے خط کے آخر میں کچھ عملیات اور کچھ کتابوں اور نمبروں کی اجازت مانگی ہے اگر آپ کا شاگردی والے کتابچے کا نصاب پورا ہو گیا ہے تو ہماری طرف سے ان کتابوں کی اور نمبرات وغیرہ کے عملیات کی اجازت ہے، لیکن اگر آپ کی بنیادی ریاضتیں ابھی پوری نہیں ہوئی ہیں اور غالباً ابھی تک پوری نہیں ہوئی ہیں تو آپ کے لئے ان کتابوں اور نمبرات میں گھسنا آپ کے لئے غلط ہوگا اور اس سے روحانی نقصانات کا اندیشہ رہے گا۔

آپ نے جن کتابوں کے نام لکھے ہیں یہ کتابیں عاملین کے استفادے کے لئے ہیں لیکن چونکہ ابھی عامل نہیں بنے ہیں ابھی آپ کو استاد کی طرف سے کوئی سند حاصل نہیں ہوئی ہے تو آپ ان عملیات کو اس وقت تک کر سکنے کے اہل نہیں ہیں جب تک آپ اپنی نوک پلک درست نہ کر لیں۔

بنیادی ریاضتوں کی تکمیل کرنے کے بعد سب سے پہلے آپ تحفۃ العاملین کا مطالعہ کریں، اس کے بعد روحانی عملیات کی دیگر کتابوں کی ورق گردانی کریں۔ اگر آپ ایک دم آسمان پر اڑنے کی کوشش کریں گے تو آپ کو نقصان ہوگا اور آسمان پر اڑنے کا شوق آپ کے لئے وبال جان بن جائے گا۔ آپ دھیمی رفتار سے چلئے، مسلسل چلتے چلتے رہئے، جذبات کی رو میں مت بہئے، ہوش و حواس برقرار رکھئے، اعتدال کو ملحوظ رکھئے انشاء اللہ آپ سلامتی کے ساتھ ایک دن اپنی منزل تک پہنچ جائیں گے۔ اگر ایک دم بھاگیں گے تو گرنے کا بھی اندیشہ رہے گا اور کسی حادثہ کا بھی آپ شکار ہو سکتے ہیں۔ روحانی عملیات میں رجعت ایک حادثہ ہوتی ہے اور عمل کا منقلب ہو جانا ایک طرح کا ایکسیڈنٹ اور ایکسیڈنٹ کسی بھی طرح کا ہو اس سے انسان کا جانی مالی نقصان ہوتا ہے۔

ناکامیاں ہی ناکامیاں

سوال از: غفران القدر ——— گورکھپوری

اللہ آپ کو عمر میں ساتھ صحت یابی برکتیں عطا فرمائے اور اس رسالہ کو پوری دنیا کے لئے ہدایت کا ذریعہ بنائے۔

حضرت میرا نام غفران القدر، والدہ مرحومہ فخر النساء۔ ہماری تاریخ پیدائش ۲۴/ستمبر ۱۹۶۰۔ انگریزی میں تاریخ ۱۹۶۰ء۔۹۔۲۴۔۱۱ بج کر ۴۵ منٹ ہے۔ میری شادی ۲۵/جون ۲۰۰۰ء ہوئی، بیوی کا نام فرزانہ ہے اور تین بچوں کا باپ بھی ہوں۔

حضرت جب سے میں نے ہوش سنبھالا ہے قرض دار ہی رہا ہوں جو بھی کاروبار کیا فیل ہوگی، پڑھنے کے بعد نوکری بھی نہیں ملی جس وجہ سے معاشی پریشانیوں کا شکر ہوتا رہا۔ ہماری پریشانی کو دیکھتے ہوئے حالات سدھرنے کا باعث بنیں مجھے ایسا نسخہ یا وظیفہ بتائیں جس سے میں اپنی زندگی خوش خرم گزار سکوں اور کاروبار بھی تجویز کر کے بتائیں تاکہ کاروبار میں ترقی ہو، میرے نام کا عدد کیا ہے، برج کونسا ہے، ستارہ کونسا ہے، میرے نام کے حساب سے کونسا وظیفہ ورد کروں کہ میری تنگی

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

معاشی دور ہو، فی الحال میں بے روزگار ہوں، کافی تنگ دست ہوں اور میرا اسم اعظم کیا ہے، میرے نام کے حساب ورد وظیفہ بتادیں جس بنا پر بیروزگاری سے نجات مل سکے۔ ذرّہ نوازش ہوگی۔

میرا جواب طلسماتی دنیا کے قریبی شمارے میں عنایت فرمائے۔ عین نوازش ہوگی، کیوں کہ میں معاشی وتمام قسم کی مشکلات میں مبتلا ہوں۔

جواب

یاد پڑتا ہے کہ اس سے پہلے بھی ہم آپ کی رہنمائی کرچکے ہیں۔ آپ کا خط ملا، اسی لئے ایک بار پھر آپ کی رہنمائی کی جارہی ہے لیکن کسی بھی سلسلہ میں رہنمائی کا فائدہ اسی وقت ہے جب وہ شخص کہ جس کی رہنمائی کی جارہی ہے سنجیدگی کے ساتھ اُس رہنمائی میں دلچسپی لے اور ایک ایک جزو پر عمل کرنے کی ٹھان لے عمل ہی سب کچھ ہے اور عمل ہی انسان کو کسی صحیح منزل تک پہنچاتا ہے۔ آپ نے سنا ہوگا کہ عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی جہنم بھی، یہ خاکی اپنی فطرت میں نہ نوری ہے نہ ناری ہے۔

ماں کے پیٹ سے کوئی نہ جنت کا حق دار پیدا ہوتا ہے اور نہ ہی ماں کے پیٹ سے کوئی جہنم کے قابل ٹھہرتا ہے، دنیا میں آنے کے بعد اپنے کرتوت یا اپنے کارناموں کی وجہ سے انسان سزا اور جزا کا مستحق قرار پاتا ہے، بالکل اسی طرح اس دنیا میں بھی جدوجہد ہی کی وجہ سے انسان کسی قابل بنتا ہے یا پھر کچھ نہ کرنے کی وجہ سے ٹھیکروں اور ٹھوکروں کا حق دار بنتا ہے، یہ دنیا اسباب کے تحت بنائی گئی ہے۔ صحیح طریقہ سے اسباب اختیار کرکے صحیح طریقہ سے جدوجہد کرنا ہی انسان کو کامیابیوں کی منزل تک پہنچاتا ہے اور دنیا کے تجربات یہ بتاتے ہیں کہ اللہ کا فضل وکرم بھی ان ہی لوگوں پر ہوتا ہے جو اللہ کے بنائے ہوئے اسباب کے پابند ہوکر جدوجہد کرتے ہیں اور اللہ پر بھروسہ کرکے اپنی کوششوں کو جاری رکھتے ہیں، اس میں بھی کوئی شک نہیں کہ بعض لوگ تمام تر کوششوں کے باوجود بھی ناکام ونامراد ہی رہتے ہیں لیکن اس کی بھی کوئی نہ کوئی وجہ ضرور ہوتی ہے، کبھی تو انسان صحیح اوقات اپنی کوشش کا آغاز نہیں کرتا، کبھی یہ ہوتا ہے کہ انسان کسی کرنی کرتوت کا شکار ہوتا ہے اس لئے ہر قدم پر اس کو ناکامیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور کبھی یہ ہوتا ہے کہ انسان کی تقدیر کے ستارے الٹی چال سے چل رہے ہوتے ہیں جب تک وہ مستقیم چال پر نہیں آجاتے انسان کو اپنی کوششوں میں صرف ناکامیاں ہی ہاتھ لگتی ہے وہ سونے پر بھی ہاتھ ڈالتا ہے تو وہ سونا بھی مٹی بن جاتا ہے۔ ایسی بری صورت حال کے باوجود بھی ہمارے مذہب اسلام نے ہمیں مایوسی سے روکا ہے اور یہ کہا ہے کہ مایوسی کفر ہے اور کفر کی راہ اختیار کرنا مسلمان کی شان نہیں ہے۔ مسلمان تو اسے کہتے ہیں کہ جو برے سے برے حالات میں بھی اللہ سے امید قائم رکھے اور نتیجہ خیز نہ ہونے کے باوجود بھی اپنی جدوجہد کو جاری رکھے اور یہ بات ذہن نشین رکھے کہ جس طرح رات کے بعد سحر، خزاں کے بعد بہار، غم کے بعد خوشی کا آنا یقینی ہے اسی طرح مشکلوں کے بعد آسانیوں اور راحتوں کا زمانہ آنا بھی یقینی ہے۔ اس دنیا کا نظام کبھی ایک جگہ نہیں رکتا۔ یہ تو رواں دواں ہی رہتا ہے، کبھی غم کبھی خوشی، کبھی مشکل کبھی آسانی، کبھی کلفت، کبھی راحت، کبھی رونا، کبھی ہنسنا، کبھی شہنائی، کبھی ماتم، کبھی دکھ، کبھی سکھ اسی کا نام دنیا ہے۔ نظام قدرت کسی ایک جگہ نہیں رک جاتا، خوشیاں آتی ہیں تو وہ بھی عارضی ہوتی ہیں، رنج والم بھی وقتی طور پر ڈیرہ ڈالتے ہیں، کسی بھی چیز کو اس دنیا میں دوام نصیب نہیں ہے، ہمیشہ کوئی چیز باقی نہیں رہتی ہمیشہ باقی رہنے والی ذات صرف حق تعالیٰ کی ہے۔ قرآن کہتا ہے۔ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ إِلَّا وَجْهَهُ. اللہ کی ذات گرامی کے سوا ہر چیز ہلاک ہونے والی ہے، آپ کو بھی یہ یقین رکھنا چاہئے کہ آپ کی مشکلیں بھی ایک دن آسانی میں بدل جائیں گی، آپ کی تقدیر کے اُفق پر بدنصیبی کے جو سیاہ بادل چھائے ہوئے ہیں ایک دن وہ بھی چھٹ جائیں گے اور خوشیوں اور مسرتوں کا آفتاب آپ کی زندگی میں ضرور طلوع ہوگا اور آپ کو دولتوں اور راحتوں سے ضرور ہمکنار کرے گا۔

آپ کے نام کا مفرد عدد ۲ ہے اور آپ کا کلی عدد ۸ ہے، ۸ عدد کی چیزیں آپ کو بطور خاص راس آئیں گی اور ۸ عدد کی شخصیتیں بھی آپ کے لئے راحت کا ذریعہ بنیں گی، ہر مہینہ کی ۲، ۱۱، ۲۰ تاریخیں آپ کے لئے مبارک ہیں اپنے اہم کاموں کی شروعات ان ہی تاریخوں سے کیا کریں، انشاء اللہ کامیابیاں آپ کا مقدر بنیں گی اور ناکامیوں سے آپ محفوظ رہیں گے۔

آپ کا برج میزان ہے، آپ کا ستارہ زہرہ ہے، زہرہ ہی آپ کی تقدیر کا ستارہ ہے اس لئے جمعہ کے دن آپ کے لئے اہم ہے۔ اپنے اہم

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

کاموں کو جمعہ کے دن کیا کریں، ورنہ پھر بدھ یا سنیچر کو کریں، اتوار اور پیر کے دن اپنے اہم کاموں کو شروع کرنے کی غلطی نہ کریں، آپ کی راشی کے پتھر پنا اور اوپل ہیں، یہ دونوں پتھر آپ کی زندگی میں سنہرا انقلاب لاسکتے ہیں، پنا ذرا مہنگا ہے لیکن اوپل دو ہزار روپے تک دستیاب ہوسکتا ہے۔ ۴ کیرٹ کا اوپل ساڑھے چار ماشہ کی انگوٹھی میں جڑوا کر سیدھے بازو کی شہادت کی انگلی میں پہن لیں اور یقین رکھیں کہ یہ پتھر باذن اللہ آپ کے لئے راحت رساں ثابت ہوگا اور آپ کو نت نئی آفتوں سے محفوظ رکھے گا۔

جن کے نام کا مفرد عدد ۲ ہوتا ہے ان کے لئے یہ وظیفہ مؤثر ثابت ہوتا ہے۔ اَلَیسَ اللّٰہُ بِکَافٍ عَبْدَہ گیارہ سو مرتبہ عشاء کے بعد پڑھنے کا معمول بنائیں، معمول یہ رکھیں کہ ہر قمری مہینہ کی پہلی تاریخ سے گیارہ تاریخ تک روزانہ گیارہ سو مرتبہ مذکورہ آیت پڑھیں، اول وآخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں، انشاء اللہ ۱۱ ماہ پورے نہیں ہوں گے کہ گھر میں خوشیوں کی بوچھار شروع ہوگی اور پھر اللہ کے فضل وکرم سے موسلا دھار بارش کی طرح خوشیاں برسنے لگیں گی۔ ہمارا تجربہ ہے کہ اللہ کے یہاں دیر ہے اندھیر بالکل نہیں ہے اور اگر خوشیاں اور راحتیں آنے میں کچھ دیر لگ رہی ہے تو یقین رکھئے کہ اس میں خود ہماری کوئی کوتاہی ہے، مانگنے کے طریقہ سے اگر کوئی بندہ مانگے تو در کریم سے بندے کو کیا نہیں ملتا، وہ بے شک غفور رحیم ہے اور وہ بے شک دکھی دلوں کی فریاد سنتا ہے شرط یہ ہے کہ ہم اپنی فریاد کو صحیح طریقہ سے اس کے دربار میں پہنچادیں۔

مغرب کے بعد آپ ''یاغفور'' دو سو مرتبہ پڑھا کریں اور اس کے بعد ۲۱ مرتبہ اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ. روزانہ اس دعا کو پڑھتے وقت اپنی داڑھی یا سر کے بالوں میں کنگھی کیا کریں، انشاء اللہ اس عمل کو زیادہ وقت نہیں گزرے گا کہ آپ کا کل قرض ادا ہوگا اور قرض کی ادائیگی کے لئے غیب سے اسباب پیدا ہوں گے۔ آپ کا اسم اعظم ''یاواسع'' ہے۔ اگر اس کو بھی کوئی ایک وقت مقرر کر کے روزانہ ۱۳۷ مرتبہ پڑھ لیا کریں تو آپ کے لئے بہت مفید ثابت ہوگا۔

ہر مہینہ کی ۲۳ اور ۲۸ تاریخیں آپ کے لئے غیر مبارک ہیں، ان تاریخوں میں کوئی بھی اہم کام شروع کرنے کی غلطی نہ کریں ورنہ ناکامی کا اندیشہ رہے گا۔

لگے ہاتھوں یہ بات بھی ذہن نشین کرلیں کہ ۵ کا عدد آپ کا دشمن عدد ہے، ۵ عدد کی چیزیں اور افراد آپ کو کبھی راس نہیں آئیں گے آپ ان چیزوں سے اور ان لوگوں سے جتنا بھی خود کو بچا کر رکھیں گے اتنا ہی آپ کے حق میں بہتر ہوگا۔

آپ کی تاریخ پیدائش کا مفرد عدد آپ کے نام کے مفرد عدد سے ہم آہنگ ہے اور آپ کی بیوی فرزانہ کا مفرد عدد بھی آپ کے مفرد عدد کا مخالف نہیں ہے اور آپ کی شادی کی تاریخ بھی بالکل درست تھی۔ آپ نے اپنے بچوں کے نام نہیں لکھے کہ ہم ان کے ناموں پر غور کرتے اور اگر کسی نام کو بدلنے کی ضرورت ہوتی تو اس کو بدل دیتے۔ اگر اپنی بیوی فرزانہ کو بھی ایک وظیفہ کا پابند کردیں تو انشاء اللہ اس کے نتائج بہت جلد سامنے آئیں گے۔ فرزانہ کو روزانہ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْل دن میں کسی بھی وقت ۴۵۰ مرتبہ پڑھنا چاہئے، اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف۔ فرزانہ کا اسم اعظم ''یامجیب'' ہے۔ عشاء کی نماز کے بعد اس کو روزانہ یہ اسم الٰہی ۵۵ مرتبہ پڑھنا چاہئے، انشاء اللہ ان سب وظائف کی برکتوں سے گھر میں خوش حالیاں ضرور آئیں گی اور ان مصیبتوں اور قرضوں سے ضرور آپ کو نجات ملے گی جو آپ کے لئے سوہان روح بنے ہوئے ہیں۔ ہم دعا کرتے ہیں کہ اللہ آپ کو بہتر قسم کا روزگار عطا کرے اور آپ کی غربت کو مالداری سے بدل دے تاکہ آپ اپنے بچوں کی کفالت حسب منشا کرسکیں۔

خواہ مخواہ خوف

سوال از: (نام وپتہ مخفی)

میرا نام.......... ہے اور پیدائش ۱۸ر جون ۱۹۸۶ء اور دن بدھ ہے۔ میری ماں کا نام.......... ہے اور باپ کا نام.......... ہے میں کئی سالوں سے پریشان اور ڈر میں ہوں، آپ ہی راستہ بتائیں اور آپ سے التجا کرتی ہوں کہ میرا یہ خط اس ماہ کی کتاب میں ضرور شائع کیجئے گا اور ایک التجا ہے کہ میرا نام رسالہ میں مت شائع کیجئے گا۔

میں نے (D.E.D-B.COM.MAB.E.D) کیا ہے۔ میری پریشانی یہ ہے کہ میرے لئے نوکری اچھی ہے یا نہیں، کونسی،

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

(Lie) میں میری بہتری ہے، کیا میرے نصیب میں نوکری ہے یا نہیں، کیا میرے لئے نوکری کرنا بہتر ہے یا نہیں، میں یہ سوال اس لئے پوچھ رہی ہوں کہ میں نے بہت ذہنی پریشانی سے اتنا کچھ اسٹڈی کیا ہے، بہت ڈر، تکلیف سے اور مشکل سے اس لئے ڈرتی ہوں کہ میرے لئے نوکری بھی بہتر ہے یا نہیں۔ میں (Beauty Parlor) کا کورس کرنا چاہتی ہوں اس میں بھی، بہتر ہے کیا نہیں معلوم نہیں ہے آپ ہی بتائیں کہ میرے لئے نوکری کرنا بہتر ہے کیا یہ (Beauty Parlor) کا کورس کرنا بہتر ہے کونسی چیز میں میری کامیابی ہے۔

میں شادی کرنے کے لئے بھی ڈرتی ہوں، میں شادی کرنا نہیں چاہتی، اسمیں بھی ڈر لگتا ہے کہ شادی بھی میرے لئے بہتر نہیں ہے، ہر وقت اس ڈر اور خوف میں رہتی ہوں کہ یہ کروں یا وہ کروں کونسی راہ میرے لئے اچھی اور بہتر ہوگی، ڈرتی ہوں کہ نوکری سے بھی میری زندگی خراب نہ ہوجائے۔ (Beauty Parlor) کورس میں بھی اچھا ہے یا نہیں، یہاں تک کے شادی سے بھی ڈر آتا ہے۔

میرے اس ڈر کو آپ ہی دور کرسکتے ہیں مجھے راستہ بتائیں کہ میرے لئے کونسے کاروبار میں بہتری ہے، کیا میرے لئے نوکری اچھی ہے کہ میں خود کا کاروبار شروع کروں۔ (Beauty Parlor) کونسے میں کامیابی ہے اور کونسی میں بہتری ہے، کیا اچھا ہے میرے لئے۔

آپ سے دل سے التجا ہے کہ میرا اس خط کا جواب ضرور دیں اور میں دل کے ڈر کو دور کرے اور ایک التجا ہے کہ میرا نام آپ کی کتاب میں مت شائع کیجئے گا، مہربانی ہوگی۔

جواب

لڑکیوں کو نوکری کرنے کی ضرورت جب پڑتی ہے جب گھر کے حالات اچھے نہ ہوں، آپ نے اپنے خط میں یہ وضاحت نہیں کی کہ آپ کے گھر میں کون کون لوگ ہیں اور آپ کے معاشی حالات کیسے ہیں۔ اگر آپ کا کوئی بھائی ہے تو وہ کیا کرتا ہے؟ اور آپ کے والد کا پیشہ کیا ہے؟ اگر مائیکہ معاشی طور پر مضبوط ہو تو نوکری کرنا اتنا ضروری بھی نہیں ہوتا لیکن اگر اہل خانہ تنگی معیشت کا شکار ہوں تو پھر نوکری کرنے میں کوئی قباحت بھی نہیں ہے۔ آپ نے بی ایڈ کیا ہے تو آپ کو کسی بھی اسکول میں نوکری مل سکتی ہے، آپ کی تقدیر کا ستارہ عطارد ہے اور عطارد علم و ہنر سے جڑا ہوا ستارہ ہے، جن لوگوں کا یا جن خواتین کا ستارہ عطارد ہوتا ہے ان کو ایسے پیشے راس آتے ہیں جو علم اور ہنر سے وابستہ ہوں، مثلاً تعلیم و تدریس یا مثلاً سلائی بنائی کڑھائی یا کسی بھی طرح کی کوئی دستکاری وغیرہ۔

کاروبار آپ کے مفید ثابت نہیں ہوگا، کاروبار کے لئے پیسہ بھی چاہئے اور بھاگ دوڑ بھی آپ کے لئے لڑکی ہونے کی وجہ سے بھاگ دوڑ کرنا ممکن نہیں ہوگا اور آج کل کسی بھی کاروبار کو شروع کرنے کیلئے لاکھوں کی ضرورت پڑتی ہے اور اتنی رقم کا انتظام کرنا آپ کے لئے مشکل ہوگا۔ ہماری رائے میں آپ کسی اسکول میں ملازمت تلاش کریں، یہ تلاش آپ جب صحیح طریقہ سے کریں گی تو اللہ کی مدد بھی ضرور آئے گی، ورنہ پھر کسی دستکاری کی طرف دھیان دیں، دستکاری کا کوئی بھی کام شروع کرنے میں زیادہ پیسوں کی حاجت نہیں ہوتی، آپ دستکاری کا کوئی بھی کام اپنے گھر میں کرسکتی ہیں، اس کے لئے بازار میں کوئی دکان لینے کی چنداں ضرورت نہیں ہے۔

رہا، آپ کا ڈر تو اس کو اپنے دل سے نکال پھینکئے، جو ڈرتے ہیں وہ اس دنیا میں کچھ بھی نہیں کرسکتے، ایک لڑکی کی شرم تو ہر حال میں برقرار رہنی چاہئے، شرم ہی انسان کو گناہوں سے اور اللہ کی نافرمانیوں سے روکتی ہے اور عورت کے لئے شرم تو ایک طرح کا زیور ہے لیکن جسے کہتے ہیں خوف اور ڈر وہ تو وہ ایک بیماری ہے اور اس بیماری سے آپ کو نجات حاصل کرنی چاہئے، کیوں کہ یہ بیماری آپ کو زندگی میں کوئی بھی اقدام نہیں کرنے دے گی، آپ شادی سے کیوں ڈرتی ہیں؟ بے شک آج کل مسلم معاشرہ میں شادیاں بہت ناکام ہو رہی ہیں، جب سے موبائل پر بازاری قسم کی عشق بازیاں شروع ہوئی ہیں تب سے مردوں کے دلوں میں عورت کی عزت اور اس کا وقار ختم ہوگیا ہے اور لوگ اپنی بیوی کو پیروں کی جوتی سمجھنے لگے ہیں، لیکن اس دنیا کی کسی بھی برائی کا مطلب یہ نہیں ہوتا کہ ہم لازماً اس کا شکار ہوں گے۔ شادی عورتوں کے لئے ناگزیر ہے، شادی شدہ عورتوں کے بارے میں قرآن حکیم کی رائے یہ ہے کہ وہ ایک طرح سے کسی قلعہ میں محفوظ ہوجاتی ہیں۔ ایک کنواری لڑکی کو اس دنیا میں جتنا آفتوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے اتنی آفتوں کا سامنا شادی شدہ عورتوں کو نہیں کرنا پڑتا، شادی کے بعد اگر عورتیں خود ہی بگڑ جائیں تو بات اور ہے لیکن وہ بڑی حد تک دوسروں کی شرارتوں اور حملوں سے محفوظ ہوجاتی ہیں۔

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

شادی عورت کے لئے یوں بھی ضروری ہوتی ہے کہ عورت بغیر سہارے کے زندہ نہیں رہ سکتی، اس کو ہر دور میں اور ہر قدم پر ایک سہارا درکار ہوتا ہے، بچپن میں وہ ماں باپ کی محتاج ہوتی ہے، لڑکپن میں اس کی امیدیں اس کی اپنے بھائیوں سے بندھی ہوتی ہیں، شادی کے بعد وہ شوہر کو اپنا معاون اور اپنا آسرا سمجھتی ہے اور بڑھاپے میں اس کی تمام تر امیدیں اپنے اولاد سے وابستہ ہوتی ہیں اور جن گھر میں یہ افراد عورت کو کسی وجہ سے میسر نہیں آتے ان عورتوں کی بہت درگت بنتی ہے اور وہ سماج کے بگڑے ہوئے لوگوں کے ہاتھوں کا کھلونا بن کر رہ جاتی ہیں، اسلام نے مجرد زندگی مردوں کے لئے بھی پسند نہیں کی ہے، تو پھر اسلام کسی لڑکی یا عورت کا مجرد رہنا کیسے پسند کرسکتا ہے۔

آپ شادی ضرور کرلیں اور کسی دین دار لڑکے سے کریں، آج کے دور میں ایک دین دار انسان ہی صحیح معنوں میں اپنی بیوی بچوں کو خوشیاں دے سکتا ہے۔ دنیادار کا کوئی بھروسہ نہیں ہے کہ وہ کب کس بہتے ہوئے سیلاب کا بے جان تنکہ بن کر رہ جائے۔ آپ روزانہ "یاسلام یاحفیظ" دوسو مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالیں، انشاء اللہ آپ سلامتی اور حفاظت سے بہرہ ور رہیں گی اور آپ کے لئے قدرت کوئی ایسا راستہ نکال دے گی جو آپ کے لئے اطمینان بخش ثابت ہوگا۔

۸ عدد کی زد میں

سوال از: بشیر احمد ——— باندی پورہ

خدا سے دعا گو ہوں آپ حضرت کو صحت عافیت عطا فرمائے آمین۔ دیگر احوال عرض یوں ہے کہ آپ حضرت سے فون پر رابطہ ہوا، حکم ہوا خط کے ذریعہ تفصیل کا پتہ لگے گا۔ میرا نام بشیر احمد والدہ کا نام عزی (Azi) تاریخ پیدائش ۱۲؍اکتوبر ۱۹۵۹ء بیوی کا نام فہمیدہ بیگم عرف لالی، والدہ کا نام پوشہ (Posha) گھر میں چھ افراد، ہم دو میاں بیوی اور بچے چار ہیں، پیدائش سے لے کر آج تک زندگی پریشانیوں، مشکلاتوں، رکاوٹوں، قرض تنگ دستی اور مصیبتوں میں گزر رہی ہے۔ میں کریانہ کا کام بہت اچھے درجے پر کر رہا تھا ۱۹۹۵ء میں، میں نے ایک سیدھا سادا مکان بنایا، مکان میں داخل ہوتے ہی سب کاروبار چوپٹ ہوگیا ہے، تقریباً آٹھ دس لاکھ کا گھاٹا ہوا، گھاٹے کو پورا کرنے کے لئے جائیداد اور بیوی کا زیور بیچ کر ہم نے تھوڑا بہت قرض چکایا، لیکن قرض کا بوجھ بدستور سوار رہا، زندگی کی گاڑی پیچھے ہی کی طرف گہری کھائی میں گرگئی، اس کے بعد ٹیمپو لایا، اس نے رہی سہی کسر پوری کردی کیوں کہ اس ٹیمپو کا نمبر جمع کرکے ۸ آتا تھا، مکان کے اعداد ۸، میرے نام کے اعداد ۸، بیٹی کے نام اعداد ۸، بیٹے کے نام کے اعداد ۸، میرے محلہ کے اعداد ۸، میرے علاقہ کے اعداد ۸، اس ۸ کے اعداد نے احساس کمتری، ٹھوکریں، رکاوٹیں کھڑی کردی، زندگی بچپن سے ہی مقروض گزر رہی ہے، جس سے قرض لیتا ہوں واپس ادا کرنے میں لاپرواہی ہوتی ہے، ذمہ داری نہیں ہے، اچانک قرض ادا کرنے میں رکاوٹیں ہورہی ہیں، یہ ایک بری عادت ہے، ہزار بار اس عادت سے پیچھا چھڑانے کی کوشش کرتا ہوں لیکن کامیابی نہیں ہوتی، حالانکہ قرض کے بوجھ اور عذاب اور وعید سے بہت ڈر لگتا ہے، نمازوں اور دین اور دنیا کے کاموں مستقبل مزاجی سے کام نہیں کرپاتا ہوں۔

آپ حضرت محترم کی کتابیں طلسماتی دنیا، اعداد بولتے ہیں، روحانی تقویم وغیرہ کا مطالعہ کرکرکے میں نے انگوٹھیوں، نگینوں کا کام شروع کیا تھا، بہت سست رفتاری سے کام چل رہا تھا۔ ۲۰۱۵ء کے روحانی تقویم میں آپ حضرت محترم نے ناموں اور پیدائشی اعداد کے حساب پڑھنے کے لئے وظائف عنایت فرمائے تھے، اپنے نام کا وظیفہ پڑھ کر میرے کام میں اچھا خاصا عروج ہوا، فروری ۲۰۱۶ء سے اچانک میرا کام بند ہوا جیسے کسی نے میرا کام بند کردیا جو لوگ نگینے کے لئے مجھے ڈھونڈتے تھے، آج وہی لوگ مجھے انگوٹھیاں واپس دے کر پیسے واپس لیتے ہیں، کوئی بھی مانتا نہیں ہے، نئے گاہک آ کر خالی ہاتھ واپس چلے جاتے آڈر دے دے کر نہیں لیتے، گھر کے حالاتوں میں پھر طوفان آگیا، تنگ دستی کا شکار اور پر سے قرض داروں کا بوجھ سب سے بڑا مسئلہ یہ ہے کہ ۱۴-۱۳ مئی ۲۰۱۶ء کو بیٹی کی شادی ہونے والی ہے اس وجہ سے زبردست ذہنی دباؤ کا شکار ہوں، میری شکل صورت دیکھتے ہی لوگ مجھ سے نفرت کرتے ہیں، منہ پھیر لیتے ہیں جن سے توقع وہی رشتہ دار محسن دوست سبھوں نے منہ پھیر لیا، گھر والے بھی نفرت کرتے ہیں کہ تو نے آج تک ہمیں قرض کے سوا کیا دیا، ان حالات کے ہوتے ہوئے گھبراہٹ بے چینی اور خوف ڈر، پریشان کن حالات کا شکار ہوں، کبھی کبھار خودکشی کا ارادہ کرتا ہوں، جو لوگ ہر وقت میرا دم بھرتے تھے آج وہی دور ہوتے چلے گئے، میں اکیلا پڑ

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

گیا ہوں، کوئی راستہ دکھائی نہیں دے رہا ہے، میں نے خود آپ حضرت محترم کے تحریر کردہ نگینوں کے بارے میں پڑھا، یاقوت، موتی، زمرد، مرجان، الماس، پکھراج پہن لیا ہے۔ آپ حضرت محترم سے گزارش ہے کہ میرے نام اور پیدائشی تاریخ کے حساب سے پڑھنے کے لئے کچھ عنایت فرمائیں، جس کے ذریعہ غیبی امداد ونصرت ملے، کام چلے، شادی کا مسئلہ عافیت کے ساتھ حل ہو، انگوٹھیوں، نگینیوں کا کام پھر سے عروج پر چلے اور قرض کے بوجھ سے ہمیشہ ہمیشہ کے لئے نجات ملے۔ زندگی میں ترقی، عزت ملے، کیوں کہ ۸ نمبر کے اثرات نے مجھے وقت سے پہلے بوڑھا اور زندہ در گور کر دیا ہے۔ جناب والا کرم فرمائیں، جوابی لفافہ اور پرچہ حاضر خدمت ہے، جواب صاف صاف عنایت کریں، مجھ سیہ کار پر رحم کھائیں، فون پر نظر عنایت کیا کریں، مجھے قدم قدم پر کیوں ناکامیاں ملتی ہیں، خط لمبا ہونے کے لئے معافی کا طلب گار ہوں، لیکن دل کا بوجھ ہلکا ہوا۔

جواب

آپ کے نام کا مفرد عدد ۷ ہے اور ۸ کا عدد سات کا دشمن عدد نہیں ہے لیکن یہ طے ہے کہ ۸ کا عدد آپ کو کسی وجہ سے راس نہیں آیا ہے، آپ کی تاریخ پیدائش کا مفرد عدد ایک ہے اور یہ عدد ۱۹ مرکب عدد سے دس بن کر پھر ایک بنا ہے۔ ۱۹ کا عدد بہت مبارک ہوتا ہے کیوں کہ بسم اللہ کے حروف ۱۹ ہیں اس لئے جو مرکب عدد ۱۹ سے ۱۰ بن کر پھر ایک عدد میں ڈھلتا ہے وہ بہت ہی مبارک ثابت ہوتا ہے۔ اگر آپ کے والدین آپ کا نام ایسا رکھتے جو ۱۹ سے ۱۰ بن کر پھر ایک بنتا تو آپ کی زندگی میں خوشیاں ہی خوشیاں ہوتیں، آپ کی قسمت کا عدد ایک ہے اور ۷ اور ۶ دونوں اعداد اس ایک عدد سے دشمنی رکھتے ہیں اس لئے آپ کی زندگی طرح طرح کی الجھنوں کا شکار ہے۔ آپ کی بیوی کا نام فہمیدہ ہے ۲ کا مفرد عدد ۹ بنتا ہے۔ ۹ آپ کا لکی عدد ہے اس لئے آپ کی ازدواجی زندگی تو ٹھیک ہی گزری ہوگی لیکن آپ کی بیوی کی عرفیت لالی بہت خطرناک ہے، لالی کے اعداد ۷۱ ہیں، اس ۷۱ میں پہلا ہندسہ آپ کی تاریخ پیدائش کا عدد ہے اور دوسرا ہندسہ ۷، آپ کا دشمن عدد ہے اور ان دونوں کا مفرد عدد ۸ ہی بنتا ہے جو آپ کے لئے وجہ مصیبت بنا ہوا ہے۔

آپ کا پہلا مکان جو آپ کے لئے وجہ مصیبت بنا وہ آپ نے ۱۹۹۵ء میں تعمیر کیا، اس سن کے مجموعی اعداد کا مفرد عدد بھی ۶ بنتا ہے اور ۶ آپ کی تاریخ پیدائش کے مفرد عدد کا دشمن عدد ہے، اسی لئے یہ مکان آپ کو راس نہیں آیا۔ ۸ کا عدد بجائے خود ایک ٹھوس عدد ہے اس عدد کے لوگ اپنے اندر بہت استحکام رکھتے ہیں، وہ طبیعت اور مزاج کے اعتبار سے بہت مضبوط ہوتے ہیں لیکن ان کی زندگی میں بھی اچھے برے انقلاب بہت آتے ہیں اور ان کی زندگی میں سکون نام کی کوئی چیز کبھی نظر نہیں آتی۔ ۸ عدد کے لوگ اپنی زندگی میں اہم کارنامے انجام دیتے ہیں لیکن ہمیشہ یہ لوگ ناقدری کا شکار رہتے ہیں، لوگ ان کی وہ پذیرائی نہیں کرپاتے جس کے یہ صحیح معنوں میں حقدار ہوتے ہیں۔ اگر آپ اب بھی اپنا نام بدل لیں اور کوئی ایسا نام رکھ لیں جس کا مفرد عدد ایک بنتا ہو تو انشاء اللہ آپ کو ان مصیبتوں سے نجات مل جائے گی جن میں آپ اس وقت مبتلا ہیں۔

حیرت کی بات تو یہ ہے کہ آپ ۸ عدد کی قباحتیں محسوس کر رہے ہیں اس کے باوجود آپ نے آج تک اپنے بچوں کے نام تک تبدیل نہیں کئے جب کہ نام عمر کے کسی بھی دور میں تبدیل کیا جاسکتا ہے، بچے تو بچے آپ کو تو اپنا نام بھی بدل دینا چاہئے، فوری طور پر ان مصائب سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لئے ان چند وظائف کی پابندی رکھیں، اپنے کمرے کی دیوار پر "محمد" نام کا ایک طغریٰ لگالیں، ایسی جگہ لگائیں کہ جب صبح کو آنکھ کھلے تو اس طغرے پر نظر جائے، اس طغرے کی طرف دیکھ کر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھیں، پھر بستر سے اٹھیں، نماز فجر کے بعد "یاسلام" ۱۳۱ مرتبہ پڑھیں، پھر اشراق تک لاتعداد مرتبہ درود شریف پڑھتے رہیں، سورج اُبھرنے کے بعد چار رکعت نماز بہ نیت اشراق پڑھیں اور نماز کے بعد "نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْب" ۳۰۰ مرتبہ پڑھیں، نماز ظہر کے بعد حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْل ۴۵۰ مرتبہ پڑھیں، عصر کی نماز کے بعد نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْر ۳۰۰ مرتبہ پڑھیں، مغرب کی نماز کے بعد اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ۱۰۰ مرتبہ پڑھیں، عشاء کی نماز کے بعد "يَا مُجِيْبُ" ۵ مرتبہ اور اِنَّ اللّٰهَ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَاب دو سو مرتبہ پڑھیں، رات کو سوتے وقت پھر "مُحَمَّد" کے طغرے کی طرف دیکھ کر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھیں اور سوجائیں، ذلت و نکبت، غربت وافلاس اور قرض کی لعنت سے نجات دلانے کے لئے ہم ایک عمل لکھ

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

رہے ہیں، اگر آپ نے لگاتار ۷ دن تک کرلیا تو انشاء اللہ اللہ کی رحمت جوش میں آجائے گی اور آپ غربت وپسپائی کی اس دلدل سے نجات حاصل کرلیں گے جس میں آج کل آپ دھنسے ہوئے ہیں اور دن بہ دن دھنستے ہی جارہے ہیں۔ آپ لکڑی کے سات ٹکڑے لیں، ان پر کالی پینسل سے یہ لکھیں۔

اَنَا عَبۡدِ ذَلِيۡلٍ وَاَنۡتَ رَبِّ جَلِيۡل.

يَا كريما كم كُن يَارَحِيۡمَا رحم كُن.

روزانہ لکڑی کا ایک ٹکڑا بہتے پانی میں یا کسی دریا میں نماز فجر کے بعد چھوڑ دیں، اس عمل کو سات دن تک جاری رکھیں، انشاء اللہ زیادہ وقت نہیں گزرے گا کہ آپ ان مصائب اور ان مسائل سے بری ہوجائیں گے جوان دنوں آپ پر مسلط ہیں اور جن کی وجہ سے آپ کا جینا دوبھر ہورہا ہے۔

اپنے اور بچوں کے نام میں مناسب تبدیلی کرلیں تو آپ کے حق میں بہتر ہوگا۔ ہم دعا کرتے ہیں کہ رب العالمین آپ کو تمام مصیبتوں سے اور تمام کلفتوں سے چھٹکارا عطا فرمائے اور آپ آئندہ آسودہ اور مطمئن زندگی گزارنے کے اہل بن جائیں آمین۔

گردوں کی پتھری

سوال از: مقیم احمد ——— دہلی

عرض یہ ہے کہ میرے گردے میں پتھری ہے میں ایک غریب انسان ہوں میں آپریشن کرانے کی پوزیشن میں نہیں ہوں، مجھے کوئی ایسا عمل بتادیں کہ میری پتھری بغیر آپریشن کے نکل جائے یا مجھے کوئی تعویذ دیدیں، میں آپ کا مشکور رہوں گا۔

جواب

کسی عامل سے یہ تعویذ لکھوا کر اپنے گلے میں ڈال لیں اور بارش کے پانی پر ۲۱ مرتبہ سورۂ الم نشرح پڑھ کر دم کرکے رکھ لیں اور روزانہ صبح کو نہار منہ آدھا گلاس پی لیا کریں، لگاتار ۲۱ دن تک پانی پئیں، انشاء اللہ گردے میں سے پتھری نکل جائے گی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵ ک ن م ق

وَالۡمَلك الۡقُدُّوس الرَّحۡمٰن الرَّحِيۡم

۷۹۵ ۷۹۵ ۷۹۵

کامران اگربتی

موم بتی کی زبردست کامیابی کے بعد

ھاشمی روحانی مرکز دیوبند

کی ایک اور شاندار پیش کش

☆ کامران اگربتی کی خصوصیت یہ ہے کہ یہ گھر کی نحوست اور اثرات بد کو دفع کرتی ہے، اہل خانہ کی روحانی مدد کرتی ہے، انہیں نحوستوں اور اثرات بد سے بچاتی ہے۔

☆ کامران اگربتی ایک عجیب وغریب روحانی تحفہ ہے، ایک بار تجربہ کر کے دیکھئے، انشاء اللہ آپ اس کو مؤثر اور مفید پائیں گے۔

ایک پیکٹ کا ہدیہ پچیس روپے (علاوہ محصول ڈاک)
ایک ساتھ ۱۰۰ پیکٹ منگانے پر محصول ڈاک معاف

اگر گھر میں کسی طرح کے اثرات نہ ہوں تو بھی برائے خیر وبرکت روزانہ دو اگربتی اپنے گھر میں جلا کر روحانی فائدے حاصل کیجئے، اپنی فرمائش اس پتے پر روانہ کیجئے۔

ہر جگہ ایجنٹوں کی ضرورت ہے۔

ھاشمی روحانی مرکز

محلہ ابوالمعالی دیوبند (یوپی)

پن کوڈ نمبر: 247554

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کی برکات

علی احمد کاشف

قارئین کرام السلام علیکم ۔الحمد اللہ کہ کئی سالوں سے آپ مومنین کی خدمت میں حاضر ہونے اور روحانی خدمت کا موقع مل رہا ہے۔ اس کے لئے اللہ تعالیٰ سے طلسماتی دنیا کے بانیان وکارکنان کا شکر گزار ہوں۔ مومنین کرام! انسانی فطرت ہے کہ وہ جو دشواری سے دستیاب ہو یا سمجھ میں نہ آئے اسے ہم زیادہ اہم سمجھتے ہیں حالانکہ اللہ تعالیٰ کے گراں قدر تحائف ہمارے بہت قریب ہیں لیکن ہم ان سے فیض نہیں اٹھاتے اور دور دور تلاش کرتے ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ قرآن کی پہلی آیت ہے۔ قرآن پاک کی سب سے پہلی سورہ سورۂ فاتحہ کی سب سے پہلی آیت ہے۔ قرآن مجید میں پوری کائنات ہے اور پورے قرآن مجید کی اساس عطر نچوٹ سورۂ فاتحہ ہے۔ جو کچھ سورۂ فاتحہ میں ہے وہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ میں ہے اس طرح بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ میں پورا قرآن پاک پوری کائنات پنہاں ہے اور بہت سی خوبیاں ہیں جو اللہ تعالیٰ نے اس میں پنہاں فرمائی ہیں کچھ راز ہیں جو میری روحانی مجبوری ہے کہ ایک حد سے زیادہ زبان نہ کھونے کا پابند ہوں ورنہ بہت دل مچلتا ہے کہ مومنین پر ظاہر کردوں کہ کیوں نماز اخفائی میں بھی بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ آواز سے پڑھی جائے۔ کیوں سورۂ برأت کے علاوہ ہر سورۂ کی پہلی آیت بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہے۔ کیوں گھر کے داخلی دروازہ پر بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لکھنے سے شیاطین اور بلائیں گھر میں داخل نہیں ہوسکتی۔ کیوں بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ کر کھانے سے شیطان کھانے میں شریک نہیں ہوتا۔ کیوں بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ کر ہر کام کرنا برکت اور کامیابی لاتا ہے۔ کیوں بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ نہ پڑھنے سے شیطان اولاد میں بھی شریک ہوجاتا ہے اور اولاد بڑی ہوکر شیطان جیسی حرکتیں کرتی ہے۔ کیوں بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ جیسی عظیم آیت اس عظیم رسول اکرم ﷺ کی امت کو عطا ہوئی جو پہلے کسی کو نہیں ملی۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ میں ایسا کیا اقرار ہے کہ یہ اقرار کرکے ہم آگے کی مزید آیات کی تلاوت کے قابل ہوجاتے ہیں۔ منافقین کو اگر اندازہ ہوجائے کہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ میں کیا ہے تو بِسْمِ اللّٰہِ پڑھنا ہی چھوڑ دے یا کم از کم دبی زبان سے یا چپکے چپکے ہی پڑھیں۔ جس طرح مولائے کائنات امیر المومنین حضرت علی ابن ابی طالب کا ظہور خانہ کعبہ میں ہوا لیکن حج میں طواف کرنے پر مجبور ہیں۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ مومن اور منافق کا فرق ہے۔ علم الاعداد کی رو سے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے ۷۸۶=۸۶+۷=۲۱=۱+۲=۳ یہی مقدس ہندسہ اللہ کے اسم ذاتی کا ہے۔ ۶۶=۶+۶=۱۲=۱+۲=۳۔ مولا علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا بائے بسم اللہ میں ہوں، با کا نقطہ میں ہوں یعنی بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ میں اساس قرآن پنہاں ہے۔ اور آخر میں تھوڑی لب کشائی کرتا ہوں کہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ میں اللہ تعالیٰ کا ذاتی اور دو اسماء الحسنٰی ہیں اور اسماء خاص ہیں اسماء اعلیٰ خاص بھی پوشیدہ ہیں۔

کیوں ہم لوگ اس عظیم آیت سے استفادہ حاصل نہیں کرتے۔ سادہ سا طریقہ ہے باوضو بیٹھ کر ۷۸۶ر مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھیں اور جو اسم بسم اللہ میں جگمگا رہے ہیں ان تمام اسماء کا واسطہ دے کر ۴۱ر دن دعا کریں۔ اگر آپ کی حاجت جائز ہوگی اور آپ کے حق میں بہتر ہوگا تو اللہ تعالیٰ آپ کی حاجت روائی فرمائے گا۔ کسی وضاحت یا ہر طرح کی روحانی خدمت کے لئے فون پر حاضر ہوں۔

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

قسط نمبر:۱

عکسِ سلیمانی

حسن الہاشمی

قضائے حاجت کے لئے

دینی یا دنیاوی حاجت کے لئے یہ عمل تیر بہدف ثابت ہوتا ہے۔ طریقہ عمل یہ ہے کہ عروج ماہ میں عشاء کی نماز کے بعد چار رکعات بہ نیت قضاءِ حاجت پڑھیں۔ اس طرح کہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد قُلِ اللّٰھُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِی الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِیَدِكَ الْخَیْرُ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ. تُوْلِجُ الَّیْلَ فِی النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِی الَّیْلِ وَتُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَیِّتَ مِنَ الْحَیِّ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ.

دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد پندرہ مرتبہ سورۂ کوثر پڑھیں، تیسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد پندرہ مرتبہ سورۂ کافرون پڑھیں اور چوتھی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد تیسری مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھیں۔ نماز سے فارغ ہونے کے بعد سو مرتبہ درود ابراہیم پڑھیں۔ اس کے بعد سات مرتبہ یہ شعر پڑھیں

فَسَهِّل یا الٰهی كُلَّ مَعْبٍ
بحرمة سَیِّد الابرارِ مَقِلْ

صرف ایک رات یہ عمل کرنا ہے اور اپنی حاجت کو اپنے ذہن میں رکھنا ہے، چند ہی دنوں میں انشاء اللہ حاجت پوری ہوگی۔

نظرِ بد کے لئے

بروایت حضرت معمر رضی اللہ عنہ کہ میں خراسان سے ایک عطر کی شیشی لے کر آیا اور میں نے وہ شیشی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کی۔ حضورؐ نے اس کو پسند فرمایا، پھر وہ عطر مجھے واپس دیتے ہوئے کہا کہ ایک کاغذ پر سورۂ فاتحہ ایک بار، سورۂ اخلاص ایک بار، سورۂ فلق ایک بار اور سورۂ ناس ایک بار لکھ کر اس کاغذ پر اس شیشی پر لپیٹ کر رکھ دینا، اس کے بعد جب بھی کسی کو نظر لگے اس شیشی کا عطر روئی کے ٹکڑے پر لگا کر اس کی پیشانی پر لگا دینا۔ اسی وقت نظر بد سے نجات ملے گی۔

برائے حفاظتِ ایمان

ایمان کی سلامتی کے لئے سورۂ کافرون کو بہت موثر پایا ہے۔ اگر کوئی مسلمان ایسی جگہ مقیم ہو جہاں ایمان کو خطرہ درپیش ہو تو اس کو چاہئے کہ ہر فرض نماز کے بعد تین مرتبہ سورۂ کافرون کو پڑھنے کا معمول بنائے اور اس نقش کو لکھ کر کالے کپڑے میں پیک کر کے اپنے گلے میں ڈالے، انشاء اللہ ایمان کی حفاظت رہے گی اور طبیعت کبھی بھی کفر و شرک کی طرف مائل نہیں ہوگی بلکہ گناہوں سے صاحب ایمان

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

بفضل خداوندی محفوظ رہے گا۔

۷۸۶

۷۰۸	۷۱۱	۷۱۴	۷۰۰
۷۱۳	۷۰۱	۷۰۷	۷۱۲
۷۰۲	۷۱۶	۷۰۹	۷۰۶
۷۱۰	۷۰۵	۷۰۳	۷۱۵

اضطرابِ قلب کے لئے

اگر آپ کسی کو اضطرابِ قلب کی بیماری ہو، اکثر و بیشتر وہ اختلاجِ قلب میں مبتلا رہتا ہو، کسی بھی صورت طبیعت کو قرار نہ آتا ہو اور دل و دماغ کی بے چینی اس کو پریشان رکھتی ہو تو اس کو چاہئے کہ گیارہ دن تک یہ عمل کرے۔

رات کو سوتے وقت کلمہ طیبہ اکتالیس بار، سورہ رحمٰن تین بار، اول و آخر درود شریف گیارہ بار پڑھے اور کسی سے بات کئے بغیر سو جائے، صبح کو نمازِ فجر کے بعد پھر اس عمل کو دوہرائے۔ گیارہ دن تک اسی طرح کرے۔ انشاء اللہ اضطراب قلب سے بلکہ دل کی ہر بیماری سے نجات ملے گی۔

محمد شبیر قادری

غم وفکر سے نجات کے لئے

حضرت بابا فرید الدین گنج شکرؒ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص غم و آلام کا شکار ہو اور اس کا دل ہر وقت متفکر رہتا ہو تو اس کو چاہئے کہ وہ آیت کریمہ **لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْن** سو مرتبہ پڑھے اور پھر سجدے میں جا کر سو مرتبہ یہ پڑھے **یا اللہ یارحمٰن یاحیُّ یا قیوم.**

اس عمل کو سات دن تک جاری رکھے، انشاء اللہ غم و آلام اور تفکر و تردد سے نجات مل جائے گی اور دل و دماغ پُر سکون ہو جائیں گے۔

روحانیت کو بڑھانے کے لئے

حالات کی پراگندگی کی وجہ سے انسان کا ذہن مفلوج ہو جاتا ہے اور اس کی فہم و فراست بھی متاثر ہو جاتی ہے اور اس کی قوتِ ایمانی بھی کمزور پڑ جاتی ہے۔ اس کے ساتھ ان کو کسی طرح سکون نہیں ملتا، صحت بھی متاثر ہو جاتی ہے اور عزائم اور ارادے بھی متاثر ہو جاتے ہیں، جب کسی انسان پر اس طرح کی کیفیات طاری ہو جاتی ہیں تو وہ خود تو پریشان رہتا ہی اس کے اہل خانہ بھی اس سے شاکی ہو جاتے ہیں، ان کیفیات سے نجات پانے کے لئے اپنی روحانی قوتوں میں اضافہ کرنے کے لئے اس عمل کو اختیار کرنا چاہئے۔ اس عمل سے ہر وقت کے تفکر، تردد، تذبذب سے بھی نجات ملے گی اور روحانی قوتوں میں زبردست اضافہ ہوگا۔

سب سے پہلے کسی بھی ساعت سعید میں جو عروج ماہ کی نوچندی جمعرات کو پڑ رہی ہو ایک چاندی کی انگوٹھی پر سولہ خانے بنوا کر ایک خانہ میں ۹ کا عدد کندہ کرالیں، اس کے بعد ۱۶۷۸۰ مرتبہ آیت کریمہ پڑھ کر اس انگوٹھی پر دم کر دیں، پھر اس انگوٹھی کو سیدھے ہاتھ کی

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

شہادت کی انگلی میں پہن لیں۔ انشاء اللہ حیرت انگیز نتائج برآمد ہوں گے۔ روحانیت روز بروز بڑھے گی اور تفکرات وحالات کی پیچیدگی سے نجات ملے گی۔

فتوحات غیبی حاصل کرنے کے لئے

اگر کسی شخص کی یہ خواہش ہو کہ وہ فتوحات غیبی سے سرفراز ہو تو وہ عروج ماہ کی کسی بھی شب جمعہ کو درمیانی رات میں غسل کرے، پھر دو رکعت نفل پڑھے اور اس کا ثواب سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو اور ان کے اہل بیت کو پہنچائے۔ اس کے بعد اکیس مرتبہ کھیٰعص کِفَایَتُنَا پڑھے، پھر اکیس بار سورۂ مزمل پڑھے اور پھر اکیس بار حٰمٓعسٓق حِمَایَتُنَا پڑھے۔

اس عمل کو اکیس دن تک جاری رکھے، ۲۲ویں دن یہی نقش دو کاغذوں پر لکھ کر بیس نقش آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈال دے اور سب سے آخر میں اکیسواں نقش لکھے، اس کو حفاظت سے رکھے۔ اس کو ہرے کپڑے میں پیک کر کے اپنے گلے میں ڈال لے۔ انشاء اللہ فتوحاتِ غیبی سے سرفراز ہو گا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۴	۲۳	۲۸
۲۹	۲۵	۲۱
۲۲	۲۷	۲۶

اس نقش کی رفتار یہ ہے۔

۴	۳	۸
۹	۵	۱
۲	۷	۶

نافرمان اولاد کے لئے

اگر اولاد ماں باپ کی نافرمانی کرتی ہو اور ماں باپ اولاد کی نافرمانی اور سرکشی کی وجہ سے بہت پریشان ہوں تو اولاد کی اصلاح اور اطاعت کے لئے روزانہ یہ عمل چینی کی پلیٹ پر گلاب وزعفران سے لکھ کر پانی سے دھو کر اولاد کو پلائیں، گیارہ دن تک لگاتار پلائیں، انشاء اللہ اولاد کو ہدایت نصیب ہو گی۔ نقش یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم
یااللہ یارحمن یارحیم دل مارا کن مستقیم
بحق ایاك نعبد و ایاك نستیعن یاوھاب یاولی

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

یہ عبارت لکھتے وقت زبر زیر لگانے کی ضرورت نہیں ہے۔

برے خیالات اور وساوس شیطان سے نجات کے لئے

اگر کسی شخص کو برے خیالات اور وساوس پریشان کرتے ہوں تو ان سے نجات حاصل کرنے کے لئے ذیل کی آیات روزانہ نماز فجر کے بعد سو مرتبہ پڑھا کرے، اول وآخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے، اور ان ہی آیات گلاب وزعفران سے لکھ کر اپنے دائیں بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ اکیس دن کے اندر اندر برے خیالات اور شیطانی وساوس سے نجات مل جائے گی۔

آیات یہ ہیں؟ وَاِذَا قَرَأْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَیْنَکَ وَبَیْنَ الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَۃِ حِجَابًا مَّسْتُوْرًا. فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ. فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ.

جھوٹی قسموں سے نجات

اگر کسی کو جھوٹی قسمیں کھانے کی عادت پڑ گئی ہو تو اس بری عادت سے نجات حاصل کرنے کے لئے کسی قیمتی چیز پر ان آیات کو پانچ مرتبہ پڑھ کر دم کر دیں اور وہ میٹھی چیز جھوٹی قسمیں کھانے والے کو کھلا دیں۔ یہ عمل جمعہ کے دن کرنا ہے اور پھر اس عمل کو سات جمعوں تک لگا تار جاری رکھنا ہے، انشاء اللہ بری عادت سے نجات مل جائے گی۔

عمل یہ ہے: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْاَرْوَاحِ وَ صَلِّ عَلٰی قَلْبِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُلُوْبِ وَ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰی حَبِیْبِ محمد فی الاجْسَادِ وَ صَلِّ عَلٰی قبرِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُبُوْرِ اس کے بعد یہ آیت پڑھیں فَقَاتِلُوْا اَئِمَّۃَ الْکُفْرِ اِنَّھُمْ لَا اَیْمَانَ لَھُمْ لَعَلَّھُمْ یَنْتَھُوْنَ.

حاسدین سے حفاظت کے لئے

اگر کوئی شخص حاسدین کے حسد سے پریشان ہو اور حاسدین کے حسد سے مسلسل تکلیف میں ہو تو اس سے نجات پانے کے لئے مندرجہ ذیل نقش تیار کر کے اپنے گلے میں ڈالے۔ اس نقش کو تیار کرنے کے بعد سورۂ فتح تین بار پڑھ کر اس پر دم کرے اور تعویذ پر موم جامہ کر کے اس کو کالے کپڑے میں پیک کر کے اپنے گلے میں ڈالے۔

انشاء اللہ حاسدوں کی بدخواہی اور حسد سے چھٹکارا حاصل ہوگا۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۷۲۰۶	۴۷۲۱۰	۴۴۲۱۳	۴۷۱۹۹
۴۷۲۱۲	۴۷۲۰۰	۴۷۲۰۵	۴۷۲۱۱
۴۷۲۰۱	۴۷۲۱۵	۴۷۲۰۸	۴۷۲۰۴
۴۷۲۰۹	۴۷۲۰۳	۴۷۲۰۲	۴۷۲۱۲

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

تسخیر خلائق

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہو کہ لوگوں کے دلوں میں اس کی عزت اور حمیت پیدا ہو اور لوگ اس کے لئے مسخر ہو جائیں تو اس مقصد میں بھرپور کامیابی حاصل کرنے کے لئے ذیل کا نقش عروج ماہ میں جمعہ کے دن پہلی ساعت میں تیار کرلیں اور اس نقش کو ریشمی ہرے کپڑے میں پیک کرکے اپنے گلے میں ڈالیں۔ لیکن نقش کو تیار کرنے کے بعد قرآن کریم کی مندرجہ ذیل سورتیں اور اسماءِ الٰہی پڑھ کر اس نقش پر دم کردیں۔

سورۂ جن، سورہ مزمل، سورہ ق، چاروں قل، آیت الکرسی، سورۂ آلِ عمران۔

یہ آیات: قُلِ اللّٰهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِی الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ. تُوْلِجُ اللَّيْلَ فِی النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِی اللَّيْلِ وَتُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ.

سورۂ شمس، سورۂ یوسف، سورۂ فتح۔

انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے چند ہی ہفتوں میں دنیا مسخر ہو جائے گی اور لوگوں کے دلوں میں زبردست عزت و عظمت اور رعب قائم ہوگا اور تسخیر عام درعام ہوگی۔ نقش یہ ہے۔

محمد شبیر قادری

۷۸۶

٦ع٢١٧ع	١ع٢١٧ع	٨ع٢١٧ع
٧ع٢١٧ع	٥ع٢١٧ع	٣ع٢١٧ع
٢ع٢١٧ع	٩ع٢١٧ع	۴ع٢١٧ع

نقش کی رفتار یہ ہے۔

۷۸۶

٦	١	٨
۷	۵	٣
٢	٩	۴

مصائب و آفات سے نجات اور محفوظ رہنے کا عمل

اگر کوئی شخص طرح طرح کی مشکلات اور آفات کا شکار ہو تو اس کے لئے ذیل کے نقش مفید ثابت ہوں گے۔ ان نقوش کی برکت سے اس کو تمام آفتوں سے نجات مل سکتی ہے اور آئندہ کے لئے وہ ارضی اور سماوی آفتوں سے محفوظ ہو جاتا ہے۔ ان دونوں نقوش کو سفید کاغذ پر کالی روشنائی سے لکھ کر ان پر سورۂ اعراف سات مرتبہ پڑھ کر اور سورۂ فتح اکیس مرتبہ پڑھ کر اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

کر دونوں نقوش پر دم کریں۔ پھر تعویذ بنا کر گلے میں ڈال لیں، تعویذ کو موم جامہ کرنے کے بعد کالے کپڑے میں پیک کر لیں، انشاءاللہ جلد اچھے نتائج ظاہر ہوں گے۔

سورۂ فتح اور سورۂ اعراف کے اول و آخر گیارہ مرتبہ یہ درود شریف پڑھیں: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَعْدَنِ الْجُوْدِ وَالْكَرَمِ وَ عَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ بَارِكْ وَسَلِّمْ.

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

کھیعص

۶۳۳۹۷	۶۳۴۰۱	۶۳۴۰۴	۶۲۳۹۰
۶۳۴۰۳	۶۳۳۹۱	۶۳۳۹۶	۶۳۴۰۲
۶۳۳۹۲	۶۳۳۰۶	۶۳۳۹۹	۶۳۳۹۵
۶۳۴۰۰	۶۳۳۹۴	۶۳۳۹۳	۶۳۳۰۵

کھیعص

اس نقش کی پشت پہ یہ نقش بنائیں۔

۷۸۶

حمعسق

۴۷۲۰۶	۴۷۲۱۰	۴۷۲۱۳	۴۷۱۹۹
۴۱۲۱۲	۴۷۲۰۰	۴۷۲۰۵	۴۷۲۱۱
۴۷۲۰۱	۴۷۲۱۵	۴۷۲۰۸	۴۷۲۰۴
۴۷۲۰۹	۴۷۲۰۳	۴۷۲۰۲	۲۷۲۱۴

حمعسق

آفات و مصائب سے محفوظ رہنے کے لئے

تمام آفات و مصائب سے محفوظ رہنے کے لئے یہ نقش بھی بہت موثر ثابت ہوتا ہے۔ اس نقش کو لکھنے کے بعد سورۂ کہف گیارہ مرتبہ اور سورۂ فتح سات مرتبہ پڑھ کر اس پر دم کر دیں اور اس کو موم جامہ کرنے کے بعد کالے کپڑے میں پیک کر کے اپنے گلے میں ڈالیں یا سیدھے بازو پر باندھیں، انشاءاللہ تمام آفتوں اور مصیبتوں سے محفوظ رہے گا۔

۷۸۶

یاحفیظ

۷۸۷۹۹	۷۸۸۰۲	۷۸۸۰۶	۷۸۷۹۲
۷۸۸۰۵	۷۸۷۹۳	۳۱۸۷۹۸	۷۸۸۰۳
۷۸۷۹۴	۷۸۸۰۸	۷۸۸۰۰	۷۸۷۹۷
۷۸۸۰۱	۷۸۶۹۶	۷۸۷۹۵	۷۸۸۰۷

یاحفیظ

یاحفیظ

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

حفظ قرآن کے لئے

قرآن کریم کی مندرجہ ذیل آیت کو روزانہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر ایک گلاس پانی پر دم کر کے بچے کو نہار منہ پلائیں۔ اس عمل کو اکیس روز جاری رکھیں اور یہی آیت ایک کاغذ پر لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ بچے کا حافظہ قوی ہو جائے گا اور اس کو سبق یاد کرنے میں کوئی دقت نہیں ہوگی۔ آیت یہ ہے: وَ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ.

کاروبار کا حاسدین سے بچاؤ

اگر کسی شخص کا کاروبار نہ چلتا ہو یا کاروبار چلتے چلتے رک گیا ہو یا اگر کسی کو اس بات کا شک ہو کہ کسی نے اس کے کاروبار کی بندش کرادی ہے یا کسی کو یہ اندیشہ ہو کہ حاسدین کی ہائے ہائے کی وجہ سے اس کا کاروبار تباہ ہو گیا ہے تو ان تمام صورتوں میں یہ نقش مفید ثابت ہوگا اور کاروبار انشاء اللہ صحیح حالت پر آجائے گا۔ اس نقش میں نوچندی جمعرات کو ساعتِ مشتری میں تحریر کریں۔ ہری روشنائی سے اس نقش کو لکھیں اور آیت کو ۳۱۳ مرتبہ پڑھ کر آگے پیچھے تیرہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ نقش پر دم کر دیں اور نقش کو دوکان کی داہنی دیوار پر آویزاں کر دیں۔ اگر کسی فریم میں لگا کر آویزاں کریں تو بہتر ہے۔ اس نقش کو آویزاں کرنے سے پہلے ایک سوا ایک روپے کسی فقیر یا مستحق کو بطور ہدیہ دیدیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ وَعَلٰى اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ وَّلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ.

برائے حفاظت از شیاطین و جنات

اگر کسی مکان یا کسی جگہ میں شیاطین یا جنات کا ٹھکانہ ہو اور اس وجہ سے وہ مکان یا فیکٹری وغیرہ خیر و برکت سے محروم ہو اور اس جگہ کو شیاطین و جنات سے نجات دلانی ہو تو اس عمل کو ایمان و یقین کے ساتھ کریں۔ طریقہ یہ ہے کہ وضو کر کے زمین پر بیٹھ جائیں، سب سے پہلے اپنا حصار کر لیں، سات مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر اپنے اردگرد حسبِ قاعدہ حصار کا دائرہ کھینچ لیں، اس کے بعد عمل شروع کریں۔ عمل ختم کرنے کے بعد خاموش بیٹھ جائیں۔ شیاطین و جنات حاضر ہو جائیں گے، وہ پوچھیں گے کہ کیا چاہتے ہو؟ ان کو حضرت سلیمان علیہ السلام کا واسطہ دے کر یہ کہنا کہ وہ یہاں سے چلے جائیں، ورنہ ہم ان کو ختم کر دیں گے۔ یہ سن کر انشاء اللہ تمام جنات و شیاطین وہاں سے چلے جائیں گے۔ اس عمل کو اگر کسی عامل سے کرائیں تو بہتر ہے ورنہ کوئی مضبوط دل والا شخص یہ عمل کرے اور عورتیں اس عمل سے احتیاط برتیں۔ عمل یہ ہے۔

بسم اللہ تین سو بار

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

پہلا کلمہ اکتالیس بار

آیت الکرسی سات بار پڑھ کر اپنے اردگرد دائرہ کھینچ لیں۔ کسی لکڑی سے یا اپنی شہادت کی انگلی سے۔ اس کے بعد یہ عمل کریں۔ قرآن حکیم کی ہر آیت سو مرتبہ پڑھنی ہے۔

سورہ بقرہ کی آیت وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ.

سورہ صفّت کی آیت وَحِفْظًا مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ مَارِدٍ.

سورہ حٰم سجدہ کی آیت وَ حِفْظًا ذٰلِكَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ.

سورہ حجر کی آیت وَ حَفِظْنٰهَا مِنْ كُلِّ شَیْطٰنٍ الرَّجِیْمِ.

سورہ حجر کی آیت اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحَافِظُوْنَ لَهٗ مُعَقِّبَاتٌ مِنْ بَیْنِ یَدَیْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ یَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ

سورہ شوریٰ کی آیت حَفِیْظٌ عَلَیْهِمْ وَمَا اَنْتَ عَلَیْهِمْ بِوَكِیْلٍ.

سورہ طارق کی آیت اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَیْهَا حَافِظٌ.

سورہ بروج کی آیت بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِیْدٌ فِیْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ.

سورہ توبہ کی آیت فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ.

آخر میں یہ پڑھیں، یہ کلمات صرف تین مرتبہ پڑھیں۔

یاحفیظُ یاحفیظُ یاحفیظُ یاحفیظُ یاحفیظُ یاحفیظُ احْفَظْنَا. اَللّٰهُمَّ بِعَیْنَاتِ الَّتِیْ لَا تَنَامُ وَاكْنُفْنَا بِكَفْنِكَ الَّذِیْ لَا یَرَامُ یااللّٰه یااللّٰه یااللّٰه یارب العٰلمین.

ناگہانی خوف سے نجات کے لئے

اس نقش کو جمعرات کے دن ساعتِ مشتری میں لکھ کر اپنے گھر میں فریم میں چسپاں کر کے لگا دیں اور کسی دیوار پر لگانے سے پہلے اکتالیس مرتبہ یہی آیت پڑھ کر نقش پر دم کر دیں۔ انشاء اللہ ناگہانی آفت اور خوف سے نجات ملے گی۔

۷۸۶

فاللّٰہ	خیرٌ	حافظاً	وھو	ارحمُ	الراحمین
خیرٌ	حافظاً	وھو	ارحمُ	الزاحمین	فاللّٰہ
حافظاً	وھو	ارحمُ	الراحمین	فاللّٰہ	خیرٌ
وھو	ارحمُ	الراحمین	فاللّٰہ	خیرٌ	حافظاً
ارحمُ	الراحمین	فاللّٰہ	خیرٌ	حافظاً	وھو
الراحمین	فاللّٰہ	خیرٌ	حافظاً	وھو	ارحمُ

☆☆☆

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

قسط نمبر ۷

حضرت امام غزالیؒ

دنیا کے عجائب وغرائب

آگ کے وجود میں حکمت وراز

فرمان خداوندی ہے۔

اَفَرَاَیْتُمُ النَّارَ الَّتِیْ تُوْرُوْنَ ○ ءَ اَنْتُمْ اَنْشَاْتُمْ شَجَرَتَھَا اَمْ نَحْنُ الْمُنْشِئُوْنَ ○ نَحْنُ جَعَلْنٰھَا تَذْکِرَۃً وَّمَتَاعًا لِّلْمُقْوِیْنَ ○ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّکَ الْعَظِیْمِ ○

(سورۂ واقعہ آیت: ۷۱: تا ۷۴)

یعنی اچھا بتلاؤ جس آگ کو تم "سلگاتے ہو کیا تم نے پیدا کیا ہے اس کے درخت کو یا ہم پیدا کرنے والے ہیں۔ ہم نے اس کو یاد دہانی کی چیز اور مسافروں کے فائدہ کی چیز بنایا ہے۔ تو آپ عظیم الشان پروردگار کے نام کی تسبیح کیجئے۔"

اللہ تعالیٰ کا بڑا احسان ہے کہ اس نے آگ کو پیدا کیا لیکن اس کی کثرت اور بہتات میں چونکہ فساد اور بربادی کا سخت اندیشہ تھا اس لئے اس کے وجود کو ارادۂ انسانی کے ساتھ محدود ومحصور کیا، یعنی جب حاجت ہو اس کو جلالیں اور اس سے کام لے لیں، البتہ آگ کا مادّہ ہر وقت اجسام میں پوشیدہ فرمایا۔ آگ کے نفعے بے شمار ہیں، کھانے پینے کی چیزیں اس سے پکتی اور ترکیب پاتی ہیں اور ہضم کے قابل بنتی ہیں۔

اسی طرح سونا، چاندی، تانبا، لوہا، سیسہ وغیرہ کو آگ کے ذریعہ قابل نفع بنایا جاتا ہے اور ان سے فائدہ مند چیزیں تیار کی جاتی ہیں، تانبے کو پگھلا کر اس سے برتن بناتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اسی بنا پر ان امور کو قابل تشکر ٹھہرا کر فرمایا۔ اِعْمَلُوْا اٰلَ دَاوٗدَ شُکْرًا. کہ اے داؤد کے خاندان والو! تم سب شکریہ میں نیک کام کیا کرو، لوہے کو پگھلا کر اس سے طرح طرح کے نفع بخش اور کارآمد آلات حرب مثلاً زرہیں اور تلواریں تیار کی جاتی ہیں اور دوسرے بے شمار کام لئے جاتے ہیں، چنانچہ فرمایا۔ وَاَنْزَلْنَا الْحَدِیْدَ فِیْهِ بَأْسٌ شَدِیْدٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ.

کہ ہم نے لوہے کو پیدا کیا جس میں شدید ہیبت ہے اور اس کے علاوہ اور بھی طرح طرح کے فائدے ہیں۔

نیز لوہے ہی سے زمین پھاڑنے، کاشت کاٹنے کے اوزار اور ایسے آلات بنائے جاتے ہیں جو کوٹنے، پہاڑوں کو توڑنے، لکڑیوں کو چیرنے کاٹنے کے کام میں آتے ہیں اور جب بے گنتی ہیں، اگر آپ نہ ہوتی تو یہ نفع رساں اوزار وآلات کیسے بنتے؟ آگ نہ ہوتی تو سونے چاندی کے سکے یا زیبائش وآرائش کی چیزیں کس طرح مہیا ہوتیں اور یہ قیمتی دھاتیں مٹی میں ملی پڑی ہوتیں۔

ذرا غور کیجئے لوگ سردی میں آگ سے تپ کر کیسا سکون حاصل کرتے ہیں، رات کی تاریکی میں اس کی روشنی سے کھانے پینے کا کام چلاتے ہیں، اسی کی روشنی میں سونے کا انتظام کرتے ہیں، اذیت کی چیزوں سے اپنی جانوں کو بچاتے ہیں، غرض خشکی اور تری میں اپنی مرضی کے سارے کام اسی سے نکالتے ہیں بلکہ اس کے طفیل یہ محسوس کرتے ہیں کہ گویا سورج غروب ہی نہیں ہوا۔ اگر برف گرتی ہے، ٹھنڈی ہواؤں کے جھونکے چلتے ہیں تو لوگ ان کے خطرات سے آگ ہی کے ذریعہ بچتے ہیں، اگر لڑائیاں چلتی ہیں اور قلعوں کا سر کرنے کا سوال آتا ہے تو آگ ہی سے مدد لی جاتی ہے۔ لہٰذا یہ اللہ تعالیٰ کا زبردست احسان ہے کہ اس نے آگ کے معاملہ کو ہمارے اختیار پر چھوڑا، ہم چاہیں اس کو محفوظ رکھیں اور چاہیں تو اس کو کام میں لائیں۔

ف: آگ کے وجود سے اللہ تعالیٰ نے انسانی زندگی کے نفعوں کا ایک بڑا باب کھول دیا ہے اور اب بے شمار فائدے اس کے وجود سے وابستہ ہیں، کھانے پینے کے دھندے اسی سے چل رہے ہیں، یہ دن کو ہمارے سیکڑوں کام چلاتی ہے، رات کو اپنی روشنی سے تاریکی کی وحشت کو

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

دور کرتی ہے۔

سورہ واقعہ میں اللہ تعالیٰ نے اپنے احسانات کی فہرست میں اس کو بھی جگہ دی ہے اور اس کے دو اہم فائدے شمار فرمائے ہیں۔ ایک اُخروی، دوسرا دنیاوی۔ اخروی یہ کہ اس کا وجود نارِ دوزخ کی یاد دلاتا ہے، دل کو لرزاتا، کپکپاتا ہے، گناہوں سے قدم کو روکتا ہے اور دوزخ کا بھدّا سا نمونہ یہیں دنیا میں پیش کرتا ہے حالانکہ دنیا کی آگ کو دوزخ کی آگ سے بہت دوری کی نسبت حاصل ہے۔ حدیث پاک میں ہے۔

نَارُكُمْ هٰذِهِ الَّتِيْ يُوْقِدُهَا بَنُوْا اٰدَمَ جُزْءٌ مِّنْ سَبْعِيْنَ جُزْءٍ مِّنْ حَرِّ جَهَنَّمَ۔ کہ تمہاری یہ آگ جس کو انسان جلاتے ہیں جہنم کی آگ سے ستر درجہ کم گرم ہے۔ انسان جب اس آگ کی گرمی کی تاب نہیں لاسکتا تو جہنم کی آگ کی تاب کب لاسکے گا؟ لہٰذا آگ کا وجود نیک طینت، عاقبت اندیشوں کے لئے باعث عبرت و نصیحت ہے سبب نجات و مغفرت ہے وہ اس سے اپنا کام بھی لیتے ہیں اور دوزخ کے عذاب سے لرزتے اور کانپتے بھی ہیں۔

دنیاوی نفعوں میں اللہ تعالیٰ نے مسافروں کا نفع پیش فرمایا ہے، گو مقیم کے لئے بھی یہ آگ سراسر نفع ہے لیکن مسافر کی زندگی کا تو یہ زبردست سہارا ہے، یہ دن میں اس سے اپنی ساری حاجتیں پوری کرتا ہے، رات کو اس سے بہت اہم کام لیتا ہے، درندوں اور موذی جانوروں کو بھگانے کا کام بھی اسی سے لیتا ہے، شیر جو نہایت موذی جانور ہے، آگ سے بہت ہی ڈرتا ہے، اسی طرح ریچھ جو نہایت کینہ پرور اور اذیت رساں جانور ہے وہ تو آگ سے بہت ہی لرزتا گھبراتا ہے اور آگ کے پاس نہیں پھٹکتا، نیز بھولا بھٹکا مسافر اسی آگ کی روشنی سے اپنے راستہ کا پتہ لگالیتا ہے اور راستہ پر لگ جاتا ہے۔ عرب کے سخی آگ سے مہمانوں کو جمع کرتے اور مہیا کرنے کا کام لیا کرتے ہیں اور رات رات بھر اپنی جھونپڑیوں میں آگ جلائے رکھتے ہیں تاکہ بھوکا مسافر آگ کی رہنمائی میں سیدھا چلا آئے اور سفر کے خطروں سے اپنی جان کو بچالے، غرض آگ کا وجود انسان کے لئے نعمت عظمیٰ اور رحمت کبریٰ ہے۔

تمام روحانی مسائل کے حل کے لئے اور ہر قسم کا تعویذ و نقش یا لوح حاصل کرنے کے لئے ہاشمی روحانی مرکز دیوبند سے رابطہ کریں۔

مدرسہ مدینۃ العلم

قرآن حکیم کی مکمل

تعلیم و تربیت کا عظیم الشان مرکز

زیر اہتمام

ادارہ خدمت خلق دیوبند (حکومت سے منظور شدہ)

مدرسہ مدینۃ العلم

اہل خیر حضرات کی توجہ اور اعانت کا مستحق اور امیدوار ہے

مَنْ اَنْصَارِیْ اِلَی اللّٰہ

کون ہے جو خالصۃً اللہ کے لئے

میری مدد کرے؟ اور ثواب دارین کا حق دار بنے۔

IDARA KHIDMAT-E- KHALQ
A.C.N0
019101001186
ICICI BANK SAHARANPUR
IFSC COD N. ICI000191

تجربات شاہد ہیں کہ جن لوگوں نے مدرسہ مدینۃ العلم کی مدد کی ہے آج ان کا کاروبار اور دھندہ عروج پر ہے۔ اگر آپ ترقی حاصل کرنا چاہتے ہیں تو آپ بھی اس مدرسے کی مدد کے لئے اپنا ہاتھ بڑھائیں اور اپنے دونوں ہاتھوں سے اس کا اجر و ثواب دونوں جہاں میں وصول کریں۔

آپ کا اپنا مدرسہ

مدرسہ مدینۃ العلم

محلہ ابوالمعالی دیوبند (یوپی) 247554

فون نمبر: 09897916786-09557554338

FREE AMLIYAAT BOOKS......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

قسط نمبر:۲

ذکر کا ثبوت قرآن حکیم سے

رہبر کامل حضرت مولانا ذوالفقار علی نقشبندی

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں (وَاذْكُرْ رَبَّكَ فِي نَفْسِكَ)

مفسرین نے لکھا (ای فی نفسک) ذکر کر اپنے رب کا اپنے دل میں، اب یہ (وَاذْكُر) کا لفظ سمجھ میں نہیں آتا کہ حکم مل رہا ہے تو قرآن مجید کی تلاوت کرتے ہوئے یہ آیت نہیں پڑھتے کہ کیسے ذکر کریں؟ فی نفسك کیسے کریں؟ (تَضَرُّعًا وَخِيفَةً) گڑگڑاتے ہوئے اور بہت خفی انداز میں کہ دوسرے کو پتہ ہی نہ چلے۔

حضرت مفتی محمد شفیع رحمۃ اللہ علیہ اس آیت کے تحت معارف القرآن میں لکھتے ہیں کہ (تَضَرُّعًا وَخِيفَةً) کے لفظ سے ذکر قلبی کا ثبوت ملتا ہے تو اس کا اللہ نے حکم دیا اور یہی نہیں کہ صرف ذکر کا حکم دیا۔ آگے بتایا بھی کہ ذکر کرنا ہے تو کیسے کرنا ہے، فرمایا۔ (وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ) اب یہ ہے نا قرآن پاک کی آیت؟ ذکر کر اپنے رب کے نام کا اب یہ کسی مسلمان کو پوچھیں کہ تمہارے رب کا نام کیا ہے؟ تو ہم کیا بتائیں گے۔ ''اللہ'' یہ اسم ذات ہے، باقی تو صفاتی نام ہیں تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں (وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ) ذکر کر اپنے رب کے نام کا تو رب کا نام اللہ، تو ہم اللہ کا ذکر کیوں نہ کریں، تم دنیا کا ذکر سارے دن کرو، تمہیں پوچھنے والا کوئی نہیں، ہم اگر اللہ کا ذکر کریں تو کہتے ہیں کہ یہ کہاں سے دیسی چیز آ گئی، کہتے ہیں جی اللہ اللہ کرنے کا کیا مطلب؟ کیا ملتا ہے؟ اس کا مطلب کیا؟

ہم رٹیں گے گرچہ مطلب کچھ نہ ہو
ہم تو عاشق ہیں تمہارے نام کے

یہ محبت کا معاملہ ہے، جس کے دل کے اندر محبت کی چنگاری نہ ہو اسے یہ باتیں سمجھ میں نہیں آئیں گی، کہتے ہیں جی فقط اللہ اللہ کہنے کا کیا مطلب؟ سبحان اللہ، الحمد للہ ملا لیا کریں، میں نے ایک صاحب سے پوچھا کہ اچھا ایک بات بتاؤ کہ بچہ جب روتا ہے تو کیا کہتا ہے؟ یا می امی یا کوئی لفظ ملاتا ہے؟ کہا نہیں، محبت میں امی امی پکارتا ہے تو ہم بھی محبت میں اللہ پکارتے ہیں۔

دعوت کی ابتدا اور انتہا میں ذکر کا حکم

یہ ذکر اتنا عظیم الشان کام ہے کہ اللہ رب العزت نے اپنے انبیاء کو اس کام کو کرنے کا حکم عطا فرمایا، دیکھئے دو انبیا اور بڑے جلیل القدر انسان، ان کو نبوت سے اللہ نے سرفراز فرمایا اور دعوت کے کام لئے بھیجا اور ان دونوں کو ایک نصیحت کی، غور کا مقام ہے، اللہ تعالیٰ نصیحت کرنے والے ہیں اور انبیاء کو نصیحت کی جارہی ہے تو وہ نصیحت کتنی اہم ہوگی، قرآن پاک میں اس کا تذکرہ بھی کیا جارہا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ (اذْهَبْ أَنتَ وَأَخُوكَ بِآيَاتِي وَلَا تَنِيَا فِي ذِكْرِي) جائیے آپ اور آپ کا بھائی میری نشانیوں کو لے کر، پھر آگے تثنیہ کا صیغہ، دونوں کو خطاب کیا کہ تم دونوں میری یاد سے غافل نہ ہونا، اب بتائیے کہ جب انبیائے کرام کو حکم ہورہا ہے، مین پوائنٹ نوٹ کر کے بتایا جارہا ہے تو دعوت الی اللہ کی ابتدا بھی ذکر سے ہوئی اور دعوت الی اللہ کی انتہا کیا ہوتی ہے؟ کہ جب دوسرا بندہ بات نہیں مانتا، اسلم تسلم والی تو پھر قتال کرنا ہوتا ہے۔ اس موقع پر بھی ذکر کا حکم، جب کشتوں کے پشتے لگ رہے ہوں، خون کے فوارے چھوٹ رہے ہوں، لوگوں کی گردنیں کٹ رہی ہوں، عین اس وقت جب ہوش ہی نہیں ہوتا کسی بات کا، فرمایا تم اگرچہ جان دے رہے ہو میرے راستے میں مگر میں چاہتا ہوں اس حال میں بھی میری یاد سے غافل نہ ہوں۔ سنئے قرآن عظیم الشان اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں۔ (يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا لَقِيتُمْ فِئَةً فَاثْبُتُوا وَاذْكُرُوا اللَّهَ كَثِيرًا لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ)

اے ایمان والو! جب تمہارا آمنا سامنا ہو کفار کی جماعت کے ساتھ تم ڈٹ جاؤ (وَاذْكُرُوا اللَّهَ كَثِيرًا) اللہ کا ذکر کثرت سے کرنا (لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ) کامیابی تمہارے قدم چومے گی، اس حال میں بھی

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

ذکر کثرت سے کرنا اگر یوں کہہ دیتے بالفرض والتقدیر (یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اِذَا لَقِیْتُمْ فِئَةً فَاثْبُتُوْا وَاذْکُرُوْا اللّٰهَ کَثِیْرًا لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ) تو بھی فقرہ پورا ہوجاتا، بات مکمل ہوجاتی، کوئی کمی نہ رہتی، لیکن نہیں درمیان میں ایک پیغام دے گئے (وَاذْکُرُوْا اللّٰهَ کَثِیْرًا) اس حال میں بھی تم اللہ کا ذکر کثرت کے ساتھ کرو، اس حال میں بھی کثرت کے ساتھ ذکر کرنے کا حکم ہے۔

اللہ نے جواں مرد کس کو کہا؟

ہمیں چاہئے کہ ہمارے ہاتھ کام کاج میں مصروف ہوں اور ہمارا دل اللہ تعالیٰ کی یاد میں مصروف ہو، اس کو کہتے ہیں، ''دست بہ کار دل بیار'' ہاتھ کام کاج میں مشغول اور دل اللہ تعالیٰ کی یاد میں مشغول، اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں (رِجَالٌ) میرے جوانمرد بندے وہ ہیں (لَا تُلْهِیْهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَیْعٌ عَنْ ذِکْرِ اللّٰهِ) تجارت، خرید و فروخت بھی اللہ کی یاد سے انہیں غافل نہیں کرتی اللہ نے ان کو فرمایا کہ یہ میرے جوانمرد بندے ہیں، ہمت والے لوگ ہیں۔

ذکر نہ کرنے پر وعید

آج کل تو ہم نے دیکھا طلبہ کو بلکہ بعض اپنے علماء کو بھی کہ وہ بھی ذکر کو فقط نفلی کام سمجھتے ہیں، یعنی کوئی بیٹھا ذکر کررہا ہے تو سمجھتے ہیں یہ تو بیٹھا تسبیح پھیر رہا ہے، نفلی کام کررہا ہے، ضروری نہیں سمجھتے اور یہ بہت خطرے کی علامت ہے، ذکر نہ کرنے پر عذاب ہوگا، یہ ایسا کام نہیں ہے کہ کریں تو مرضی ورنہ نا سہی۔ قرآن کریم کی آیت پڑھ رہا ہوں۔ سنئے اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں۔ (وَمَنْ یُّعْرِضْ عَنْ ذِکْرِ رَبِّهٖ یَسْلُکْهُ عَذَابًا صَعَدًا) سارے مفسرین نے ''عَنْ ذِکْرِ رَبِّهٖ'' سے رب کی یاد مراد لی ہے، یہاں قرآن کریم مراد نہیں ہے، تو دیکھئے آیت بتارہی ہے، جو اعراض کرے گا رب کی یاد سے اسے چڑھتا ہوا عذاب ہوگا، تو کرنے کا حکم ہے اور نہ کرنے پر سزا اس لئے یہ خالص مکی مدنی چیز ہے اسے سیکھنا ہے۔

ذکر و اذکار کا مقصود

اچھا بتائیے! اگر آپ ایک مسجد میں جائیں اور قاری صاحب ''ا، ب، ت'' پڑھا رہے ہوں اور کوئی بندہ کہے کہ نبی علیہ السلام نے پوری زندگی کسی کو ''ا، ب، ت'' نہیں پڑھایا، یہ تو خالص یہاں کی دیسی چیز ہے تو آپ کیا کہیں گے؟ آپ یہیں کہیں گے نا کہ بھائی مقصود قرآن پاک کا پڑھنا ہے جس کی تعلیم کا حکم دیا گیا، اس کی ابتدا، ا، ب، ت سے کررہے ہیں یہی پڑھنے والا کل کو سبعہ عشرہ کا قاری بن جائے گا، بالکل اسی طرح جب ہم کسی کو مراقبہ بتاتے ہیں، ذکر بتاتے ہیں، تسبیحات بتاتے ہیں، تو وہ حقیقت میں اللہ کی یاد، اللہ کی معیت اس کے دل میں پیدا کرنے کی ابتدا ہوا کرتی ہے، یہ مقصود بالذات نہیں ہوتے، یہ مراقبے، یہ تو واسطہ اور ذریعہ ہوتے ہیں۔ ''ا، ب، ت'' کوئی مقصود بالذات ہے؟ آپ بتائیے صحابہ کرام میں سے کسی نے ''صرف صغیر'' پڑھی یا نبی علیہ السلام نے کسی حدیث میں تذکرہ فرمایا؟ کہ بھائی صرف بھی پڑھ لینا، نحو بھی پڑھ لینا، چونکہ یہ قرآن وحدیث کو سمجھنے کے لئے اس علم کی ضرورت ہے، لہٰذا اس علم کا ذریعہ کے طور پر سیکھنا لازم ہوگیا، اسی طرح یہ ذکر و مراقبہ کی جو محنت بتاتے ہیں کہ بھائی اتنی دفعہ صبح پڑھ لینا اتنی دفعہ شام پڑھ لینا، یہ انسان کے دل میں اللہ کی معیت کا استحضار پیدا کرنے کا ذریعہ ہوتا ہے۔

علم اور استحضار کا فرق

ایک ہوتا ہے علم، ایک ہوتا ہے اس کا استحضار، یہ دونوں چیزیں مختلف ہیں، علم تو ہر بندہ کو ہے۔ (هُوَ مَعَکُمْ اَیْنَ مَا کُنْتُمْ) اور وہ تمہارے ساتھ ہے تم جہاں کہیں بھی ہو، لیکن استحضار کتنوں کو ہے، ہر وقت یہ بات طبیعت میں مستحضر رہے، ہر وقت یاد رہے اللہ میرے ساتھ ہیں اور میں اللہ کے ساتھ ہوں، یہ کیفیت کا پیدا کرنا، اس کا حدیث پاک کے اندر حکم دیا گیا ہے، تذکرہ موجود ہے۔ نبی علیہ السلام نے ارشاد فرمایا: عبادہ بن صامتؓ کی روایت ہے، حدیث پاک میں ہے نبی علیہ السلام نے ارشاد فرمایا (افضل الایمان ان تعلم ان اللّٰہ معك اینما کنت) اعلیٰ ترین ایمان ہے کہ تو اس بات کو جان لے کہ تو جہاں کہیں بھی ہے، اللہ تیرے ساتھ ہیں، تو یہ کیفیت جس کو حاصل ہوگئی اس کو افضل ایمان والی کیفیت نصیب ہوگئی۔

حصول مقصد کے لئے طریق مشائخ

اب اگر یہ بات کسی کو سمجھانے کے لئے سکھانے کے لئے صبح وشام کے معمولات بتا دیئے جائیں اور دوسرا بندہ کہے جی کہ یہ تو دیسی چیز

محمد شبیر قادری

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

ہے تو معلوم ہوا کہ اس نے تو حقیقت کو سمجھا ہی نہیں، تو اصل مقصود اللہ رب العزت کی معیت کا دل میں استحضار پیدا کرنا ہے، ہر وقت دل میں اللہ تعالیٰ کا استحضار رہے، انابت الی اللہ، رجوع الی اللہ، اس کی کیفیت آجائے، اس لئے ہمارے مشائخ شروع میں اللہ اللہ کا ذکر سکھاتے ہیں، پھر اس کے بعد ایک وقت آتا ہے کہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ کا ذکر سکھاتے ہیں اور ایک وقت آتا ہے کہ دونوں ذکر ختم کر کے کہتے ہیں فقط اللہ کی طرف دھیان رکھو کہ اس کی طرف سے فیض آرہا ہے، بس نہ اللہ کا ذکر نہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ یہ بھی نہیں اس کو کہتے ہیں انابت الی اللہ، رجوع الی اللہ، حقیقت میں یہی ہے ذکر اللہ، کہ بندے کے دل کی توجہ اللہ کی طرف رہے، اسی کو قلب منیب اور ایسے بندے کو عبد منیب کہتے ہیں۔ (مُنِیْبِیْنَ اِلَیْه) (ثُمَّ اَنَابَ) (وَجَآءَ بِقَلْبٍ مُّنِیْب) تو انابت الی اللہ حاصل کرنے کے لئے یہ ذکر سکھایا جاتا ہے۔

مراقبہ کی تعریف

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ نے ''القول الجمیل'' میں یہ بات لکھی، وہ فرماتے ہیں کہ اس کے لئے بندے کو مراقبہ کرنا پڑتا ہے، مراقبہ کا لفظ استعمال کیا، پھر مراقبہ کی تفصیل آگے لکھتے ہوئے فرماتے ہیں۔ ''المراقبه ان تلازم قلبك للعلم بان الله ناظر اليك'' تو مراقبہ یہ ہے کہ تو دل پر اس بات کو لازم کرلے کہ اللہ رب العزت تیری طرف دیکھ رہے ہیں، یہ کیفیت ہوجائے یہ مراقبہ ہے، اب اس چیز کو سکھانے کی اگر محنت کی جائے تو یہ عظیم الشان محنت ہے اس سے عبادات میں جان آجاتی ہے۔

جسم کے لئے جو خون کی حیثیت ہے، عبادت کے لئے وہی ذکر کی حیثیت ہے، جو انسان ذکر سے خالی، اس کی عبادت ایسی ہے جیسے بدن خون سے خالی، تو ذکر کی کثرت سے اللہ رب العزت گناہوں سے بچنے کی توفیق عطا فرمادیتے ہیں اور ایسی کیفیت ہوجاتی ہے کہ انسان گناہوں سے محفوظ ہوجاتا ہے۔

حضرت تھانویؒ کا قول

حضرت اقدس تھانویؒ سے کسی نے پوچھا کہ حضرت یہ جو ذکر وسلوک ہے اس کا نچوڑ کیا ہے؟ مقصود کیا ہے؟ آخر کیوں کرتے ہیں؟ تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ ذکر کا مقصود یہ ہے کہ انسان کے رگ رگ اور ریشے ریشے سے گناہوں کا کھوٹ نکل جائے۔

ذکر کی برکت

مجدد الف ثانیؒ اپنی مکتوبات میں یہ بات لکھتے ہیں، وہ فرماتے ہیں اس امت میں ایسے محسنین بھی گزرے ہیں، ذاکرین بھی گزرے ہیں کہ بیس بیس سال گناہ لکھنے والے فرشتوں کو کوئی گناہ لکھنے کا موقع نہیں ملا، ایسی زندگیاں گزارتے تھے اللہ اکبر۔

چنانچہ ایک صحابی خشیت الٰہی میں رو رہے تھے، دوسرے نے پوچھا کہ آپ اتنا گریہ فرمارہے ہیں کوئی بھول ہوگئی، کوئی خطا ہوگئی تو ان کے سامنے گندم کا دانہ پڑا تھا، انہوں نے گندم کے دانہ کو اٹھا کر دکھایا اور قسم کھا کر فرمایا کہ میرے گناہوں کا وزن گندم کے دانے کے برابر بھی نہیں ہوگا، میں گناہوں کی وجہ سے نہیں روتا، میں تو اللہ کی عظمت اور ہیبت کی وجہ سے رو رہا ہوں، ایسی زندگی اللہ نے عطا کی تھی، علم اور ارادہ سے گناہ ہوتا ہی نہیں تھا، کرتے ہی نہیں تھے۔ تو یہ ہے مقام احسان، جس کے بارے میں حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کتنے خوبصورت انداز میں بات سمجھائی (ان تعبد الله كانّكَ تراه فان لم تكن تراه فانه يراك) تو اس لئے ذکر کا اصل مقصود اس مقام احسان کا حاصل ہوتا ہے اور جو آدمی کہتا ہے کہ جی اس کی ضرورت نہیں تو ہم اسے کہتے ہیں کہ آپ خود اپنے دل میں جھانک کر دیکھیں کہ آپ کو نماز میں وساوس آتے ہیں، دل کے اندر شیطانی شہوانی وساوس آتے ہیں کہ نہیں آتے؟ اور اگر آتے ہیں تو پھر اس کا علاج کہاں اس کا علاج دنیا میں کہیں نہیں ملے گا۔ اللہ والوں کی صحبت میں ملے گا، وہ بھی پھر ذکر کے ذریعہ سے دل کو صاف کردیتے ہیں، حدیث پاک میں فرمایا۔

''ذِكْرُ اللّٰهِ شِفَاءُ الْقُلُوْب'' ذکر دلوں کے لئے شفا ہے اور فرمایا ''لكل شيء صقالة وصقالة القلوب ذكر الله'' ہر چیز کے لئے ایک پالش ہوتی ہے اور دلوں کی پالش اللہ کی یاد ہے تو یہ تو ذکر کے لفظ کی کچھ تفصیل تھی کہ قرآن مجید سے چند آیات پڑھ کر آپ کو سنادی جائیں تاکہ پتہ چل جائے یہ کوئی عجمی چیز نہیں یہ خالص مکی مدنی چیز ہے۔

☆☆☆☆☆

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

ایک منہ والا رودراکش

پہچان

رودراکش پیڑ کے پھل کی گٹھلی ہے۔ اس گٹھلی پر عام طور پر قدرتی سیدھی لائنیں ہوتی ہیں۔ ان لائنوں کی گنتی کے حساب سے رودراکش کے منہ کی گنتی ہوتی ہے۔

فائدہ

ایک منہ والا رودراکش میں ایک قدرتی لائن ہوتی ہے۔ ایک منہ والے رودراکش کے لئے کہا جاتا ہے کہ اس کو دیکھنے ہی سے انسان کی قسمت بدل جاتی ہے تو پہننے سے کیا نہیں ہوگا۔ یہ بڑی بڑی تکلیفوں کو دور کردیتا ہے۔ جس گھر میں یہ ہوتا ہے اس گھر میں خیر وبرکت ہوتی ہے۔

ایک منہ والا رودراکش سب سے اچھا مانا جاتا ہے۔ اس کو پہننے سے سبھی طرح کی پریشانیاں دور ہوتی ہیں۔ چاہے وہ حالات کی وجہ سے ہوں یا دشمنوں کی وجہ سے۔ جس کے گلے میں ایک منہ والا رودراکش ہے اس انسان کے دشمن خود ہار جاتے ہیں اور خود ہی پسپا ہوجاتے ہیں۔

ایک منہ والا رودراکش پہننے سے یا کسی جگہ رکھنے سے ضرور فائدہ ہوتا ہے۔ یہ انسان کو سکون پہنچاتا ہے اور اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ قدرت کی ایک نعمت ہے۔

ہاشمی روحانی مرکز نے اس قدرتی نعمت کو ایک عمل کے ذریعہ اور بھی زیادہ موثر بنا کر عوام کی خدمت کے لئے تیار کیا ہے اس مختصر عمل کے بعد اس کی تاثیر اللہ کے فضل سے دوگنی ہوگئی ہے۔

خاصیت: جس گھر میں ایک منہ والا رودراکش ہوتا ہے اللہ کے فضل سے اس گھر میں بفضل خداوندی خوشیاں اور سکون ہوتا ہے۔ ناگہانی موت سے حفاظت رہتی ہے، جادوٹونے اور آسیبی اثرات سے حفاظت رہتی ہے اور نجات بھی ملتی ہے، ایک منہ والا رودراکش بہت قیمتی ہوتا ہے اور بہت کم ملتا ہے، یہ چاند کی شکل کا یا کاجو کی شکل کا بھی ہوتا ہے جو کہ عام طور پر دستیاب ہے اس کا کوئی فائدہ نہیں۔ اصلی ایک منہ والا رودراکش جو گول ہونا ضروری ہے جو کہ مخصوص مقامات میں پایا جاتا ہے، جو کہ مشکل سے اور بہت کوششوں سے حاصل ہوتا ہے، ایک منہ والا رودراکش گلے میں رکھنے سے گلا کبھی پیسے سے خالی نہیں ہوتا، اس رودراکش کو ایک مخصوص عمل کے ذریعہ مزید معتبر بنایا جاتا ہے، یہ اللہ کی ایک نعمت ہے، اس نعمت سے فائدہ اٹھانے کے لئے ہم سے رابطہ قائم کریں اور کسی وہم میں مبتلا نہ ہوں۔

(نوٹ) واضح رہے کہ دس سال کے بعد رودراکش کی افادیت متاثر ہوجاتی ہے، دس سال کے بعد اگر رودراکش بدل دیں تو دوراندیشی ہوگی۔

ملنے کا پتہ: ہاشمی روحانی مرکز محلہ ابوالمعالی، دیوبند
اس نمبر پر رابطہ قائم کریں 09897648829

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

ادارہ

اس ماہ کی شخصیت

از: ناگپور

نام: سلطان احمد قاسمی

نام والدین: نفیس بانو، عزیز احمد نام زوجہ بلقیس بیگم

تاریخ پیدائش: ۱۴راگست ۱۹۷۸ء

شادی کی تاریخ: ۴ردسمبر ۲۰۰۸ء

قابلیت: فراغت دارالعلوم دیوبند، ہائی اسکول

آپ کا نام ۹ حروف پر مشتمل ہے، ان میں سے ایک حرف نقطے والا ہے، باقی ۸ حروف، حروف صوامت سے تعلق رکھتے ہیں۔ عنصر کے اعتبار سے آپ کے نام میں ۴ حروف آتشی، ۳ حروف خاکی، ایک بادی، اور ایک حرف آبی ہے، آپ کے نام میں بہ اعتبار تعداد آتشی حروف کو اور بہ اعتبار اعداد آبی حرف کو غلبہ حاصل ہے۔ آپ کا مفرد عدد ۴، مرکب عدد ۲۲ اور آپ کے نام کے مجموعی اعداد ۲۰۲ ہیں۔

۴ کا ستارہ عطارد سے منسوب مانا گیا ہے۔ اس عدد کا شخص باتونی قسم کا انسان ہوتا ہے اور اس قدر خوش کن باتیں کرتا ہے کہ اس کے متعلق کوئی حتمی رائے قائم نہیں کی جاسکتی، اس کی صحت قابل رشک ہوتی ہے، اس کے ساتھ جو وقت گزرتا ہے وہ پرلطف ہوتا ہے، اس کی لمبی صحت سے بھی کسی طرح کی بوریت محسوس نہیں ہوتی، یہ اپنی چکنی چپڑی باتوں سے لوگوں کو مسحور رکھتا ہے اور ان کے دل و دماغ پر ایک طرح کا تسلط قائم رہتا ہے۔ بہرکیف اس کی شخصیت میں ایک طرح کی کشش ہوتی ہے اور لوگ اس کا قرب تلاش کرتے ہیں، اس شخص میں ایک خامی یہ ہوتی ہے کہ یہ ہر بات کو مخالفانہ نقطۂ نظر سے دیکھنے کے عادی ہوتا ہے، لوگوں پر تنقید کرنا اس کی ذات کا ایک حصہ ہوتا ہے۔

یہ بات واضح رہے کہ تنقید سے مراد تنقیص نہیں ہے اور تنقید سے مراد تنقید برائے تنقید بھی نہیں ہے بلکہ تنقید سے مراد یہ ہے کہ لوگوں میں جو بھی سچ مچ قسم کی خامیاں اور خرابیاں ہوتی ہیں یہ انہیں تاڑ لیتا ہے اور تاڑنے کے بعد چپ نہیں رہتا، برملا لوگوں کی برائیوں اور خامیوں سے انہیں آگاہ کردیتا ہے، یہ ایک طرح کا آئینہ ہوتا ہے لیکن لوگوں کی اکثریت آئینہ پر تاؤ کھانے کی خوگر ہوتی ہے اس لئے اس کا دائرہ احباب دن بہ دن سکڑتا رہتا ہے، اس میں بحث ومباحثہ کی بھی عادت ہوتی ہے اور یہ عادت بھی اس کو اچھے دوستوں سے دور کردیتی ہے۔

۴ عدد کے شخص میں یہ خوبی ہوتی ہے کہ دوران گفتگو یہ ایسے دلائل پیش کرتا ہے کہ سننے والے اس کی بات ماننے پر مجبور ہوجاتے ہیں لیکن خوشنما دلائل سے لوگوں کے ذہن تو متاثر ہوجاتے ہیں البتہ دل مطمئن نہیں ہوتے اس لئے بسا اوقات اس کی طویل بحث، ضد اور ہٹ دھرمی کی وجہ سے اور اپنی بات کی اُپج کی بنا پر کئی اچھے دوست ۴ عدد والے شخص سے دور اور بہت دور ہوجاتے ہیں اور اس سے اپنا ناطہ توڑ لیتے ہیں اور بحث ومباحثہ کی خصوصیت کی وجہ سے اس کے دشمنوں اور بدخواہوں میں دن بہ دن اضافہ ہی ہوتا رہتا ہے۔ جو لوگ اس کے قرب کے متمنی رہتے تھے آہستہ آہستہ وہ بھی کچھ فاصلہ پر چلے جاتے ہیں اور اس کی قربت سے احتیاط برتنے لگتے ہیں لیکن یہ بات بھی اپنی جگہ بالکل صحیح ہے کہ ۴ عدد والے شخص کا اس طرح کا مزاج کسی کو ستانے یا کسی کا دل دکھانے کے لئے نہیں ہوتا بلکہ وہ ساری دنیا کو اپنی سوچ پر لانے کی کوشش کرتا ہے، وہ فطرتاً اصلاح پسند اور حقیقت نواز ہوتا ہے لیکن دنیا اس کے سچ اور اس کی حقیقت پسندی کو سمجھ نہیں پاتی، دنیا والے بالعموم کذب اور نفاق کو پسند کرتے ہیں اس لئے سچ بولنے والے لوگ نکو بن جاتے ہیں اور لوگوں کو ان کی صداقت پسندی اور ان کی حقائق پرستی کی وجہ سے ان سے توحش ہونے لگتا ہے اور دنیا والے ایسے شخص سے کنارہ کشی اختیار کرلیتے ہیں۔

۴ عدد والے شخص میں ایک خاص بات یہ ہوتی ہے کہ وہ مروجہ

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

قانون اور برسر اقتدار پارٹی کے خلاف بھی اپنی زبان کو کھولتا رہتا ہے اور ظاہر ہے کہ اس روش کی وجہ سے اس کے دامن میں صرف نقصان ہی آتا ہے، یہ بات اپنی جگہ مسلم ہے کہ ۴ عدد والے شخص جو کچھ بھی سخت سست بولتا ہے اس میں اس کی نیک نیتی کو دخل ہوتا ہے، کسی لالچ کی ڈر اور کسی طرح کی وجہ سے وہ اپنی زبان نہیں چلاتا، لیکن مسلسل خسارے کے کچھ بھی نہیں آتا، کیوں کہ دنیادار سے جھوٹ بولنے والوں کو بھی سلامیاں دیتے ہیں اور منافق اور چاپلوس قسم کے حصے ہی میں دنیا کی بہاریں آتی ہیں۔

تجربات زمانہ یہ بتاتے ہیں کہ اگر ۴ عدد والا شخص وکیل بن جائے یا جج بن جائے یا پروفیسر بن جائے تو اسکے حصہ میں زبردست کامیابیاں آتی ہیں اور وہ من چاہی خوشیوں سے بہرہ ور ہوجاتا ہے۔

۴ عدد کے لوگ بے جا رسومات کی زبردست مخالفت کرتے ہیں، یہ دقیانوسیت کو بھی قابل اعتبار نہیں مانتا اگر اس کے سامنے مال و دولت کی بات کی جائے تو اس کو بھی اہمیت نہیں دیتا اس کا رجحان حالات اور ماحول کی طرف رہتا ہے اور یہ چڑھتے سورج کی پوجا کرنے کا بھی قائل نہیں ہوتا۔ ۴ عدد کا شخص اپنے اندر صبر وتحمل بھی رکھتا ہے لیکن غلط بات اس سے برداشت نہیں ہوتی، زہر کو تریاق اور تریاق کو زہر کہنا اس کے بس سے باہر ہے، یہ سفید کو سفید اور سیاہ کو سیاہ ہی کہتا ہے اور پھر اپنی بات پر جما رہتا ہے، لوگ اس کو ضدی اور ہٹ دھرم سمجھتے ہیں جب کہ یہ ضدی اور ہٹ دھرم نہیں ہوتا، یہ مستقل مزاج ہوتا ہے اس کی طبیعت ٹھوس ہوتی ہے اور اس کے اندر زبردست استحکام ہوتا ہے، کچھ بھی ہو اس کے پائے استقلال میں جنبش نہیں آتی۔

۴ عدد کے لوگ خوش گفتار ہوتے ہیں، وہ اپنی خوش گفتاری کی وجہ سے لوگوں کو متاثر کرنے میں کامیاب رہتے ہیں لیکن اگر اتفاقاً ان کا سابقہ کسی ایسے شخص سے پڑجائے جو خوش گفتاری اور خوش کلامی میں اس سے بڑھ چڑھ کر ہے تو پھر بحث طویل ہوجاتی ہے اور مقابلہ خاصا وقت برباد کرتا ہے۔

۴ عدد کے شخص کو بے وقوف بنانا آسان نہیں ہوتا، یہ جلدی سے کسی کے دھوکے میں نہیں آتے اور بہت جلدی سے آنکھیں بند کر کے کسی پر بھروسہ نہیں کرتے۔ ۴ عدد کے لوگوں میں ایک خوبی یہ ہوتی ہے کہ یہ کسی کی خوش حالی اور ترقی سے نہیں جلتے، کسی سے کینہ نہیں رکھتے، کسی سے حسد نہیں کرتے اور کسی کا پیچھا نہیں کرتے، بات بات پر بحث کرتے ہیں اور دل کے صاف ہوتے ہیں اور ان کا دل بغض وعناد کے گرد وغبار سے پاک صاف رہتا ہے۔

عام دنیا والوں کا مزاج اس کے برعکس ہوتا ہے اس لئے لوگ ان کی بیجا بحث کی بنا پر ان سے بدظن ہوجاتے ہیں اور ان کے خلاف سوچنا اور ان کا شغل بن جاتا ہے۔ چونکہ آپ کا مفرد عدد بھی ۴ ہے اس لئے کم وبیش یہ تمام خصوصیات آپ کے اندر بھی موجود ہوں گی، آپ حد سے زیادہ محنتی ہیں، آپ صلح پسند ہیں، آپ مشکلات سے مقابلہ کرنے کا حوصلہ رکھتے ہیں، لیکن آپ انتہا پسند ہیں اور انتہا پسندی کی وجہ سے آپ کو اکثر مشکلات میں پڑجاتے ہیں اور اپنی شخصیت کو پامال کردیتے ہیں، انتہا پسندی ایک ایسی خامی ہے کہ جو انسان کو بار بار آفتوں سے دوچار کرتی ہے اور انسان کو بار بار آزمائشوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے، آپ شاہ خرچ بھی ہیں اور شاہ خرچی کی وجہ سے آپ اکثر مقروض اور تنگ دست بھی ہوجاتے ہیں، بلاشبہ بخل ایک خطرناک بیماری ہے لیکن فضول خرچی بھی کوئی اچھی صفت نہیں ہے، اکثر فضول خرچ لوگ تنگ دامن ہوجاتے ہیں، فضول خرچ لوگوں کو قرآن حکیم میں شیطان کے بھائی قرار دیا ہے، آپ کو فضول خرچی سے گریز کرنا چاہیے۔

آپ کی مبارک تاریخیں ۴، ۱۳، ۲۲ اور ۳۱ ہیں، ان تاریخوں میں اپنے اہم کام انجام دیا کریں، انشاء اللہ کامیابی سے ہمکنار ہوں گے، آپ کا لکی عدد ۶ ہے۔ ۹ عدد کی چیزیں خاص طور پر آپ کو راس آئیں گی اور آپ کی ترقی کا ذریعہ بنیں گی۔ آپ کی دوستی ایک اور ۸ عدد کے لوگوں سے خوب جمے گی۔ ۲، ۷، اور ۹ عدد کے لوگ آپ کے لئے عام سے لوگ ثابت ہوں گے۔ یہ حالات کے ساتھ ساتھ آپ سے اچھا برا سلوک کریں گے۔ ۳ اور ۵ عدد آپ کے دشمن ہیں۔ ان عدد کی چیزیں آپ کو راس نہیں آئیں گی اور نہ ہی ان عدد کے لوگ آپ کو کوئی فائدہ پہنچا سکیں گے۔ ۳ اور ۵ عدد کی چیزوں کی شخصیات سے اگر آپ دور رہیں تو آپ کے حق میں بہتر ہوگا اور منافق اور چاپلوس قسم کے حصے ہی میں دنیا کی بہاریں آتی ہیں۔

آپ کا مرکب عدد ۲۲ ہے، یہ ایک غیر موافق عدد ہے، یہ نمبر انسان کو زندگی میں بہت ہچکولے کھلاتا ہے، اس نمبر کی وجہ سے انسان یار

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

دوستوں سے بار بار فریب کھاتا ہے اور بار بار نقصان اٹھانے پر مجبور ہوتا ہے۔ جن لوگوں کا مرکب عدد ۲۲ ہوتا ہے وہ اکثر ڈپریشن کا شکار رہتے ہیں اور اکثر و بیشتر افسردہ اور نروس ہوجاتے ہیں۔

آپ کی تاریخ پیدائش ۱۴ ہے اور اس کا مفرد عدد ۵ بنتا ہے، پانچ آپ کا دشمن عدد ہے اسلئے آپ کی زندگی میں نشیب وفراز اور اُتار چڑھاؤ بہت آئیں گے اور زندگی میں قدم قدم پر رکاوٹیں کھڑی ہوں گی، آپ کی مجموعی تاریخ پیدائش کا مفرد عدد ۲ ہے۔ یہ آپ کی تقدیر کا عدد ہے اور یہ عدد آپ کی خوشیوں اور کامرانیوں سے جڑا رہے گا اور اکثر و بیشتر آپ کے ساتھ تعاون کرے گا۔

آپ کی زوجہ بلقیس بیگم کا مفرد عدد ۴ ہے اور آپ کی شادی کی تاریخ بھی ۴ ہے اس لئے آپ کی ازدواجی زندگی مطمئن اور آسودہ ہوگی آپ کو بیوی سے امید کے مطابق محبت ملے گی اور ہمدردی بھی، موجودہ زمانہ میں ازدواجی زندگیاں سوفی صد ناکام ہورہی ہیں، لیکن آپ خوش نصیب ہیں کہ آپ کی ازدواجی زندگی خوشیوں اور سکون واطمینان سے بہرہ ور ہے۔

بیوی اگر محبت کرنے والی اور حوصلہ افزائی کرنے والی ہو تو انسان بڑے سے بڑے طوفانوں سے ہنستے کھیلتے گزر جاتا ہے۔

آپ کی غیر مبارک تاریخیں: ۶، ۱۲، ۱۶، ۲۱ اور ۲۵ ہیں۔ ان تاریخوں میں اپنے اہم کام کرنے سے گریز کریں، ورنہ ناکامی کا اندیشہ رہے گا۔

آپ کا برج اور ستارہ شمس ہے۔ اتوار کا دن آپ کے لئے اہم ہے، اپنے خاص کاموں کو اتوار کے دن کیا کریں، پیر منگل اور جمعرات بھی آپ کے لئے مبارک ثابت ہوں گے لیکن جمعہ اور ہفتہ آپ کے لئے مبارک نہیں ہیں، ان دنوں میں اپنے اہم کاموں کو کرنے کی غلطی نہ کریں۔ ہیرا، پکھراج اور پنا آپ کی راشی پتھر ہیں، یہ پتھر آپ کی زندگی میں سنہرا انقلاب لانے کا ذریعہ بن سکتے ہیں، ان میں سے کوئی بھی پتھر جو کم سے کم ۶ رتی کا ہو اس کو ساڑھے چار ماشہ کی چاندی کی انگوٹھی میں جڑوا کر سیدھے کے ہاتھ کی کسی انگلی میں پہنیں، درمیان کی انگلی میں انگوٹھی پہننے سے احتیاط برتیں کیوں کہ رحمۃ اللعالمین صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچ کی انگلی میں انگوٹھی پہننے کو منع فرمایا ہے۔

جنوری، فروری اور یکم جولائی سے ۲۰ جولائی تک اپنی صحت کا خیال بطور خاص رکھیں، ان ایام میں آپ کسی ایسی بیماری کا شکار ہوسکتے ہیں جو آپ کے لئے اذیت دہ بنے گی، عمر کے کسی بھی دور میں آپ کو درد کمر، درد سینہ، امراض ناخن، امراض قلب، مرگی، درد گھٹیا اور امراض حلق کی شکایت ہوسکتی ہے، مذکورہ ایام میں اگر آپ کو کوئی معمولی سی بیماری بھی لاحق ہو تو وقت ضائع کئے بغیر اس کے علاج کی طرف دھیان دیں اور شکرہ پالنے کی غلطی نہ کریں۔

آپ کو ٹھنڈی غذائیں ہمیشہ راس آئیں گی، آپ کے لئے ضروری ہے کہ آپ خود کو تیز مسالوں سے اور تیز مرچوں والی ترکاری سے اور کھٹی چیزوں سے بچائیں، یہ چیزیں آپ کی صحت کو تباہ کردیں گی۔

آپ کے نام میں ۸ حروف، حروف صوامت سے تعلق رکھتے ہیں، ان حروف کے مجموعی اعداد ۱۵۳ ہیں اگر ان میں اسم ذات الٰہی کے اعداد ۶۶ بھی شامل کرلئے جائیں تو مجموعی اعداد ۲۱۹ بن جاتے ہیں، ان کا نقش مربع آپ کے لئے مفید ثابت ہوگا اور آپ کے لئے سکینت وطمانیت کا سبب بنے گا۔

ان اعداد کا نقش مربع اس طرح بنے گا۔

۷۸۶

۵۴	۵۷	۶۱	۴۷
۶۰	۴۸	۵۳	۵۸
۴۹	۶۳	۵۵	۵۲
۵۶	۵۱	۵۰	۶۲

حرف م آپ کے لئے ہمیشہ مبارک ثابت ہوگا، اس حرف سے شروع ہونے والی ہر چیز آپ کے لئے مبارک اور باعث راحت ثابت ہوگی، جیسے مدینہ، ممبئی، مسور، مکئی، موتی وغیرہ اور نج، سرخ اور سنہرا رنگ آپ کے لئے مبارک ثابت ہوں گے، ان رنگوں کا استعمال مختلف انداز سے آپ کرسکتے ہیں۔ اگر اپنے گھر کی کھڑکیوں پر آپ ان رنگوں کے پردے آویزاں کریں تو آپ کو راحت اور اطمینان محسوس ہوگا اور گھر میں خیر وبرکت بھی پیدا ہوگی۔

آپ کی فطرت میں صلح کا مادّہ موجود ہے، آپ فطرتاً جھگڑوں اور نفرتوں کو ناپسند کرتے ہیں اور اختلافات سے دور رہنا آپ کی ذات کا

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

ایک حصہ ہے لیکن پھر بھی مختلف قسم کے جھگڑے آپ کی ذات سے ہمیشہ جڑے رہیں گے۔ آپ صاحب رائے ہیں، آپ کسی بھی معاملہ میں اچھی رائے دے سکتے ہیں لیکن لوگ آپ کی رائے کی اہمیت کو نہیں سمجھ سکیں گے اور اکثر لوگ آپ کی رائے کے برخلاف کام کریں گے خواہ ان کو ایسا کرنے کا خمیازہ بھگتنا پڑے۔

آپ کی ذاتی خوبیاں یہ ہیں: صبر وضبط، قوت اعتماد، احتیاط، نئی نئی ایجادات، حق پرستی، صداقت نوازی، پاکیزہ سوچ وفکر، توسع اور کشادہ مزاجی وغیرہ۔

آپ کی ذاتی خامیاں یہ ہیں: جذباتیت، جلد غصہ آجانا، بلاوجہ کی بحث، ضد، ہٹ دھرمی، اپنی بات کی اُپج وغیرہ۔

ہمیں امید ہے کہ اس کالم کو پڑھنے بعد آپ اپنی خوبیوں میں اضافہ کرنے کی کوشش کریں گے اور ان خامیوں سے حتی الامکان خود کو بچائیں گے جن کی طرف ہم نے اشارہ کیا ہے۔

آپ کی تاریخ پیدائش کا چارٹ یہ ہے۔

		۹
		۸۸
۱۱	۴	۷

آپ کی تاریخ پیدائش کے چارٹ میں ایک کا عدد دو بار آیا ہے، جو آپ کی قوت اظہار کی علامت ہے، آپ باتونی قسم کے انسان ہیں اور آپ اپنے مافی الضمیر کو بہتر انداز میں پیش کرسکتے ہیں، آپ میں اچھی گفتگو کرنے کی اعلیٰ صلاحیت موجود ہے۔

اس چارٹ میں ۲ اور ۳ کی غیر موجودگی یہ ثابت کرتی ہے کہ آپ دوسروں کے احساسات اور جذبات کی بالکل پرواہ نہیں کرتے جب کہ آپ کو دوسروں کے لئے زیادہ حساس ہونا چاہئے، آپ حساب وکتاب کے معاملہ میں بھی کچے ہیں جب کہ اس دنیا میں جتنے بھی قابل قدر لوگ ہیں وہ بھی حساب وکتاب کے معاملہ بہت چوکنا رہتے تھے۔ بزرگوں کا قول ہے کہ بخشش لاکھوں کی بھی کی جاسکتی ہے لیکن حساب پائی پائی کا ہونا چاہئے۔

۴ کی موجودگی یہ ثابت کرتی ہے کہ آپ کے اندر کام کرنے کی صلاحیت تو ہے ہی لیکن آپ کے کام کرنے کی اسپیڈ بھی بہت زیادہ ہے جتنے دیر میں آپ کام نمٹا سکتے ہیں اتنے دیر میں دو آدمی بھی کام نہیں نمٹا سکتے۔

آپ کے چارٹ میں ۵ اور ۶ دونوں موجود نہیں ہیں جو اچھی علامت نہیں ہے۔ ۵ کی غیر موجودگی یہ ثابت کرتی ہے کہ آپ نقطۂ اعتدال سے محروم ہیں اور ۶ کی غیر موجودگی یہ ثابت کرتی ہے کہ آپ اکثر وبیشتر معاملات میں سرد مہری کا مظاہرہ کرتے ہیں۔

۷ کی موجودگی یہ ثابت کرتی ہے کہ آپ عدل وانصاف کے دلدادہ ہیں، آپ ہر جگہ انصاف ہی کو دیکھنا چاہتے ہیں اور ظلم وستم سے آپ کو وحشت ہوتی ہے، آپ ظلم وستم کے خلاف احتجاج بھی کرتے رہتے ہیں۔

آپ کے چارٹ میں ۸ دو بار آیا ہے جو اس بات کی علامت ہے کہ آپ دوسروں کی صلاحیتوں کو جانچنے میں بہت زیادہ چالاک ہیں، آپ کے اندر ذہنی توانائی حد سے زیادہ موجود ہے، اس توانائی کی وجہ سے آپ اپنے ہم عصروں میں ہمیشہ ممتاز رہیں گے اور اپنے کاروبار پر ہمیشہ عبور رکھیں گے، آپ کی ایک صفت یہ بھی ہے کہ آپ اپنی زندگی ہمیشہ نئی تبدیلی کو خوش آئند سمجھیں گے، آپ ہر قسم کے انقلاب کو احترام کی نظروں سے دیکھنے کے عادی ہیں۔

۹ کی موجودگی آپ کے حساس ہونے کا ثبوت ہے اور یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ آپ کا شعور کافی بڑھا ہوا ہے، آپ وسیع النظر بھی ہیں لیکن آپ اکثر عجلت پسندی کا مظاہرہ کرگزرتے ہیں جو نقصان دہ ثابت ہوتا ہے، آپ اکثر مشتعل بھی ہوجاتے ہیں اور اشتعال آپ کو ہمیشہ نقصان ہی پہنچاتا ہے۔

آپ کے دستخط آپ کی ہوشیاری اور بیدار مغزی کا ثبوت ہیں، آپ جو بھی قدم اٹھاتے ہیں اس میں احتیاط کو ملحوظ رکھتے ہیں لیکن آپ کے دستخط سے آپ کی خود غرضی اور مفاد پرستی بھی عیاں بیاں ہے۔ آپ کا فوٹو یہ ثابت کرتا ہے کہ عام زندگی میں آپ اپنے دوستوں سے گھل مل کر زندگی گزارتے ہیں لیکن آپ سے کسی عیب اور کسی کی برائیاں برداشت نہیں ہوتیں۔ ہم یقین رکھتے ہیں کہ اس خاکے کو پڑھنے کے بعد آپ اپنی اصلاح پر توجہ رکھیں گے اور اپنی خوبیوں میں مزید نکھار پیدا کرنے کی جدوجہد جاری رکھیں گے۔ ☆

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

قسط نمبر: ۴۸

اسلام الف سے ی تک

دال مہملہ، (د) دال ہندی (ڈ) ذال معجمہ (ذ)

مختار بدری

صحیح مسلم میں ہے کہ چند صحابہ کرامؓ عمرہ کے لئے نکلے، راستہ میں چاند کو دیکھا تو بڑا اور روشن تھا، بعض نے اسے دو رات کا اور بعض نے اسے تین رات کا قرار دیا۔ حضرت عبداللہ ابن عباسؓ نے پوچھا کہ تم لوگوں نے کس رات میں پہلی بار اس کو دیکھا تو کہا فلاں شب کو وہ نظر آیا تھا تو ابن عباس نے فرمایا۔

ان رسول الله صلى الله عليه وسلم امدالرؤية فهو لليلة رأيتموه. (صحیح مسلم،ص،۱۱۴، جلد نمبر:۱)

یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو رویت کی طرف منسوب فرمایا ہے۔ اس لئے یہ اس رات کا چاند سمجھا جائے گا جس میں اس کی رویت ہوئی ہے۔ اس سے یہ ظاہر ہوا کہ مسئلہ چاند کے وجود کا نہیں بلکہ عام نگاہ سے اس کا دیکھا جانا ضروری ہے، جہاں جہاں شوال کا چاند دیکھا جائے گا وہاں وہاں عید منائی جائے گی، ملک بھر میں عید کی وحدانیت ویکسانیت کی بحث بے معنی ہے۔

رہبانیت

ترک دنیا، موضح القرآن میں حضرت شاہ دہلوی لکھتے ہیں۔ نصاریٰ نے اس فقیری اور ترک دنیا کی رسم نکالی، جنگل میں تکیہ بنا کر بیٹھتے، نہ بیوی رکھتے نہ بچے، نہ کماتے، نہ جوڑتے

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا وَّاِبْرَاهِيْمَ وَجَعَلْنَا فِيْ ذُرِّيَّتِهِمَا النُّبُوَّةَ وَالْكِتَابَ فَمِنْهُمْ مُّهْتَدٍ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فَاسِقُوْنَ ۞ ثُمَّ قَفَّيْنَا عَلٰى اٰثَارِهِمْ بِرُسُلِنَا وَقَفَّيْنَا بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ وَاٰتَيْنَاهُ الْاِنْجِيْلَ وَجَعَلْنَا فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ رَاْفَةً وَّرَحْمَةً وَّرَهْبَانِيَّةَ نِ ابْتَدَعُوْهَا مَا كَتَبْنَاهَا عَلَيْهِمْ اِلَّا ابْتِغَآءَ رِضْوَانِ اللّٰهِ فَمَا رَعَوْهَا حَقَّ رِعَايَتِهَا فَاٰتَيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْهُمْ اَجْرَهُمْ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فَاسِقُوْنَ ۞

اور ہم نے نوحؑ اور ابراہیمؑ کو (پیغمبر بنا کر) بھیجا اور ان کی اولاد میں پیغمبری اور کتاب (کے سلسلے) کو (وقتاً فوقتاً جاری) رکھا تو بعض ان میں سے ہدایت پر ہیں اور اکثر ان میں سے خارج از اطاعت ہیں، پھر ان کے پیچھے انہی کے قدموں پر (اور) پیغمبر بھیجے، ان کے پیچھے مریم کے بیٹے عیسیٰ کو بھی بھیجا اور ان کو انجیل عطا کی اور جن لوگوں نے ان کی پیروی کی، ان کے دلوں میں شفقت اور مہربانی ڈال دی اور رہبانیت خود انہوں نے ایجاد کرلی۔ ہم نے ان کو اس کا حکم نہیں دیا تھا، ہم نے تو ان پر اللہ کی رضا جوئی فرض کی تھی، انہوں نے رہبانیت کا جو حق تھا اسے بھی ادا نہ کیا، پس جو لوگ ان میں سے ایمان لائے ان کو ہم نے اجر دیا اور ان میں بہت سے نافرمان ہیں۔ (۵۷: ۲۶/ ۲۷)

مولانا ابوالاعلیٰ مودودیؒ نے لکھا ہے کہ رہبانیت کا مطلب ہے مسلک خوف زندگی اور رہبانیت کے معنی ہیں، مسلکِ خوف زدگان، اصطلاحاً اس سے مراد ہے کہ کسی شخص کے خوف کی بنا پر (قطع نظر اس سے کہ وہ دنیا کے فتنوں کا خوف ہو یا کسی کے ظلم کا خوف ہو یا اپنے نفس کی کمزوریوں کا خوف) تارک الدنیا بن جانا اور دنیوی زندگی سے بھاگ کر جنگلوں اور پہاڑوں میں پناہ لینا یا گوشہ ہائے عزلت میں جا بیٹھنا، رہبانیت ایک غیر اسلامی چیز ہے اور یہ کبھی دین حق میں شامل نہیں ہے یہی بات ہے جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمائی ہے کہ لا رھبانیہ فی الاسلام یعنی اسلام میں کوئی رہبانیت نہیں (مسند احمد)

ایک اور حدیث میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا رھبانیۃ ھذا الامۃ الجھاد فی سبیل اللہ یعنی اس امت کی رہبانیت جہاد فی سبیل اللہ ہے۔ (مسند احمد)

حقیقت یہ ہے کہ انسانی فطرت ان لوگوں سے ضرور انتقام لیتی ہے جو اس سے جنگ کرتے ہیں، جنہوں نے نفس کشی کی مشقتیں کیں

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

وہی بعد میں بے انتہا بدکاری میں مبتلا ہو گئے۔ ایسے بے شمار غیر مسلم اداروں اور معبدوں کے کچھ چھٹے آئے دن اخبارات میں شائع ہوتے رہتے ہیں۔

اسلام نے رہبانیت کی تعلیم نہیں دی، اگر کوئی فی مکان چھوڑ دیتا ہے تو "من بیوتکم مسکنا" کی نفی کرتا ہے، لباس کا ترک، قل مَنْ حَرَّمَ زِينَةَ اللّٰهِ کی نفی ہے۔ طعام ولذائذ اگر ترک کرتا ہے تو "کلوا من الطیبات" کی نفی کرتا ہے اسی طرح کوئی معاملات سے الگ ہوتا ہے تو بیع وشرع، ہبہ وقف، عطایا اور ہدایہ کے احکام کی نفی کرتا ہے۔

رہن

کوئی شخص سفر میں ہو یا ایسی جگہ ہو جہاں اسے کوئی نہیں جانتا یا کوئی قرض نہیں دیتا تو وہ اپنی کوئی چیز گروی رکھ کر روپے لے سکتا ہے

وَاِنْ كُنْتُمْ عَلٰى سَفَرٍ وَّلَمْ تَجِدُوْا كَاتِبًا فَرِهَانٌ مَّقْبُوْضَةٌ فَاِنْ اَمِنَ بَعْضُكُمْ بَعْضًا فَلْيُؤَدِّ الَّذِى اؤْتُمِنَ اَمَانَتَهٗ وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهٗ ○

اور اگر تم سفر ہو اور (دستاویز) لکھنے والا نہ مل سکے تو (کوئی چیز) ابن باقبضہ رکھ کر قرض لے لو اور اگر کوئی کسی کو امین سمجھے تو امانت دار کو چاہئے کہ امانت ادا کردے اور خدا سے جو اس کا پروردگار ہے ڈرے۔

(۲۸۳:۲)

آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کو کچھ غلہ کی ضرورت ہوئی تو آپؐ نے ایک یہودی سے تیس صاع (تقریباً ڈھائی من) غلہ ادھار لیا اور اس کے بدلہ میں اپنی لوہے کی زرہ رہن رکھ دی۔ جب آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا اس وقت بھی یہ زرہ یہودی کے پاس رہن تھی، اگر راہن اور مرتہن یا اور کسی میں اختلاف اختلاف آجائے تو دلیل مدعی کے ذمہ ہے اور اگر دلیل لانہ سکے تو مدعی علیہ کے ذمہ واجب ہے۔ ابن مسعود سے روایت ہے کہ جو شخص ایسی قسم کھائے جس سے اس کو کچھ مال ملنے کی امید ہو اور وہ قسم میں جھوٹا ہو تو وہ اللہ سے اس حال میں ملے گا کہ اللہ تعالیٰ اس سے ناخوش ہوگا اور اس سلسلہ میں آیت نازل ہوئی اِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَاَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلًا ط پھر انہوں نے اس آیت کو عذاب الیم تک پڑھا۔ اس کے بعد اشعث بن قیس ہمارے پاس آئے اور کہا ابوعبدالرحمٰن (یعنی عبداللہ بن مسعودؓ) تم سے کیا بیان کرتے تھے۔ ہم نے بیان کر دیا تو انہوں نے کہا۔ وہ سچ کہتے ہیں، یہ آیت میرے ہی حق میں نازل ہوئی، میرے اور ایک شخص کے درمیان ایک کنویں کی بابت کچھ جھگڑا تھا، پھر میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے یہ مقدمہ پیش کیا تو مجھ سے فرمایا تمہارے دو گواہ (پیش ہونے چاہئیں) ورنہ اس کی قسم پر فیصلہ کر دیا جائے گا۔ میں نے عرض کیا وہ تو قسم کھالے گا اور کچھ پروانہ کرے تو فرمایا کہ جو شخص ایسی بات پر قسم کھالے جس سے وہ کچھ مال کا مستحق ہو جائے اور وہ اس قسم میں جھوٹا ہو تو وہ اللہ سے اس حال میں ملے گا کہ وہ اس پر خشمگیں (غصہ کی حالت میں) ہوگا۔ (صحیح بخاری)

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ سرور دو جہاں صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بقدر اپنے خرچ کے رہن کی سواری (بشرطیکہ وہ سواری کا جانور ہو) کر لی جائے اور دودھ والا جانور رہن میں اگر ہو تو اس کا دودھ دوہ لیا جائے۔ (بخاری)

مرہونہ چیزیں خواہ منقولہ ہوں یا غیر منقولہ، اگر استعمال سے ان میں عیب نہیں پیدا ہوتا ہے تو استعمال اور منفعت کے لحاظ سے مرتہن کو راہن کے قرض میں محسوب کرتے رہنا چاہئے اور جب قرض کی رقم پوری ہو جائے تو اسے راہن کے حوالے کر دینا چاہئے اگر مرہونہ چیز کے خراب ہونے کا اندیشہ ہو تو راہن عدالتی چارہ جوئی بیچ کر اس کی قیمت اپنے پاس رہن رکھ سکتا ہے، اگر رہن کی مدت ختم ہو جائے تو مرتہن قاضی کے سامنے معاملہ پیش کر کے بیچنے کی اجازت حاصل کرے، پھر مرہونہ چیز فروخت کر دے۔ زمین یا مرتہن کے مرجانے سے رہن باطل نہ ہوگا، بلکہ ان کے ورثاء ان کی جگہ لے لیں۔

امانت، عاریت، مضاربت اور شرکت کی چیزوں کو رہن رکھنا جائز نہیں، مرہونہ چیز کا نفع چونکہ راہن کا ہوگا اس لئے اس کے بقا اور اس کی منفعت پر جو کچھ خرچ ہوگا وہ راہن کا ہوگا، مثلاً اگر جانور رہن رکھا جائے تو اس کے چارہ کا خرچ اس کی چرواہی کی مزدوری وغیرہ راہن کو دینا ہوگا۔ اسی طرح اگر کھیت ہے تو اس کی بوائی سینچائی وغیرہ کا خرچ راہن کے ذمہ ہے اور پیداوار کا منافع مرتہن کے پاس رہے گا، جب وہ روپیہ ادا کر کے مرہونہ چیز چھڑا لے گا تو یہ منافع بھی اسی کو ملے گا۔ اسی طرح باغ اور مکان کے منافع کو بھی سمجھنا چاہئے۔ راہن مرتہن کی مرضی کے بغیر مرہونہ چیز فروخت نہیں کرسکتا۔

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

ریاکاری

ریا کے معنی ہیں ظاہری دکھاوا، نمود ونمائش نہایت بدترین جذبہ ہے جو بہترین اعمال کی مٹی پلید کرادیتا ہے، دکھاوے اور شہرت کے لئے جو اعمال کئے جاتے ہیں ان کی دربار خداوندی میں کوئی قیمت نہیں ۔ اللہ جل شانہ نے فرمایا، افسوس ہے ان مصلیوں پر جو اپنی نماز سے بے خبر ہیں اور دکھاوا کرتے ہیں۔ حدیث میں ہے کہ حشر کے روز اللہ تعالیٰ ریاکاروں کو حکم دے گا انہی کے پاس جاؤ جن کے دکھانے کو نمازیں پڑھتے اور عبادت کیا کرتے تھے اور دیکھو وہ کیا صلہ دیتے ہیں۔

یَاأَیُّهَا الَّذِینَ اٰمَنُوْا لَا تُبْطِلُوْا صَدَقَاتِکُمْ بِالْمَنِّ وَالْاَذٰی کَالَّذِی یُنْفِقُ مَالَهُ رِئَآءَ النَّاسِ وَلَا یُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ فَمَثَلُهُ کَمَثَلِ صَفْوَانٍ عَلَیْهِ تُرَابٌ فَاَصَابَهُ وَابِلٌ فَتَرَکَهُ صَلْدًا.

مومنو! اپنے صدقات (خیرات) احسان رکھنے اور ایذا دینے سے اس شخص کی طرح برباد نہ کردینا جو لوگوں کو دکھاوے کے لے مال خرچ کرتا ہے اور خدا اور آخرت پر ایمان نہیں رکھتا تو اس (کے مال) کی مثال ایسے چٹان کی سی ہے جس پر تھوڑی سی مٹی پڑی ہو اور اس پر زور کا مینہ برس کر اسے صاف کر ڈالے ۔ (۲:۲۶۴)

دنیا میں عظیم

☆ خدا کا سب سے عظیم نام ہے۔
☆ دنیا کا سب سے عظیم اجتماع حج مبارک ہے۔
☆ دنیا کی سب سے عظیم شخصیت حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔
☆ دنیا کی سب سے عظیم کتاب قرآن پاک ہے۔
☆ دنیا کا سب سے عظیم مذہب اسلام ہے۔
☆ دنیا کی سب سے عظیم دعوت اذان ہے۔
☆ دنیا کی سب سے عظیم زبان عربی ہے۔
☆ دنیا کا سب سے عظیم شہر مکہ مکرمہ ہے۔

اپنے من پسند اور اپنی راشی کے پتھر حاصل کرنے کے لئے ہماری خدمات حاصل کریں

پتھر اور نگینے اللہ تعالیٰ کی پیدا کردہ ایک عظیم نعمت ہے۔ جس طرح دواؤں، غذاؤں اور دوسری چیزوں سے انسان کو بیماریوں سے شفاء اور تندرستی نصیب ہوتی ہے اسی طرح پتھروں کے استعمال سے بھی انسان مختلف امراض سے نجات حاصل کرتا ہے اور اس کو اللہ کے فضل وکرم سے صحت اور تندرستی نصیب ہوتی ہے۔ ہم شائقین کی فرمائش پر ہر قسم کے پتھر مہیا کرسکتے ہیں۔ ہم یقین سے کہہ سکتے ہیں کہ اگر اللہ کے فضل وکرم سے کسی بھی شخص کو کوئی پتھر راس آجائے تو اس کی زندگی میں عظیم انقلاب برپا ہوجاتا ہے، اس کی غربت مال داری میں بدل جاتی ہے اور وہ فرش سے عرش پر بھی پہنچ سکتا ہے۔ یہ بھی کوئی ضروری نہیں کہ قیمتی پتھر ہی انسان کو راس آتے ہیں، بعض اوقات بہت معمولی قیمت کے پتھر سے انسان کی زندگی سدھر جاتی ہے۔ جس طرح آپ دواؤں، غذاؤں پر اور اسی طرح کی دوسری چیزوں پر اپنا پیسہ لگاتے ہیں اور ان چیزوں کو بطور سبب استعمال کرتے ہیں، اسی طرح ایک بار اپنے حالات بدلنے کے لئے کوئی پتھر بھی پہنیں۔ انشاء اللہ آپ کو اندازہ ہوگا کہ ہمارا مشورہ غلط نہیں تھا۔ ہمارے یہاں الماس، نیلم، پنا، یاقوت، مونگا، موتی، گارنیٹ، اوپل، سنہلا، گومید، لاجورد، عقیق وغیرہ پتھر بھی موجود رہتے ہیں اور جو پتھر نہیں ہوگا وہ فرمائش موصول ہونے پر مہیا کرادیا جاتا ہے۔ آپ اپنا من پسند یا راشی کا پتھر حاصل کرنے کے لئے ایک بار ہمیں خدمت کا موقع دیں۔

مزید تفصیل مطلوب ہو تو اس موبائل پر رابطہ قائم کریں

موبائل نمبر: - 9897648829

ہمارا پتہ: ہاشمی روحانی مرکز محلہ ابوالمعالی دیوبند، (یوپی) پن کوڈ نمبر: ۲۴۷۵۵۴

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

ممبئی کی مشہور و معروف مٹھائی ساز فرم

طھورا سوئیٹس

اسپیشل مٹھائیاں

افلاطون ★ نان خطائیاں ★ ڈرائی فروٹ برفی
ملائی مینگو برفی ★ قلاقند ★ بادامی حلوہ ★ گلاب جامن
دودھی حلوہ ★ گاجر حلوہ ★ کاجو کتلی ★ ملائی زعفرانی پیڑہ

مستورات کے لئے خاص بتیسہ لڈو۔

و دیگر ہمہ اقسام کی مٹھائیاں دستیاب ہیں۔

لذیذ مٹھائیوں کے لئے

طھورا سوئیٹس ®

بلاسس روڈ، ناگپاڑہ، ممبئی-۴۰۰۰۰۸ ☎ ۲۳۰۹۱۳۱۸ - ۲۳۰۸۲۷۷۳

GRAPHTECH

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

قسط نمبر:۲

اللہ کے نیک بندے

ازقلم: آصف خان

کچھ دن بعد ایک اور موقع پر حضرت سری سقطیؒ نے جنید بغدادیؒ سے پوچھا تھا۔ ''فرزند! مجھے بتاؤ کہ اللہ کا شکر کس طرح ادا کیا جائے؟''

جواب میں حضرت جنید بغدادیؒ نے عرض کیا تھا۔ ''اللہ کی نعمتوں سے اس طرح فائدہ اٹھانا کہ معصیت (گناہ) کے کسی کام میں ان سے مدد نہ لی جائے۔ اسی کا نام شکر ہے۔''

حضرت جنید بغدادیؒ کا جواب سن کر حضرت سری سقطیؒ بے اختیار ہوگئے تھے اور نہایت محبت آمیز لہجے میں فرمایا تھا۔ ''فرزند! تمہیں یہ باتیں کہاں سے معلوم ہوئیں؟''

حضرت جنیدؒ بغدادی نے جذبۂ عقیدت سے سرشار ہو کر عرض کیا۔ ''آپ کی صحبت سے۔''

یہ سن کر حضرت سری سقطیؒ نے بھانجے کو گلے سے لگالیا اور پیار کرتے ہوئے فرمایا۔ ''اے اللہ! میں جنید کے لئے تجھ سے تیری نعمتوں کا سوال کرتا ہوں تو اس کے علم میں اضافہ فرما۔''

الغرض شفیق و مہربان ماموں کی توجہ اور مداخلت سے حضرت جنید بغدادیؒ نے باپ کی شیشے کی دکان چھوڑ دی اور مکتب میں جانا شروع کردیا، مکتب سے واپس آنے کے بعد حضرت سری سقطیؒ کی خدمت میں حاضر ہوتے اور اس عارف وقت کے وعظ و نصیحت کو بہت غور سے سنتے۔ حضرت سری سقطیؒ کا انداز تعلیم اور طریقۂ تربیت نہایت مؤثر اور دلکش تھا۔ ایک دن حضرت جنید بغدادیؒ ماموں کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ انہیں دیکھتے ہی حضرت سری سقطیؒ نے فرمایا۔

''آؤ بیٹا جنید! میں تمہارا ہی انتظار کررہا تھا۔''

انتہائی نوعمری کے باوجود حضرت جنید بغدادیؒ نے سر تسلیم خم کرتے ہوئے کہا۔ ''شیخ! میں حاضر ہوں، حکم دیجئے۔''

بھانجے کے اس طرز عمل کو دیکھ کر حضرت سری سقطیؒ کے چہرۂ مبارک پر ایک عجیب سا رنگ آیا، پھر نہایت والہانہ انداز میں فرمایا۔ ''میرا ایک کام کردو۔''

حضرت جنید بغدادیؒ نہایت ذوق و شوق کے ساتھ خانقاہ سے اٹھے اور وہ کام کرکے واپس آگئے۔

حضرت سری سقطیؒ نے اپنے پیرہن مبارک کی جیب سے تہہ کیا ہوا ایک کاغذ نکالا اور بھانجے کی طرف بڑھاتے ہوئے فرمایا۔ ''جنید! تم نے میرا کام بہت مہارت اور تیزی کے ساتھ انجام دیا ہے اس لئے یہ تمہارا انعام ہے۔''

حضرت جنید بغدادیؒ نے وہ کاغذ لے لیا اور اسے کھول کر پڑھنے لگے، کاغذ پر تحریر تھا۔

میں نے صحرا میں ایک شتربان کو دیکھا جو نہایت پرسوز آواز میں یہ اشعار گارہا تھا۔

میں روتا ہوں اور جانتے بھی ہو کہ میں کیوں روتا ہوں۔
اس خوف سے روتا ہوں کہ کہیں تو مجھے فراق میں مبتلا نہ کردے۔
اور میری امیدیں قطع کرکے مجھے تنہا نہ چھوڑ دے۔ (ترجمہ)

یہ نصیحت کا عجیب و غریب انداز تھا جس سے متاثر ہو کر حضرت جنید بغدادیؒ بھی رونے لگے اور پھر اپنے محترم ماموں سے لپٹ کر عرض کرنے لگے۔ ''اگر یہ کلام میرے لئے ہے تو بس اتنا سمجھ لیجئے کہ میں اس در کو چھوڑ کر کہاں جاسکتا ہوں؟''

بھانجے کا جواب سن کر حضرت سری سقطیؒ کے چہرۂ مبارک پر مسرت و شادمانی کا غیر معمولی رنگ ابھر آیا۔ آپ حضرت جنیدؒ کے دل کو آزمانا چاہتے تھے اور اس دل میں محبت و ایفائے عہد کی پوری صلاحیت موجود تھی۔

حضرت جنیدؒ کی اسی فرماں برداری نے آپ کو ماموں کی نظروں میں اس قدر محبوب بنادیا تھا کہ حضرت سری سقطیؒ ساری دنیا کی بات ٹال سکتے تھے، مگر جب حضرت جنیدؒ کسی خواہش کا اظہار کرتے تو یہ ممکن نہ تھا کہ ان کا سوال رد کردیا جاتا۔ یہ اسی زمانہ کا واقعہ ہے کہ جب حضرت جنید بغدادیؒ مکتب میں ابتدائی تعلیم حاصل کررہے تھے۔ ایک دن مدرسہ سے گھر آئے تو اپنے والد محترم جناب محمد کو انتہائی غمزدہ حالت میں دیکھا، حساس دل رکھتے تھے، اس لئے باپ کو ملول دیکھ کر خود بھی مضطرب ہوگئے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

''بابا محترم! کیا بات ہے کہ آج میں آپ کے چہرے پر رنج واضطراب کی شدید کیفیات نمایاں پاتا ہوں۔''

جناب محمد نے روتے ہوئے کہا۔'' بیٹے! میں نے اپنے مال کی زکوٰۃ نکالی تھی اور خیال کیا تھا کہ تمہارے ماموں سری سقطیؒ سے زیادہ اس زکوٰۃ کا کوئی مستحق نہیں، اگر وہ اسے قبول کر لیتے تو میری زکوٰۃ کی قبولیت کی اس سے بہتر کوئی صورت نہیں ہوتی۔''

''کیا آپ نے ماموں جان کی خدمت میں زکوٰۃ پیش کی تھی؟'' حضرت جنید بغدادیؒ نے عرض کیا۔

''میں ان کی خدمت میں حاضر ہوا تھا مگر انہوں نے سختی کے ساتھ زکوٰۃ لینے سے انکار کر دیا۔'' جناب محمد نے رقت آمیز لہجے میں کہا۔''میں نے زکوٰۃ کی یہ رقم خلوص نیت سے نکالی تھی مگر سری سقطیؒ کے انکار سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ رقم پاک باطن بزرگوں کے قابل نہیں۔''

والد محترم کو اس قدر مغموم دیکھ کر حضرت جنید بغدادیؒ بے قرار ہو گئے اور عرض کرنے لگے۔'' آپ یہ رقم مجھے دیجئے، میں خود جا کر ماموں جان کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔''

''فرزند! یہ کیسے ممکن ہے؟'' جناب محمد کے لہجے سے شدید مایوسی کا اظہار ہو رہا تھا۔''جب انہوں نے میرے رشتے کا لحاظ نہیں کیا تو پھر وہ تمہاری بات کس طرح مانیں گے۔؟''

''مجھے یقین ہے کہ ماموں جان میری درخواست قبول فرما لیں گے؟'' یہ کہہ کر حضرت جنید بغدادیؒ نے والد محترم سے زکوٰۃ کی رقم لی اور اپنے ماموں حضرت سری سقطیؒ کے مکان پر پہنچے اور دروازے پر دستک دی۔

دستک کی آواز سن کر حضرت سری سقطیؒ نے پوچھا۔''کون ہے؟''

جواب میں حضرت جنید بغدادیؒ نے عرض کیا۔''میں ہوں، آپ کا بھانجا جنید!''

''کیوں آئے ہو؟'' حضرت سری سقطیؒ نے دوسرا سوال کیا۔

''میں زکوٰۃ کی رقم لے کر حاضر ہوا ہوں۔'' حضرت جنید بغدادیؒ نے عرض کیا۔

حضرت سری سقطیؒ نے دروازہ کھول دیا، پھر حضرت جنیدؒ اندر داخل ہوئے تو آپ نے فرمایا۔''کیا تمہیں تمہارے والد نے یہ نہیں بتایا کہ میں اس رقم کو قبول کرنے سے انکار کر چکا ہوں۔''

''والد محترم نے بتایا تھا، جبھی تو میں حاضر ہوا ہوں۔'' حضرت جنید بغدادیؒ نے عرض کیا۔

''جنید! تمام صورت حال جاننے کے باوجود تم کس امید پر میرے پاس آئے ہو؟'' حضرت سری سقطیؒ نے اپنے کمسن بھانجے سے پوچھا۔

''صرف اللہ تعالیٰ کی ذات کے بھروسہ پر حاضر ہوا ہوں کہ آپ مجھے مایوس نہیں فرمائیں گے۔'' حضرت جنید بغدادیؒ نے عرض کیا۔

حضرت سری سقطیؒ نے بھانجے کی طرف دیکھا اور فرمایا۔

''جنید! تم اللہ تعالیٰ کو درمیان میں کیوں لائے ہو؟ یہاں سے بہت سے مستحق لوگ ہیں۔ تم یہ رقم کسی کے بھی حوالہ کر سکتے ہو، زکوٰۃ دینے کی شرط پوری ہو جائے گی۔

''مگر والد محترم کی خواہش ہے کہ اس رقم کو آپ قبول فرمالیں۔

''حضرت جنید بغدادیؒ نے عرض کیا۔''اس طرح انہیں زکوٰۃ کی قبولیت پر یقین آجائے گا۔''

''ان کی خواہش اپنی جگہ مگر میری خواہش بھی تو کوئی حیثیت رکھتی ہے۔'' حضرت سری سقطیؒ نے پر جلال لہجے میں فرمایا۔''زکوٰۃ دینے والا مجھے مستحق سمجھتا ہے مگر میں کہتا ہوں کہ مستحق کوئی اور ہے، پھر جھگڑا کس بات پر ہے؟ یہ رقم واپس لے جاؤ اور اللہ کے اس بندے کی خدمت میں پیش کر دو جو واقعتاً مستحق ہے۔

ماموں کا مسلسل انکار سن کر حضرت جنید بغدادیؒ نے عرض کیا۔

''آپ کو اس ذات عزیز وجلیل کی قسم ہے جس نے آپ پر اپنا فضل فرمایا ہے اور میرے والد کے ساتھ عدل کیا ہے۔ زکوٰۃ کی اس رقم کو قبول فرما لیجئے۔

حضرت سری سقطیؒ اپنے کمسن بھانجے کی بات سن کر حیران ہوئے، پھر آپ نے حضرت جنید بغدادیؒ کو مخاطب کر کے پوچھا۔ تم کس طرح کہتے ہو کہ یہ اللہ کا فضل وعدل ہے، اپنی بات کی وضاحت کرو۔

حضرت جنید بغدادیؒ نے نہایت پراعتماد لہجے میں عرض کیا۔

''آپ پر اللہ کا فضل یہ ہے کہ اس نے آپ کو درویشی عطا کی اور والد محترم کے ساتھ اللہ کا عدل یہ ہے کہ اس نے انہیں دنیا کے کاموں میں لگا دیا، بے شک! آپ کو اختیار ہے کہ اس رقم کو قبول کرنے سے انکار کر دیں لیکن میرے والد محترم پر زکوٰۃ نکالنا اور اسے اصلی حق دار تک

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

پہنچانا فرض ہے۔"

حضرت سری سقطیؒ کو اپنے بھانجے کی یہ بات اس قدر پسند آئی کہ آپ نے اپنی عادت کے خلاف زکوٰۃ کی رقم قبول کرلی، یہ اس بے پناہ محبت کا اظہار ہے، جو آپ حضرت جنید بغدادیؒ سے فرماتے تھے۔

♦♦♦♦♦

پھر تقریباً آٹھ سال کی عمر میں اپنے ماموں کی ہدایت پر حضرت جنید بغدادیؒ مشہور فقیہ حضرت ابوثورؒ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور شاگردی کی درخواست کی۔ حضرت ابوثورؒ حضرت امام شافعیؒ کے شاگرد رشید تھے۔ اس بات سے اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ مسلک کے اعتبار سے حضرت جنید بغدادیؒ "فقہ شافعی" کے پیروکار تھے۔ حضرت ابوثورؒ نے آٹھ سال کے مختصر سے عرصہ میں اپنا سارا علم حضرت جنید بغدادیؒ کو منتقل کردیا، پھر اہل بغداد نے دیکھا کہ ایک بیس سالہ نوجوان بڑی ذہانت کے ساتھ فتوے دیا کرتا تھا، بڑے بڑے صاحبان علم جن مسائل کی گہرائیوں تک نہیں پہنچ پاتے تھے، ان مسائل تک حضرت جنید بغدادیؒ کو رسائی حاصل تھی۔ یہ قدرت کا عطیہ بھی تھا اور استاد گرامی کی صحبتوں کا فیض بھی۔

علم حدیث اور فقہ حاصل کرنے کے بارے میں خود حضرت جنید بغدادیؒ فرماتے ہیں۔ "یہ بھی میرے ماموں کی محبت اور التفات کا نتیجہ ہے کہ میں ان علوم کی طرف متوجہ ہوا۔ اگر حضرت سری سقطیؒ میری رہنمائی نہ فرماتے تو میں حدیث اور فقہ سے ناآشنا رہ جاتا اور مروجہ تصوف کی پرپیچ گلیوں میں ساری زندگی بھٹکتا رہتا۔ میں ایک دن حضرت سری سقطیؒ کی خدمت میں حاضر تھا۔ اچانک ماموں مجھ سے مخاطب ہوئے اور نہایت جذب کے لہجہ میں فرمایا۔

"جنید! میں حق تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ وہ تمہیں ایسا محدث بنائے جو علم تصوف سے بھی آگاہ ہو مگر ایسا صوفی نہ بنائے جو علم حدیث سے بھی آشنا ہو۔"

حضرت سری سقطیؒ کے اس قول مبارک کی وضاحت یہ ہے کہ آپ حدیث وفقہ کے علم کو اولیت دیتے تھے۔

حضرت جنید بغدادیؒ فرماتے ہیں۔ "میں نے ساری زندگی اپنے محترم ماموں کی اس نصیحت کو پیش نظر رکھا اور سب سے پہلے حدیث اور فقہ کا علم حاصل کیا، بعد میں حضرت ابوعبداللہ حارث محاسبیؒ کی صحبت اٹھائی اور یہی میری کامیابی کا راز ہے۔ علم تصوف کو قرآن اور سنت کے تابع رہنا چاہئے۔ جس شخص نے تصوف کے کوچے میں قدم رکھنے کے سے پہلے قرآن حفظ نہ کیا ہو اور حدیث میں سند حاصل نہ کی ہو اور اسے دوسروں کی رہنمائی کا کوئی حق نہیں ہے۔

♦♦♦♦♦

حدیث اور فقہ میں سند کا درجہ حاصل کرنے کے بعد حضرت جنید بغدادیؒ نے حضرت سری سقطیؒ سے عرض کیا، "اب میرے لئے کیا حکم ہے؟"

حضرت سری سقطیؒ نے فرمایا۔ "اب تم شیخ ابوعبداللہ حارث محاسبیؒ کی خدمت میں حاضری دو۔" اس کے ساتھ ہی حضرت سری سقطیؒ نے حضرت جنید بغدادیؒ کو یہ ہدایت بھی کی۔ "تم شیخ حارث محاسبیؒ سے تصوف کی تعلیم حاصل کرو۔"

الغرض حضرت جنید بغدادیؒ، حضرت شیخ حارث محاسبیؒ کی خدمت میں حاضر ہوئے جو علم وفضل اور زہد وتقویٰ میں یگانہ روزگار تھے۔

حضرت شیخ ابوعبداللہ حارث محاسبیؒ کا آبائی وطن بصرہ تھا مگر آپ نے بغداد میں سکونت اختیار کرلی تھی۔ روایت ہے کہ حضرت شیخ حارث محاسبیؒ کی ولادت کے وقت حضرت امام حسن بصریؒ حیات تھے۔ اس طرح شیخ حارثؒ کو تبع تابعین ہونے کا شرف حاصل ہے۔ اسلامی نقطہ نظر کے مطابق "تبع تابعین" ان بزرگوں کو کہا جاتا ہے جنہیں "تابعین" کی صحبت کا اعزاز حاصل ہو اور تابعین وہ بزرگ کہلاتے ہیں جن کی آنکھیں صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کے دیدار سے منور ہوئی ہوں۔ حضرت شیخ حارث محاسبیؒ کے زہد وتقویٰ کا یہ عالم تھا کہ ان کے باپ ستر ہزار دینار چھوڑ کر مرے، مگر آپ نے اتنے بڑے ترکہ میں سے ایک دینار بھی قبول نہیں کیا، جب لوگوں نے اس کا سبب پوچھا تو شیخ حارثؒ نے فرمایا۔

"میرے باپ مجوسیوں کے ہم عقیدہ تھے، اس لئے میرا ان سے کوئی تعلق نہیں۔"

"مگر بیٹا ہونے کی حیثیت سے ان کی وراثت کے تو آپ ہی حقدار ہیں۔" رشتے داروں نے توجیہہ پیش کی۔

حضرت شیخ حارث محاسبیؒ نے فرمایا۔ "میرے آقا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث ہے کہ مختلف مذاہب کے لوگ ایک دوسرے

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

کے وارث نہیں ہو سکتے، اس لئے میں بھی اپنے باپ کے ترکے کا حق دار نہیں ہو سکتا۔

حلال روزی کھانے میں حضرت شیخ حارثؒ کی احتیاط اس درجہ کو پہنچ گئی تھی کہ اگر اتفاق سے کوئی حرام لقمہ آپ کے دست مبارک میں آجاتا تو انگلیوں کی ایک مخصوص رگ بے اختیار پھڑکنے لگتی اور آپ فوراً ہاتھ روک دیتے۔ حضرت جنید بغدادیؒ کو حضرت شیخ حارث محاسبیؒ سے اس قدر محبت تھی کہ آپ کو چچا کہہ کر پکارتے تھے۔

معتبر روایت ہے کہ ایک دن حضرت جنید بغدادیؒ نے شیخ کو اپنے گھر کی طرف سے گزرتے دیکھا۔ حضرت حارث محاسبیؒ کے چہرے پر شدید نقاہت اور پژمردگی کے آثار نمایاں تھے، حضرت جنید بغدادیؒ نے یہ کیفیت دیکھ کر اندازہ کرلیا کہ شیخ فاقہ سے ہیں، آپ نے کسی تأمل کے بغیر عرض کیا۔

''چچا! گھر میں تشریف لائیے اور کچھ نوش فرمالیجئے۔''

حضرت شیخ ابوعبداللہ حارث محاسبیؒ نے ایک نظر اپنے شاگرد کی طرف دیکھا اور فرمایا۔ ''بہتر ہے'' یہ کہہ کر آپ گھر میں تشریف لے آئے۔

حضرت جنید بغدادیؒ نے شیخ کے سامنے دسترخوان بچھایا اور پرتکلف کھانا رکھ دیا، اتفاق سے گزشتہ رات پڑوس میں شادی تھی اور یہ کھانا وہیں سے آیا تھا۔

حضرت شیخ حارث محاسبیؒ نے ایک لقمہ لیا اور اسے منہ میں رکھ لیا، حضرت جنید بغدادیؒ نے حیرت سے دیکھا کہ حضرت شیخ حارثؒ نے کئی بار اس لقمہ کو منہ میں گھمایا اور پھر دفعتاً دسترخوان چھوڑ کر گھر سے باہر تشریف لے گئے۔ حضرت جنید بغدادیؒ شیخ کے پیچھے پیچھے تھے، حضرت حارث محاسبیؒ نے دروازے سے نکل کر ایک گوشہ میں وہ لقمہ اُگل دیا اور خاموشی کے ساتھ واپس چلے گئے۔ حضرت جنید بغدادیؒ میں اتنی ہمت نہیں تھی کہ وہ شیخ سے ان کے اس طرز عمل کے بارے میں کچھ دریافت کرسکیں، دو چار دن بعد جب خلوت میسر آئی حضرت جنید بغدادیؒ نے استاد محترم کو اس روز کا واقعہ یاد دلایا۔

حضرت شیخ ابوعبداللہ حارث محاسبیؒ نے جواب میں فرمایا۔

''اس دن میں فاقے سے تھا، میں نے چاہا کہ کچھ کھا کر تمہارا دل خوش کردوں مگر اللہ نے مجھ پر ایک خاص کرم فرمایا ہے کہ اگر غذا کے کسی لقمہ میں کسی قسم کا شبہ ہو تو وہ میرے حلق سے نہیں اترتا، یہی وجہ تھی کہ میں تمہارا دیا ہوا کھانا نہیں کھا سکا۔'' اس کے بعد حضرت شیخ محاسبیؒ نے اپنے شاگرد سے پوچھا۔ ''وہ کھانا کہاں سے آیا تھا؟''

حضرت جنید بغدادیؒ نے شرمسارانہ انداز میں عرض کیا۔

''دراصل وہ کھانا پڑوسی نے بھیجا تھا۔''

حضرت شیخ حارثؒ نے فرمایا۔ ''مجھے اسی وقت خیال آیا تھا کہ یہ کھانا تمہارے گھر کا نہیں ہوسکتا۔''

حضرت جنید بغدادیؒ نے شیخ کو اپنی طرف متوجہ پاکر درخواست کی۔ ''آپ اس روز بغیر کھانا کھائے تشریف لے آئے تھے، اگر آج مجھے سعادت بخشیں تو بڑی عنایت ہوگی۔'' حضرت جنید بغدادیؒ نے محسوس کرلیا تھا کہ شیخ آج بھی فاقے سے ہیں، اسی لئے آپ نے حضرت حارث محاسبیؒ سے گھر چلنے کی التجا کی تھی۔

حضرت شیخ فوراً آمادہ ہوگئے، مگر اتفاق سے اس روز حضرت جنید بغدادیؒ کے یہاں سوکھی روٹی کے سوا کچھ نہیں تھا، آپ کو خفت سی محسوس ہوئی لیکن شیخؒ کے بھوکے ہونے کے خیال سے آپ نے وہی خشک روٹی پیش کردی۔ اس وقت حضرت جنید بغدادیؒ کے تعجب کی انتہا نہ رہی، جب حضرت شیخ حارثؒ نے وہ سوکھی روٹی بڑے ذوق وشوق کے ساتھ کھائی اور پھر بڑے پرجوش لہجے میں فرمایا۔

''جب کسی فقیر کی دعوت کرنا ہو تو ایسی ہی چیز پیش کیا کرو۔''

یہی وہ مرد جلیل تھے جن کی صحبتوں سے حضرت جنید بغدادیؒ تین سال تک فیضیاب ہوئے۔ حضرت شیخ ابوعبداللہ حارث محاسبیؒ کا انتقال ۲۴۳ھ میں ہوا۔ اس وقت حضرت جنید بغدادیؒ کی عمر مبارک اٹھائیس سال کے قریب تھی، آپ اپنے استاد گرامی کو یاد کرکے اکثر فرمایا کرتے تھے۔

''افسوس! معرفت کا آفتاب غروب ہوگیا اور میں اپنے خانۂ دل کو اس کی ضیاباریوں سے منور نہ کرسکا۔''

بے شک حضرت جنید بغدادیؒ کا جذبۂ طلب تسکین نہ پاسکا مگر حضرت شیخ حارث محاسبیؒ کی شکل میں آپ نے اس مرد جسور وغیور کو دیکھ لیا تھا جس کی پیشانی نیاز اللہ کے سوا کسی کے آستانے پر خم نہیں ہوئی۔

حضرت سری سقطیؒ کا مقصد بھی یہی تھا کہ حضرت جنید بغدادیؒ دوسرے مشائخ کی صحبتوں سے فیضیاب ہوجائیں، پھر جب حضرت ابوثورؒ اور حضرت شیخ حارث محاسبیؒ جیسے بزرگ دنیا سے رخصت ہوگئے تو حضرت جنید بغدادیؒ اپنے حقیقی مرشد کی بارگاہ میں حاضر ہوئے اور حضرت سری سقطیؒ کے دست حق پرست پر باقاعدہ بیعت کی۔☆

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

ساتویں قسط

ایک عجیب وغریب داستان

جو دلچسپ بھی ہے اور ہوش ربا بھی

محسن ہاشمی

ایک ایسے شخص کی داستان جو حقیقتاً حق کی تلاش میں تھا۔ دوران جستجو اس کی ملاقاتیں مختلف مسالک کے لوگوں سے ہوئیں وہ غیر مقلدین سے بھی ملا، وہ دیوبندی، بریلوی، جماعت اسلامی کے لوگوں سے بھی ملا۔ دعوت کے کام سے جڑے ہوئے لوگوں سے بھی اس کی ملاقاتیں رہیں۔ اس کا گھر جنات کی آماجگاہ تھا، لیکن وہ تعویذ گنڈوں اور روحانی عملیات کا قائل نہ تھا۔ اس کا حشر کیا ہوا؟ وہ اپنی ذاتی محبت میں کامیاب رہا یا ناکام؟ جنات کی شرارتوں سے اس کو نجات مل سکی یا نہیں اور اس نے بالآخر کس مسلک کو راہِ اعتدال پر پایا؟ یہ سب کچھ جاننے کے لئے اس داستان کو پڑھیں۔ اس داستان میں خوف بھی ہے، کرب بھی ہے، راحتیں بھی ہیں اور صدمات بھی۔ اس داستان کا ایک ایک حرف آپ کو متاثر کرے گا اور آپ کے ذہن کو یقیناً کسی منزل تک پہنچائے گا۔ (ح،ہ)

سرور صاحب نے کسی مصلحت کی بنا پر شادی کی تیاریاں زور وشور کے ساتھ شروع کردیں، دونوں گھروں کا ماحول بہت خوشگوار چل رہا تھا، ساجد اور شہناز بھی ایک دوسرے کے ساتھ کاندھے سے کاندھا ملاکر شادی کی تیاریوں میں لگی ہوئی تھیں۔ خوشی کی بات یہ تھی کہ سہیل اور نشا نے بھی آپس میں یہ سمجھوتہ کرلیا تھا کہ بس وہ ایک دوسرے سے کبھی نہیں ملیں گے اور ایک دوسرے کو بھولنے کی کوشش بدستور جاری رکھیں گے۔ سہیل نے اپنی اور بہنوں کی خاطر جو قربانی دی تھی وہ اپنی جگہ بے مثال تھی اس نے یہ تہیہ کرلیا تھا کہ اس کی زندگی کا مقصد ماں کو خوشیاں دینا ہے اور اپنی ان بہنوں کی خاطر زندہ رہنا ہے جن کا دم اس کے اندر اٹکا ہوا تھا۔ اپنی ماں کی خوشیوں کی خاطر وہ روزانہ اپنے ماموں سرور سے ملتا تھا اور نشا کی شادی کے کاموں میں ان کا ہاتھ بٹاتا تھا۔ سرور صاحب ان کی بیوی ساجدہ کو اس بات کا احساس تھا کہ سہیل نے ان کی خاطر اور ان کی آبرو اور عزت کی خاطر نشا کو فراموش کرنے کی ٹھان لی تھی، اس کی بھاگ دوڑ اور شادی کے لئے اس کی کاموں میں مشغولیت کچھ اس انداز سے چل رہی تھی کہ جیسے اس کا اس لڑکی سے کوئی محبت کا رشتہ نہیں تھا جو دوسرے کی ہونے والی تھی، ہاں دونوں ایک دوسرے سے ملتے نہیں تھے، گھر میں مہمانداری اس قدر تھی کہ ایک دوسرے کی شکل دیکھنی بھی نصیب نہیں ہوتی تھی لیکن دونوں دلوں میں جو ہلچل مچی ہوئی تھی اس کا اندازہ کون لگا سکتا تھا، صورت حال کچھ ایسی تھی کہ ہونٹوں پر مسکراہٹیں تھیں اور دلوں میں کہرام مچا ہوا تھا، چہروں پر نکھار تھا اور آنکھوں میں نمی، جسم خوشی سے اٹھلا رہے تھے اور روحیں بیکل تھیں۔ نشا اور سہیل نے بہت ساری مصلحتوں کی وجہ سے اپنے ارمانوں کا قتل کردیا تھا، اُن یادوں پر پہرے بٹھانا مشکل تھا جو بغیر کسی بہانہ کے بعض چور دروازوں سے دل کی وادیوں میں داخل ہوجاتی تھیں دن تو ہنسی خوشی کٹ جاتا تھا لیکن جب رات آتی تھی تو بستر کی ہر سلوٹ یہ ثابت کرتی تھی کہ نیند بہت دیر میں آرہی ہے اور دونوں طرف تڑپ اضطراب اور بیقراری ہے۔ محبت کا آغاز کتنا ہی خوبصورت اور پرسکون ہو لیکن اس کا انجام اکثر دو دلوں کو رلاتا ہے اور تقدیر کی طرف سے ایسی کسک دونوں کو نصیب ہوتی ہے کہ جو نہ ہنسنے دیتی ہے اور نہ کھل کر رونے دیتی ہے۔

اسی طرح کی کیفیت سے دوچار تھے نشا اور سہیل، دونوں نے ایک دوسرے کو بھول جانے کا فیصلہ کرلیا تھا، دونوں تقدیر کے فیصلہ پر راضی برضا ہوگئے تھے، دونوں نے ایک دوسرے کی طرف دیکھنا بھی ترک کردیا لیکن اس کے باوجود بھی ایک گھٹن تھی، دلوں میں ایک عجیب طرح کا سناٹا سا تھا، ایک ہوک سی تھی جو دونوں کو ماہی بن آپ کی طرح تڑپاتی تھی،

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

زندگی کسی بھی حال میں آگے بڑھنے سے نہیں رکتی، دنیا کے سب کام چلتے ہی رہتے ہیں لیکن محبت میں ناکام ہوجانے والے لوگوں پر کیا گزرتی ہے اس کا اندازہ کسی کو نہیں ہوتا، کسی کو پتہ نہیں چلتا کہ محفلوں میں ہنسنے والا کتنے غموں اور دکھوں کے نیچے دبا ہوا ہے، کسی کو یہ خبر نہیں ہوتی کہ کسی مجلس میں قہقہے اُچھالنے والا شخص دردوالم کے کتنے دریا پار کرکے آیا ہے۔ سہیل تقریب میں اپنی ماں کی خاطر، اپنی بہنوں کی خاطر اس طرح ہنستا تھا جیسے یہ کسی بھی دردوکرب کے مفہوم سے واقف ہی نہ ہو لیکن اس کے دل پر رنج وغم کے کتنے پہاڑ ٹوٹتے تھے اس کا اندازہ بس اسی کو تھا یہ اس نشا کو تھا جو اپنی سہیلیوں کے ہجوم میں ہنستے ہنستے اچانک کسی خاموشی کے صحرا میں بھٹک جاتی تھی، یا رنج وغم کے اُس دریا میں غرق ہوجاتی تھی جو اہل دنیا کے ہمیشہ اریب قریب ہی ہوتا ہے لیکن جو کبھی کسی کو نظر نہیں آتا۔

سرور صاحب کو اس بات کی خبر ہو ہی گئی تھی کہ سہیل اور نشا ایک دوسرے کو دیوانہ وار چاہتے ہیں لیکن وہ اپنی عزت کی خاطر اور اپنے بنے ہوئے بھرم کی خاطر اُس سہیل کے لئے اب کچھ نہیں کرسکتے جو انہیں اپنی سگی اولاد سے زیادہ عزیز تھا، انہوں نے کئی بار سوچا کہ کاش مجھے اندازہ ہوجاتا کہ وہ سہیل جوان کے دل کے بہت قریب تھا ان کی بیٹی سے محبت کرتا ہے، کاش انہیں معلوم ہوجاتا کہ ان کی لخت جگر سہیل سے شادی کرنا چاہتی ہے۔ اگر انہیں خبر ہوجاتی تو وہ کسی دوسرے لڑکے کی طرف آنکھ اٹھا کر دیکھنا بھی پسند نہیں کرتے اور آج بھی ان کے فیصلہ میں تبدیلی کا امکان تھا، لیکن اُف ان کی انا، ان کی ضد اور ان کا احساسِ برتری انہیں اپنے فیصلہ میں تبدیلی کرنے سے روک رہا تھا، ساجدہ شہناز سے بھی زیادہ غمزدہ تھی وہ اپنی چہیتی بیٹی کے دل میں مچلنے والے ہر طوفان سے باخبر تھی، وہ جانتی تھی کہ ان کی بیٹی نشا ہر طوفان الم سے گزر جائے گی لیکن اپنے باپ کی انا کی خاطر اُف تک نہیں کرے گی، وہ ہر دکھ جھیل لے گی، لیکن خاندان کی رسوائی کا سبب نہیں بنے گی لیکن بیٹی کا دکھ، بیٹی کی کڑھن اور بیٹی کی آرزو کا قتل ماں باپ کو کہاں گوارہ ہوتا ہے، ماں باپ کی دم رخصت یہی خواہش ہوتی ہے کہ ان کی بیٹی سسرال میں پھلے پھولے اور اس کی زندگی میں کوئی غم نہ آئے لیکن ساجدہ جانتی تھی کہ ان کی بیٹی جب بھی ان کے گھر سے وداع ہوگی اس کو دو دو غموں کا سامنا کرنا پڑے گا، ایک غم مائکہ سے جدائی کا غم اور دوسرا غم سہیل سے ہمیشہ ہمیشہ کے لئے محروم ہوجانے کا غم۔ آہ یہ دنیا کے رسم ورواج، اُف یہ دین وشریعت کی پابندیاں اور افسوس یہ خاندانوں کے من گھڑت قوانین کی مجبوریاں، ماں ہونے کی حیثیت سے ساجدہ شہناز بھی زیادہ روتی تھیں اور کئی بار تو روتے روتے نڈھال بھی ہوجاتی تھیں لیکن شاباشی کی مستحق تھی وہ نشا جو سہیل کے سوا کسی کو اپنا شریک حیات بنانے کا تصور بھی نہیں کرسکتی تھی وہ اپنے ماں باپ کی خاطر خوش بخوش نظر آتی تھی، یہ الگ بات ہے کہ اس کا دل غم سہیل سے ہر وقت کسی لوہار کی بھٹی کی طرح تپتا تھا اور گھر میں بکھری ہوئی خوشیاں اسے بے روح اور بے نور نظر آتی تھیں۔

شادی بہت قریب آچکی تھی، صرف ایک ہفتہ ہی باقی رہ گیا تھا، شادی کے رسم ورواج کی گھن گرج پورے شباب پر تھی۔ سرور صاحب کا وقار خاندان میں دوپہر کے سورج کی طرح تمتما رہا تھا، ان کے گھرانے کی عزت وعظمت اور زیادہ واضح ہورہی تھی، گھر میں مہمانوں کا ہجوم تھا، ہر وقت گانے بجانے کا شور، قہقہوں کی موسلا دھار بارشیں، اور ہونٹوں پر مسکراہٹوں کا ہجوم، لیکن خوشی کے اس موقع پر کچھ لوگ اُداسیوں کی اتھاہ گہرائیوں میں غرق تھے، سہیل کی بہنیں بہت افسردہ تھیں، دلنواز جو اپنی ہم جولیوں کا ہمیشہ دل رکھتی تھی، آج اس کا دل سوچ وفکر کی کسی تاریک ترین قبر میں دفن تھا۔ وہ اپنی ممانی کے گھر کے چکر بدستور لگا رہی تھی لیکن اس کا وجود اس قبر کی مانند محسوس ہوتا تھا کہ جس پر مٹی پڑے ہوئے ایک مدت گزر گئی ہو۔ عرشی بات بات پر کس قدر ہنستی تھی، دیکھنے والے یہ سمجھتے تھے کہ ہنسی کا وجود عرشی کے لئے اور عرشی کا وجود ہنسی کے لئے ہے لیکن آج اس کے ہونٹ ہلکے سے تبسم سے بھی محروم تھے، اس کی آنکھوں میں ایک جستجو تھی اور اس جستجو کو کوئی بھی نہیں سمجھ پارہا تھا، وہ گھر میں بکھری ہوئی خوشیوں کے اُس پار اپنے دل وجان سے عزیز بھائی کی تمناؤں کے جنازے کو محرومیوں کے قبرستان کی طرف جاتا ہوا دیکھ رہی تھی۔

اُف یہ مجبوری، اور تقدیر کے سامنے انسان کی بے بسی۔ مسکان، آج مسکان ہنسی اور تبسم سے کس قدر دور تھی، اس کے اور خوشیوں کے درمیان کس قدر فاصلہ پیدا ہوگیا تھا، ایسا لگتا تھا کہ جیسے دریا کے دو کنارے، سہیل جب دوبئی سے واپس ہوا تھا تو سب سے زیادہ قہقہے اپنے گھر میں مسکان ہی نے اُچھالے تھے اور آج وہ اس طرح گم صم تھی کہ جیسے وہ جانتی ہی نہ ہو کہ ہنسی کیا ہوتی ہے اور مسکان کسے کہتے ہیں۔

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

حنا جو گڑیا کے نام سے مشہور تھی وہ اپنی بیماری کی وجہ سے بھی خاموش تھی اور بھائی کا غم تو اس کے لئے دنیا کا سب سے بڑا غم تھا، وہ خود نشا کی دیوانی تھی اور اب جب کہ اس کو اس حقیقت کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا کہ نشا پرائی ہونے والی ہے، سات دن کے بعد وہ رخصت ہوجائے گی اور اس کا بھائی سہیل ہمیشہ ہمیشہ کے لے اس نشا سے محروم ہوجائے گا جس نشا کے ساتھ اس کا سارا بچپن گزرا تھا، گڑیا پر جنات کے اثرات تھے، اس کی زندگی مسلسل خطرات سے دوچار تھی، ہر وقت اسے اس بات کا اندیشہ رہتا تھا کہ وہ کسی بھی وقت اچانک جاں بحق ہوجائے گی لیکن اس کو اپنی زندگی کے مٹ جانے کا اتنا غم نہیں تھا جتنا غم اس کو اپنے بھائی کے ارمانوں کی ناگہانی موت کا تھا، جب بھی اس کو یہ خیال آتا تھا کہ ایک دن نشا کا ڈولہ ماموں کے گھر سے رخصت ہوگا تو اس کا پورا جسم کانپ اٹھتا تھا، اس کو ایسا لگتا تھا کہ جیسے نشا کی ڈولی کی صورت میں اس کے بھائی سہیل کی حسرتوں کا جنازہ اٹھے گا، وہ سوچتی تھی کہ وہ لمحے کتنے ہوشربا ہوں گے اور اُن لمحوں کی تاب وہ کیسے برداشت کرسکے گی اور نشا! ایک لڑکی کو دلہن بننے کا شوق بچپن سے ہوتا ہے لیکن بے چاری نشا کے سارے ارمان تو خاک میں مل گئے تھے، اپنے ماں باپ کی عزت وآبرو کی خاطر، خاندان کے بھرم کی خاطر اس نے اپنی آرزوؤں کا گلا گھونٹ دیا تھا۔ مگر دولہن بننے کے تصور سے جو قیامت نشا کے دل ودماغ پر ٹوٹ رہی تھی اس کا اندازہ اس کے سوا کس کو ہوسکتا تھا، وہ تندرست تھی، سرخ سفید تھی، اس کی آنکھوں میں قدرتی طور پر ایک چمک تھی لیکن ان دنوں اس کا چہرہ ایسا لگتا تھا کہ کسی نے ہلدی اس کے چہرے پر ملدی ہو، اس کی آنکھوں میں ایک عجیب طرح کی ویرانی تھی، رہی شہناز تو اس کا بھی برا حال تھا، وہ تو خود کو سہیل اور نشا کا مجرم سمجھتی تھی۔ اگر اس نے سرور صاحب سے نشا کا ہاتھ مانگ لیا ہوتا تو وہ ہنسی خوشی نشا کا ہاتھ سہیل کے ہاتھ میں پکڑا دیتے لیکن احساس کمتری نے اسے اپنی خواہش کا اظہار کرنے سے باز رکھا۔

غربت بھی کیا بلا ہے، انسان کتنا ہی اچھا ہو اور کتنی بھی خوبیوں کا مالک ہو، اگر وہ غریب ہوتا ہے تو اپنے جذبات اور اپنے احساسات کا ذکر کرتے ہوئے بھی کسی کے سامنے لرزتا ہے اور اکثر یہ ہوتا ہے کہ جب کوئی خواہش اس کی زبان پر آبھی جاتی ہے تو وقت نکل چکا ہوتا ہے اور جب چڑیا سارا کھیت نمٹا دیتی ہے پھر پچھتاوے سے کچھ حاصل بھی نہیں ہوتا۔ شہناز کے ساتھ ایسا ہی کچھ ہوا تھا اپنے بیٹے کی محبت کو وہ محسوس کرتی تھی وہ نشا کو خود بھی حد سے زیادہ پیار کرتی تھی، اس کے دل میں بھی ارمان مچلتے تھے کہ نشا اس کے گھر کی بہو بن جائے۔ اس کے بھائی سرور صاحب بھی اپنی بہن سے بہت محبت کرتے تھے وہ اپنی غم زدہ بہن کی دلجوئی کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑتے تھے، اس کے باوجود شہناز اپنی غربت اور اپنی تنگ دامانی کی بنا پر اپنا مدعا اپنے بھائی کے سامنے بیان نہ کرسکی۔ وہ لیت ولعل کا شکار رہی اور جب اس نے اظہار تمنا کا ارادہ کیا تو اس وقت بہت دیر ہوچکی تھی اور نشا کا رشتہ ایک اچھے گھرانہ سے آگیا تھا۔

بے شک سہیل بہت خوبصورت تھا، اس کو کوئی بھی لڑکی قبول کرسکتی تھی، لیکن نشا کا منگیتر عارف بھی ایک ڈیل ڈول کا خوبرو نوجوان تھا، اس کے اندر بلا کی کشش تھی اس کو پہلی نظر سے دیکھنے والے بے اختیار ''چشم بددور'' کہنے پر مجبور ہوجاتے تھے۔ عارف کی آمد سے پہلے اگر شہناز سرور صاحب کے سامنے اپنی ارمان کھول دیتی تو یقیناً سہیل کا رشتہ نشا سے ہوجاتا۔

اب جب کہ شادی کی تیاریاں پوری دھوم دھام سے ہورہی تھیں اس وقت کتنے ہی دل سوگوار تھے اور کتنی ہی روحیں شدت کرب سے تڑپ رہی تھیں، عجیب ہوتی ہیں یہ رشتوں کی مجبوریاں بھی۔ انسان سوگوار ہوکر بھی ہنستا ہے اور شدت درد سے بے خود ہوکر بھی مسکراتا ہے، اس کے دل ودماغ میں ایک آگ لگی ہوتی ہے لیکن اس کے ہونٹوں پر تبسم ہوتا ہے۔ شہناز اپنے بیٹے کے غم سے تقریباً پاگل سی ہوگئی تھی لیکن اپنے مہربان بھائی اور اپنی چاہنے والی بھاوج کی خاطر وہ ہنس بھی رہی تھی اور پابندی کے ساتھ تمام محفلوں میں اپنی موجودگی بھی ثابت کررہی تھی۔ آج جب وہ تیار ہوکر سرور صاحب کے گھر جانے کا ارادہ کررہی تھی کہ اس کی نظر سہیل پر پڑی جو بہت خاموش اور بہت افسردہ نظر آرہا تھا، وہ ایک کرسی پر بیٹھ کر خلاؤں میں اس طرح گھور رہا تھا جیسے کسی چیز کی تلاش میں ہو۔

شہناز نے اس کے نزدیک پہنچ کر کہا۔

بیٹے میں تمہاری مجرم ہوں، تم مجھے معاف کردو۔

امی، سہیل نے اپنی ماؤں کی طرف دُکھ بھری نظروں سے دیکھا، پھر بولا۔ آپ ایسی باتیں کیوں کرتی ہیں، تقدیر میں یہی لکھا تھا، اس میں آپ کا کوئی قصور نہیں۔

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

سہیل میں تمہیں جب افسردہ دیکھتی ہوں تو میرا دل تڑپنے لگتا ہے۔

امی کچھ دنوں کے بعد سب ٹھیک ہو جائے گا، آپ یقین کریں، میں آپ کو قصوروار نہیں سمجھتا۔ میری قسمت ہی نے مجھ دھوکہ دیا ہے۔ اگر نشا مجھے ملنے والی نہیں تھی تو مجھے اس سے محبت بھی نہیں ہونی چاہئے تھی۔ سہیل کی آواز بھرا گئی۔

سہیل! میرے لخت جگر خود کو سنبھالو، میں تمہاری آنکھوں میں آنسو برداشت نہیں کر سکتی، تمہیں میرے دودھ کا واسطہ۔

امی میں بہت چاہتا ہوں کہ مجھے نشا کی یاد نہ آئے، پھر بھی کبھی کبھی اس کی یاد مجھے بہت ستاتی ہے۔ مجھے رونے پر مجبور کر دیتی ہے لیکن میری امی میں آپ سے وعدہ کرتا ہوں کہ میں آہستہ آہستہ اس کو بھول جاؤں گا اور میں آپ کی خاطر اور اپنی بہنوں کی خاطر ایسی زندگی گزاروں گا جو آپ کے لئے باعث اطمینان ہوگی۔

شہناز نے اپنے برقعہ کے پلو سے اپنی آنسو پونچھتے ہوئے کہا۔

مجھے تم سے یہی امید ہے اور یہ کہہ کر وہ سرور صاحب کے گھر کی طرف روانہ ہوگئی۔

سرور صاحب کا گھر ان دنوں خوشیوں اور مسرتوں کی آماجگاہ بنا ہوا تھا، سرور صاحب کے تعلقات بہت وسیع تھے اور ان کا حلقہ احباب بہت پھیلا ہوا تھا، ابھی شادی میں ایک ہفتہ باقی تھا، لیکن گھر کی رونق تو ہر روز یہ ثابت کرتی تھی کہ شادی آج ہی ہو رہی ہے، آنے جانے والوں کا تانتا اس طرح بندھا رہتا تھا کہ دیکھنے والے حیرت میں ڈوبے جاتے تھے، ان کے گھر میں مہمانوں کی آمدورفت یہ سبق دیتی تھی کہ رشتے کس طرح بنائے جاتے ہیں اور تعلقات کو کس طرح باقی رکھا جاتا ہے، اگرچہ سرور صاحب مزاج کے اعتبار سے بہت سخت تھے اور اصولوں کے اعتبار سے بہت ہی کٹر تھے، وہ مجموعی حیثیت سے ضدی مزاج تھے اور اپنے اصولوں سے ٹس سے مس نہیں ہوتے تھے، لیکن ان کے اندر ملنساری کا ایک ہنر بھی تھا اور ان کی عام ملنساری کی بنا پر ان کے گھر لوگوں کا تانتا بندھا ہوا تھا، ان کے گھر میں تحفوں کے اتنے ڈھیر لگ گئے تھے کہ اب تحفے رکھنے کی گھر میں جگہ بھی باقی نہیں رہی تھی۔ سرور صاحب کو اس بات کی بھنک پڑ ہی گئی تھی کہ ان کی بیٹی نشا اور سہیل ایک دوسرے کے عشق میں مبتلا ہیں۔ سہیل ان کو بھی دل و جان سے زیادہ عزیز تھا، لیکن اس بھنک سے پہلے وہ کسی کو زبان دے چکے تھے اور اپنے وعدے سے ہٹ جانا اور کسی معاہدہ سے پھر جانا ان کے بس سے باہر تھا، وہ سہیل کو اُداس اور افسردہ دیکھ کر اور اپنی بیٹی کی آنکھوں سے آنسوؤں کا جھرنا بہتا ہوا دیکھ کر وہ خود بھی بہت دُکھی تھے لیکن وہ اپنے اصولوں اور اپنی زبان کی پابندی کے ساتھ اس درجہ غلام تھے کہ ان کے لئے خود اپنی کھینچی ہوئی لکیروں سے اِدھر اُدھر ہونا امر محال تھا۔

شدہ شدہ نشا کی شادی کا دن آگیا، بارات بینڈ باجے کے ساتھ آئی تھی چونکہ شادی کا فنکشن رات کا تھا اس لئے میرج ہال کو رنگ برنگے قمقموں سے سجایا گیا تھا، دور دور تک روشنی بکھری ہوئی تھی، سہیل اور اس کے گھر والے بھی اس خوشی میں دل کی گہرائیوں سے شریک تھے لیکن آج صبح ہی سے گڑیا کی طبیعت کافی خراب تھی، بار بار اس پر غشی طاری ہو رہی تھی، شہناز نے کئی بار ساجدہ سے کہا کہ اگر تم اجازت دو تو میں گڑیا کو لے کر گھر چلی جاؤں لیکن ساجدہ نے اجازت نہیں دی۔ اس ۔ نے کہا کہ تمہارے بغیر میری خوشی ادھوری رہے گی تمہیں نشا کی رخصت سے پہلے جانے کی اجازت نہیں دوں گی۔

نشا نے دولہن کا لباس تو بیاہ شادی کی رسم و رواج کی خاطر پہن لیا تو تھا لیکن اندر سے اس کا دل پوری طرح ٹوٹ چکا تھا وہ اس ٹوٹے ہوئے شیشے کی مانند تھی جس کی کرچیاں زمین پر بکھری گئی ہوں، ہر لڑکی وداع ہونے سے پہلے روتی ہے، بلکتی ہے، لیکن اس کا رونا اور بلکنا صرف مائکہ سے جدائی کی وجہ سے نہیں تھا بلکہ اس کی تڑپ اور بلبلاہٹ کی اصل یہ تھی کہ وہ اُس سہیل سے ہمیشہ ہمیشہ کے لئے دور جا رہی تھی جس کے ساتھ جینے اور مرنے کی وہ قسمیں کھا چکی تھی۔ سہیل جب اس سے جدا ہو کر دوبئی گیا تھا تو وہ بھی ایک جدائی تھی لیکن اس جدائی میں ملنے کی اور وصال کی ایک امید برقرار تھی لیکن آج ایجاب وقبول کے دو لفظوں کے ساتھ اس کے اور سہیل کے دوران جو فلک بوس دیوار کھڑی ہونے جا رہی تھی اس کے تصور سے بھی اس کے رونگٹے کھڑے ہو رہے تھے۔ صبح ہی سے اس کے جسم پر کپکپی طاری تھی اور اس کی روح کے نہاں خانوں میں موت کے سناٹے بکھرے ہوئے تھے۔

اور اسی دوران دو گواہ ایک ولی رجسٹر لے کر اس کے پاس پہنچ گئے، گویا کہ نکاح کی تیاری شروع ہوگئی، سرپرست نے نشا سے سرگوشی کے انداز میں کہا۔ بیٹی تمہارا نکاح اکیاون ہزار مہر متعین کر کے سرفراز صاحب

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

کے صاحبزادے عارف حسین سے کیا جارہا ہے، کیا تم اس نکاح کی اجازت دیتی ہو؟

دوبار سرپرست نے یہ بات دہرائی لیکن نشا کی طرف سے ہچکیوں اور سسکیوں کے سوا کوئی جواب نہیں ملا، بڑی بوڑھی عورتوں نے کہا چلو بس اجازت مل گئی، یہ دنیا والے بھی عجیب ہوتے ہیں رونے اور بلکنے کو بھی اجازت پر محمول کرتے ہیں اور پھر چند ہی منٹ کے بعد پٹاخے چھٹنے لگے جو اس بات کی علامت تھی کہ نکاح ہو چکا ہے، نکاح کے وقت سہیل کی افسردگی صاف محسوس ہو رہی تھی، اس کی آنکھیں نم تھیں لیکن اس نے اپنی ماں سے اور نشا سے یہ وعدہ کیا تھا کہ وہ صبر وضبط کرے گا اور کوئی ایسی بات اس کی زبان سے نہیں نکلے گی جس کی وجہ سے نشا اور سرور صاحب کی بدنامی ہو، اس کے دل پر کچھ بھی گزرے گی وہ ہنستا ہی رہے گا اور یہ ثابت کرے گا کہ وہ اس شادی سے بہت خوش ہے، نکاح کے بعد سب سے پہلے عارف کو سہیل ہی نے مبارک باد دی۔ سرور صاحب بھی اس وقت تو رو پڑے اور انہوں نے سہیل کو اپنے گلے سے لگا کر کہا، میں شرمندہ ہوں لیکن میں زبان دے چکا تھا۔ بیٹا تم یقین رکھنا کہ میں تمہیں ہر وقت اپنے دل کے قریب ہی رکھوں گا۔

سہیل کچھ بھی نہ بول سکا۔ اس کی زبان تو جیسے گنگ ہو کر رہ گئی تھی، سلامی کے وقت مسکان نے سہیل سے آکر بتایا کہ گڑیا کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے، اس لئے امی نشا کو رخصت کرتے ہی گھر واپس ہوں گی۔

مسکان میرے سر میں بھی بہت درد ہے۔ سہیل نے کہا'' میں بھی رخصت کرتے ہی گھر جانا چاہوں گا۔

مسکان بولی، بھیا خود کو سنبھالئے اور گھر جا کر آرام کر لیجئے۔

میں رخصت کر کے ہی جاؤں گا۔ ''سہیل بولا'' میں سرور ماموں کی خوشی میں آخر تک شامل رہوں گا۔

ایک بات پوچھوں، نشا کیسی ہے؟

کچھ نہ پوچھو، سہیل بھیا وہ تو روتے روتے پاگل ہی ہو گئی ہے، ہم سمجھتے ہیں کہ اس کے رونے کی وجہ کیا ہے۔ بھیا لڑکیاں کس قدر مجبور ہوتی ہیں اس کو جب دولہن کا لباس پہنایا جارہا تھا اس کے چہرے پر کوئی خوشی نہیں تھی، ایسا لگتا تھا کہ جیسے اس پر کفن ڈالا جارہا ہو۔ بھیا اس کو بلکتا ہوا دیکھ کر ممانی اور ہماری امی بھی بہت روئیں لیکن سب مجبور اور بے بس تھے۔

اب اس کا کیا حال ہے؟ ''سہیل نمناک آنکھوں کے ساتھ مسکان سے پوچھا۔''

کیا حال ہوتا، اپنے ماں باپ کے حکم کے سامنے وہ کر بھی کیا سکتی ہے، مجھ سے اس کا تڑپنا نہیں دیکھا جارہا تھا اس لئے میں تو کمرے سے باہر آگئی تھی۔

ابھی ان دونوں کی گفتگو جاری تھی کہ گھر میں کہرام مچ گیا اور گھر میں ایک بہت بڑا حادثہ ہو گیا، ہر طرف ایک ہوک سی مچ گئی اور پھر جو خبر سننے کو ملی، اس سے سہیل اور مسکان کے اوسان خطا ہو گئے۔ گڑیا کو پھر شدید دورہ پڑا تھا اور گڑیا اس دورے کی تاب نہ لاسکی، اس نے چند منٹ تڑپ کر دم توڑ دیا، نشا کی ڈولی اٹھنے سے پہلے ہی گڑیا کی لاش سرور صاحب کے گھر سے رخصت ہو گئی، نشا نے اپنی ماں ساجدہ سے کہا کہ کیا یہ ممکن نہیں ہے کہ میری رخصتی آج کے بجائے کل ہو جائے، ساجدہ نے سرور صاحب سے مشورہ کر کے جواب دیا نہیں۔

بیٹا یہ بات تیری سسرال والوں کو پسند نہیں آئے گی، تم صبر وضبط سے کام لو، تمہیں تو اس وقت رخصت ہی ہونا ہے اور تمہیں رخصت کر کے ہم سب شہناز کے گھر چلے جائیں گے، کتنا عجیب اتفاق ہے۔'' ساجدہ'' بولی اور کس قدر بڑا حادثہ ہے، اللہ شہناز کو ہمت دے، اس پر دوہرا غم پڑا ہے، نہ جانے کس طرح وہ ان غموں کو سہہ سکے گی۔

(باقی آئندہ)

حضرت مولانا حسن الہاشمی کا شاگرد بننے کے لئے

یہ تفصیلات ذہن میں رکھیں

اپنا نام، والدین کا نام، اپنی تاریخ پیدائش یا عمر، اپنا شناختی کارڈ، اپنا مکمل پتہ، اپنا فون نمبر یا موبائل نمبر لکھ کر بھیجیں اور اپنی تعلیمی استعداد کی وضاحت کریں۔

اس کے ساتھ ساتھ ایک ہزار روپے کا ڈرافٹ ہاشمی روحانی مرکز کے نام بنوا کر بھیجیں اور چار فوٹو بھی روانہ کریں۔

ہمارا پتہ

ہاشمی روحانی مرکز محلہ ابوالمعالی دیوبند (یوپی)

پن کوڈ نمبر: 247554

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

سورۃ الماعون کے خادم جن ''اصطیش'' کو بلانے کا عمل

سورۃ الماعون کے خادم جن اصطیش کو اپنے پاس بلانے کے لئے سب سے پہلے اپنی چلہ گاہ میں لوبان کی دھونی دیں، پھر تمام گناہوں سے توبہ کی نیت کرتے ہوئے دو نفل نماز برائے ایصال ثواب سرکارِ دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم اور پھر دو رکعت نماز نفل حجاب جن ''اصطیش'' کو اپنے پاس بلانے کی نیت سے ادا کریں، اب آپ مکمل توجہ ویکسوئی کے ساتھ سورۃ ''ماعون'' کو پڑھنا شروع کریں، جب سورت پڑھ چکیں تو تین مرتبہ عمل حاضری پڑھیں۔ اسی ترکیب کے ساتھ سورۃ ہٰذا کی تعداد ۹۲۰۸ کو سات یا گیارہ دن میں پورا کریں، انشاء اللہ تعالیٰ عظیم جن ہٰذا کی حاضری ہوگی، جب یہ حاضر ہوں تو ان سے بڑے ادب واحترام سے عہدوپیمان کریں، پھر اس پر تاحیات عمل کرتے رہیں، بعد چلّہ آپ سورۃ ماعون عمل حاضری کو ۱۱ مرتبہ اپنے ورد میں رکھیں تاکہ عمل قابو میں رہے۔

عمل حاضری

عمل حاضری یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم. اقسمت علیکم یا اصطیش حاضر شو حاضر شو حاضر شو بحق سورۃ الماعون بحق کھٰیٰعٓصٓ وبحق حٰمٓعٓسٓقٓ وبحق سلیمان ابن داؤد علیہ السلام وبحق یا بدوح یابدوح یابدوح حاضر شو

☆☆☆☆☆

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

مقصدی طنز ومزاح

اگرچہ بت ہیں زمانہ کی آستینوں میں
مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ

اذانِ بت کدہ

ابوالخیال فرضی

آج کل ابوالخیال فرضی بہت زیادہ چھٹیاں لے رہے ہیں اس لئے بروقت ان کے مضامین ہمیں موصول نہیں ہو رہے ہیں۔اس ماہ بھی ان کا ایک پرانا مضمون ہدیۂ ناظرین کیا جارہا ہے۔ نئے قارئین کے لئے تو یہ نیا ہی ہے لیکن پرانے قارئین بھی اس سے لطف اندوز ہوں گے کیوں کہ اس مضمون میں ایک عجیب طرح کی لذت ہے۔اس کو ہر بار پڑھ کر نیا مزہ آتا ہے۔(ادارہ)

آج صبح ہی سے بیگم سلمہ کا موڈ خراب تھا۔ جب ان کا موڈ خراب ہوتا ہے تو وہ چائے مجھے بغیر چینی کی پکڑا دیتی ہیں اور قاری عبدالباسطؒ کے لہجہ میں فرماتی ہیں کہ آپ کو سوگر ہے ذرا احتیاط برتیں۔ میں ان کی اداؤں کو بخوبی سمجھتا ہوں لیکن میں اس کے سوا اور کیا کہتا۔ بیگم میں جانتا ہوں کہ تمہیں میری صحت کی کس قدر فکر ہے۔ میری سوگر کو کنٹرول میں رکھنے کے لئے تم اپنے لب ولہجہ کو بھی کڑوا کر لیتی ہو۔ کیونکہ لب ولہجہ کا مٹھاس بھی سوگر کو بڑھاتا ہے۔ واقعی تم کس قدر خیر خواہ قسم کی وائف ہو ایک دم گڈ لک اور ایک دم ونڈرفل۔

لیکن ڈائیلاگ کتنی ہی پاکیزہ زبان میں بول لیجئے جب بیگم کا موڈ خراب ہو جاتا ہے تو پھر اس کی صورت پہ پونے بارہ ہی بجے رہتے ہیں۔ اور آنکھیں شعلے برساتی رہتی ہیں۔ ایسی صورت حال میں مجھے اپنے نکاح کی سلامتی کی فکر ہو جاتی ہے اور میں جلتو جلال تو آئی بلا کو ٹال تو کا ورد شروع کر دیتا ہوں۔ یہ وظیفہ بہت مؤثر ہے اور یہ مجھے ایک مادر زاد ولی نے عطا کیا تھا۔ مجھے آپ سے کوئی تکلف نہیں بات دراصل یہ ہے کہ میری بیوی پکی وہابن ہے اس کو اولیاء سے اور صوفیاء سے ایک طرح کی چڑ سی ہے۔ یہ مزارات اور درگاہوں کے خلاف اس طرح بولتی ہے جیسے ان پر تنقید کرنا ہی اس کا مقصد حیات ہو۔ کل رات میں نے اس کو بتایا تھا کہ ہمارے گھر ایک درگاہ کے سجادے تشریف لارہے ہیں یہ درگاہ سہارنپور کے مضافات میں ہے اور اس درگاہ میں جو بزرگ دفن ہیں ان کا نام حضرت چیونٹے شاہ نقش بندی ہے انہیں انگریزوں کے زمانے میں زندہ درگور کیا گیا تھا چنانچہ ان کے بارے میں مشہور عام بات یہ ہے کہ اپنی قبر میں باقاعدہ ابھی تک زندہ ہیں اور لوگوں کی مرادیں بہ نفس نفیس پوری کرتے ہیں۔ مجھے کئی معتبر لوگوں نے بتایا ہے کہ ان کی بڑی بڑی مرادیں چٹکی بجاتے ہی پوری ہوگئیں۔ اس درگاہ کے سجادے الحاج حضرت مولانا شاہ عبدالودود عاشق مسعود، فانی فی اللہ بقائی چغتائی نوراللہ مرقدہ کے ہوش مند صاحب زادے الحاج میاں نورالٰہی عرف مودود احمد شاہ جہانی المعروف بہ ولی کامل جناب صوفی نستعین چشتی، قادری، نقش بندی، صابری صاحب میرے غریب خانہ پر تشریف لارہے تھے۔ میں خوشی سے پاگل بھی ہو سکتا تھا لیکن بزرگوں کی دعاؤں کے طفیل میں میرے ہوش وحواس باقی رہے اور جب میں نے بہ ہوش وحواس اپنی مستند بیگم سے مادر زاد تیمیوں کے سے لب ولہجہ میں یہ عرض کیا کہ سجادے صاحب آرہے ہیں ان کیلئے طعام وقیام کا نظم کرنا پڑے گا۔ تو اتنی سیدھی سادی بات اتنے شریفانہ لب لہجہ میں سن کر وہ چراغ پا ہوگئی اور اس کا چہرہ ایسا محسوس ہونے لگا جیسے پٹھا ہوا بنیان کسی کھونٹی پر لٹکا دیا گیا ہو۔

جب اس کا موڈ صبح ۹ بجے تک خراب ہی رہا تو میں نے انتہائی شریفانہ بلکہ بزدلانہ انداز میں پوچھا۔ آخر اس میں ناراضگی کی کیا بات ہے؟ گھر میں بزرگوں کے آنے سے خوش ہونا چاہئے۔ ہو سکتا ہے کہ ان کے قدموں کی برکت سے ہمارے وارے کے نیارے ہو جائیں اور کیا بعید ہے کہ تمہاری جوانی پھر سے واپس آجائے۔

وہ بولی۔ مجھے ان فضول باتوں سے کوئی دلچسپی نہیں ہے۔ میں آپ کے صوفی قسم کے دوستوں سے اچھی طرح واقف ہوں۔ ایک صوفی اور کسی مزار کے مجاور پچھلے سال بھی تشریف لائے تھے وہ آپ کی شیروانی ہی

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

چرا کر لے گئے تھے۔

بیگم۔ خدا سے ڈرو۔ اتنا بڑا الزام کسی صوفی پر مت لگاؤ۔ کسی کی شیروانی اُٹھالینے کو چوری نہیں کہتے۔ شیروانی لے جانے میں حسن نیت کا بھی دخل ہوسکتا ہے۔ اور حسن نیت کے معاملے میں صوفیوں کا مقام بہت اونچا ہے۔

اس میں حسن نیت کی کیا بات ہے۔؟

بیگم تم نے نہیں سنا کہ اعمال کا دارومدار نیت پر ہے۔ ممکن ہے کہ انہوں نے اس نیت سے شیروانی اُٹھائی ہو کہ اسے پہن کر وہ نمازیں پڑھیں گے اور میں ان کے ثواب میں برابر کا شریک رہوں گا۔ اگر انہوں نے اسی نیت سے شیروانی اٹھائی ہے تو بغیر محنت کئے مجھے ثواب دارین حاصل ہورہا ہے۔ تم جانتی ہو کہ نماز کی طرف میری طبیعت نہیں چلتی۔

میں آپ سے بحث میں نہیں جیت سکتی۔ لیکن میں تو صاف کہتی ہوں کہ مجھے ان صوفیوں سے وحشت ہوتی ہے پرار کے آپ کے ایک دوست آئے تھے جن کے بارے میں آپ نے زمین وآسمان کے قلابے ملائے تھے۔ انہوں نے خالہ نعیمہ کی نواسی ہی کو چھیڑ دیا تھا۔ کتنا بڑا فتنہ برپا ہوا تھا، کیا آپ بھول گئے؟

بیگم وہ بھی غلط فہمی تھی۔ صوفی شمشاد گل بدن کی آزمائش کرنا چاہ رہے تھے کہ کس طرح کی لڑکی ہے۔ وہ غلط فہمی کا شکار ہوگئی اور اس نے وقت سے پہلے ہی شور مچادیا۔

کیوں آپ الٹی سیدھی تاویلیں کررہے ہیں۔ انہوں نے گل بدن کا ہاتھ پکڑ کر ''آئی لو یو'' کہا تھا اور ہنگامہ ہوجانے پر انہوں نے معذرت طلب کرلی تھی۔ اگر وہ صرف آزمائش کررہے تھے تو پھر معذرت کرنے کا مطلب کیا تھا۔؟

دیکھو بیگم! صوفیوں اور ولیوں کی باتوں کو ایک دم نہیں سمجھا جاسکتا۔ ان کی باتیں سمجھنے کے لئے کچھ گہرائی میں جانا پڑتا ہے اگر ہم گہرائی میں نہیں جائیں گے تو پھر بدگمانی کے سوا اور کچھ بھی حاصل نہیں ہوگا اور بیگم گڑے مردے اُکھاڑنے سے فائدہ نہیں۔ کل کی باتیں بھولو۔ آج کی بات کرو، اور سجادے صاحب کیلئے مہمان نوازی کا اہتمام کرو۔ میں تمہارے لئے اگلے پچھلے تمام گناہ معاف کرنے کو تیار ہوں۔

وہ اکیلے آرہے ہیں۔ یا ان کے ساتھ مریدوں کی فوج بھی ہے۔

''بیگم نے رضامندی ظاہر کرتے ہوئے پوچھا''

اکابرین کے ساتھ کم سے کم دو یا تین مرید تو چلتے ہیں۔ دو تین اپنے دوستوں کو مدعو کرلوں گا۔ تم آٹھ دس آدمیوں کا کھانا تیار کرلینا۔

مہینے کا اخیر ہے۔ گھر میں کچھ نہیں رکھا۔ اس نے بیزاری کے ساتھ کہا۔ آپ جو کچھ لادیں گے میں پکادوں گی۔

میں خوشی سے اُچھل گیا۔ سودا سلف لانے کے بعد میں نے باادب باملاحظہ بیگم سے عرض کیا۔ مجھے یقین ہوگیا ہے کہ تم بے حساب جنت میں جاؤ گی۔ واقعی اگر میں تم سے شادی نہ کرتا، دونوں جہاں کا نقصان برداشت کرنا پڑتا۔

بس اب جانے دیں۔ مجھے اُلو نہ بنائیں۔

بیگم میں تمہیں اُلو بنانے کی ضرورت محسوس نہیں کرتا۔ تم قدرتی طور پر بہت بھولی بھالی ہو۔ تمہیں اُلو بنانے سے کیا فائدہ۔ میں تو تمہاری جو بھی تعریف کرتا ہوں وہ ایمانا کرتا ہوں۔ تم واقعتاً اتنی اچھی ہو کہ دل چاہتا ہے کہ تم جیسی دو چار بیوی اور بھی گھر میں رہیں۔

اچھا اب آپ جایئے اور مجھے کام کرنے دیجئے۔

میں اپنے کمرے میں آگیا۔ اور سوچنے لگا کہ میں کس قدر خوش نصیب ہوں کہ مجھے ایسی زوجہ عطا ہوئی ہے جو میرا کہنا مان ہی لیتی ہے ورنہ میں نے تو یہ سنا ہے کہ موجودہ زمانہ کے شوہر پیدا ہی اسلئے ہوئے ہیں کہ وہ اپنی بیویوں کی غلام گیری کریں۔ میں نے بچشم خود اور دن کی روشنی میں بڑے بڑے وکیلوں کو، اور ججوں کو اور تھانیداروں کو اپنی بیویوں کے سامنے اپنی ناک رگڑتے دیکھا ہے۔ دیکھنے میں اچھے خاصے انسان۔ سوفی صد اشرف المخلوقات۔ ناک نقشے کے اعتبار سے ہنڈریڈ پرسینٹ مرد۔ لیکن بیوی کے سامنے بالکل ہی مجبور، بے بس اور بے زبان۔ مردوں کی یہ حالت دیکھ کر رحم آنے لگا ہے اور جب بھی کسی بھی مرد کو اپنی بیوی کے سامنے نیت باندھے دیکھتا ہوں تو مجھے فخر ہوتا ہے کہ میری بانو لاکھوں میں ایک ہے وہ میری ان تمام خرابیوں کو جو شوہر کے اندر پیدائشی طور پر ہوتی ہیں خندہ پیشانی کے ساتھ برداشت کرلیتی ہے آپ سے کیا پردہ میرے کئی دوستوں نے کئی بار بڑی نازیبا حرکتیں کیں۔ ایسی کہ کراماً کاتبین بھی شرما گئے ہوں گے۔ کہاں تک گنواؤں؟ لیکن چند دوستوں کی نازیبا حرکات تو ضرور واضح کروں گا تاکہ آپ کو اندازہ ہوجائے کہ میں

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

کیسے کیسے لوگوں کو اس دور سائنس میں برداشت کررہا ہوں اور ان کی دوستی سے بدظن تک نہیں ہوں۔ میرے ایک لنگوٹیا یار ہیں ان کا نام بسمل زبیری ہے یہ الف کے نام بے نہیں جانتے۔ لیکن جب بھی کسی محفل میں جائیں گے اس طرح باتیں کریں گے جیسے کسی یونیورسٹی سے تازہ بتازہ فارغ التحصیل ہوکر آئے ہوں۔ کسی بھی بارے میں انہیں کچھ بھی خبر نہیں لیکن دنیا کے ہر موضوع پر بات کریں گے اور اس طرح بات کریں گے کہ اس موضوع کا مکمل علم رکھنے والے لوگ شرمسار سے ہوجائیں گے۔ دراصل وہ اس اُصول پر چلتے ہیں کہ اپنی بولو اور دوسرے کی نہ سنو۔ مجھ سے تھوڑے گھبراتے ہیں کہ میں اپنی پر آجاتا ہوں تو ان سے بھی بڑا جاہل بن کر بات کرتا ہوں۔ تب وہ بغلیں جھانکتے ہیں۔ انہوں نے کئی بار اس بات کا اعتراف کیا کہ اللہ کی بنائی ہوئی اس کائنات میں اگر کسی نے مجھے خاموش کیا ہے تو وہ ابوالخیال فرضی ہیں ورنہ بڑے بڑے سورماؤں کے میں نے چھکے چھڑادیئے ہیں۔ میں انہیں نسلی طور پر شریف انسان سمجھتا تھا۔ جھک کرنا اور بے شرم بن کر لوگوں سے بحث کرنا تو خیر ان کا ذاتی فعل ہے۔ لیکن میرا گمان ان کے بارے میں یہ تھا کہ یہ جیسے بھی سہی ہیں دیانت دار آدمی۔ لیکن ایک دن ایسا ہوا کہ میرے گھر ایک دعوت میں آئے اور جب دعوت کھا کر گئے تو میری بیوی کا برقعہ اُٹھا کر لے گئے۔ کچھ دنوں کے بعد جب میری اہلیہ نے ان کے گھر وہ برقعہ ٹنگا دیکھا تو ان کی بیوی سے پوچھا یہ برقعہ کہاں سے آیا تھا۔ تو اس نے جواب دیا کہ تمہارے بھائی کے کسی پر پیسے چاہئے تھے جب اس نے نہیں دیئے تو اس کے گھر سے یہ برقعہ اُٹھا کر لے آئے آپ جانتے ہی ہیں کہ میری بیوی میرے بارے میں کچھ بھی سہی لیکن دوسروں کے معاملات میں وہ مطلقاً شریف قسم کی عورت ہے اس نے انہیں رسوا نہیں کیا۔ لیکن گھر آکر مجھ پر برس پڑی۔ کہنے لگی کیسے کیسے گھٹیا لوگوں سے تمہاری دوستی ہے۔

زبان سنبھالو...... میں نے جھلا کر کہا تھا میرے دوستوں نے تمہارا کیا بگاڑا ہے جب دل میں آتا ہے ان کے خلاف اول فول بکنے لگتی ہو ایسے پیارے پیارے دوست اگر دن میں بھی چراغ لے کر ڈھونڈو گی تو نہیں ملیں گے۔ کیسے کیسے پیارے دوست ہیں میرے۔ صوفی گلبدن، حاجی اللہ گھسیٹے منشی مروارید، خواجہ بتاشے میاں، قادری خربوزے خاں، مولوی جاپان علی، مرزا شہتوت، صوفی ہدہد، مولوی اذاجاء، صوفی معشوق علی، مولانا گل بگاؤلی وغیرہ وغیرہ۔

میں ان سب کو بھی جانتی ہوں لیکن میں اس وقت بات کررہی بسمل زبیری کی۔ جو بالکل اجہل ہیں اور خود کو شاعر وقت سمجھتے ہیں۔ حالانکہ مجھے معلوم ہے کہ وہ ایک سال میں ایک سے زیادہ شعر نہیں کہہ پاتے۔

ان بیچاروں نے تمہارا کیا بگاڑا ہے۔ ان کے معصوم عن الخطا ہونے میں تو کسی پاگل کو بھی کوئی شک نہیں ہے۔

میں آج ان کے گھر گئی تھی۔

چلو گئی ہوں گی لیکن وہاں تم نے کیا دیکھ لیا؟

چھ ماہ پہلے میرا جو برقعہ گم ہوگیا تھا وہ ان کے گھر ٹنگ رہا تھا۔

بیگم۔ برقعے سب ایک جیسے ہوتے ہیں تم یہ کیسے کہہ سکتی ہو کہ وہ برقعہ تمہارا ہی تھا۔

اس کی ایک سائڈ میں میں نے بہت ہلکا سا بانو کا B بنا رکھا تھا وہ دونوں میاں بیوی شاید اس بی کو کچھ سمجھ نہ سکے۔ یا انہوں نے اس کو کمپنی کا مارکہ سمجھ لیا ہوگا اس لئے اس کو صاف نہیں کیا۔

آئی سی۔ لیکن بیگم ذرا ٹھنڈے دل سے ایک بات سوچئے۔ ''میں نے کہا تھا'' وہ برقعہ جو شاید تمہارے کند ذہن کی نشانی تھا۔ جب تک گم نہیں ہوگیا ہمیں نیا برقعہ خریدنے کی توفیق نہیں ہوئی۔ وہ گم ہوا تو میں نے تمہارے لئے ایک لاجواب برقعہ خرید کردیا۔ اسی برقعے کا تو کمال ہے کہ جب تم گھر سے نکلتی ہو تو اللہ کے نیک بندے بھی بادل نخواستہ تمہاری طرف نظر اُٹھانے لگتے ہیں۔

مجھے اس برقعے کا غم نہیں ہے۔ غم تو اس بات کا ہے کہ آپ کے دوست چوریاں کرنے سے بھی نہیں چوکتے۔ جبکہ آپ ان کے لئے کیسی کیسی قربانیاں دیتے ہو۔ اگر وہ برقعہ ہم سے مانگ ہی لیتے تو اس میں کیا حرج تھا۔

بیگم۔ شریف لوگ مانگا نہیں کرتے کیونکہ انہیں معلوم ہے کہ نیچے والا ہاتھ اوپر والے ہاتھ سے بدتر ہوتا ہے اور چوریاں اتفاق ہی سے کھل جاتی ہیں اس لئے وہ بے چارے چوریاں کرلیتے ہیں ان کا کام بھی بن جاتا ہے اور ان کی شرافت کا بھرم باقی رہتا ہے۔ لیکن ان شریفوں کی تو بدنصیبی یہ ہے کہ ان کی چوریاں بھی نہیں چھپ پاتیں۔

میرے ایک دوست اور ہیں۔ ان کا نام ہے خواجہ بتاشے میاں۔

FREE AMLIYAAT BOOKS......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

وہ ہمارے گھر ایک تقریب میں آئے اور انہوں نے عین بڑھاپے میں ایک بچی کو چھیڑ دیا۔ کئی لوگوں نے انہیں یہ حرکت کرتے دیکھ لیا۔ ایک ہنگامہ برپا ہو گیا۔ میں نے انہیں اپنے کمرے میں بلا کر پوچھا۔ اماں خواجہ جی یہ سب کچھ کیا ہے؟ تم نے ایسا کیوں کیا؟

وہ بولے تھے۔ فرضی صاحب بس شیطان لعین نے بہکا لیا تھا۔ ورنہ تمہیں تو معلوم ہی کہ اب میں نے یہ چیزیں بالکل چھوڑ دی ہیں اور اس کمبخت کو بھی تو دیکھو کیسی قیامت لگ رہی تھی۔ اس کو سبز جوڑا پہننے کی کیا ضرورت تھی۔

خواجہ صاحب۔ اللہ نے خیر کرلی۔ میں نے لوگوں کو سمجھا دیا کہ خواجہ صاحب پر جن چڑھ گیا تھا اس لئے وہ ہوش میں نہیں تھے ان کا کوئی قصور نہیں۔ اب وہ عمر کے اس دور سے گزر رہے ہیں کہ جب وہ اپنی بیوی کو بھی نہیں چھیڑ سکتے تو کسی بچی کو کیونکر چھیڑیں گے۔ سننے والے سب شریف بھی تھے اور عقل و فہیم بھی۔ ایک منٹ کی چوتھائی میں انہوں نے میری بات سمجھ لی اور تمہیں وہ قابل رحم سمجھنے لگے۔ ورنہ تمہاری ایسی حجامت ہوتی کہ چھٹی کا دودھ یاد آ جاتا۔

خواجہ بہت بے شرم تھے۔ میری بات سن کر بولے تھے کہ یار تم نے ایسی ترکیب بتادی ہے کہ موقعہ ملا تو ایک بار پھر کسی لڑکی کو چھیڑوں گا۔

تقریب ختم ہونے کے بعد بانو نے رات کو مجھ سے کہا تھا۔ سنا ہے کہ خواجہ بتاشے میاں نے ماموں کلن کی بیٹی کو چھیڑ دیا۔ انہیں اس عمر میں ایسی حرکت کرتے ہوئے شرم نہیں آئی۔

بیگم۔ چھوڑو میں نے انہیں ڈانٹ دیا ہے۔ بہت پچھتا رہے تھے اب کیا کریں۔ ہیں تو انسان ہی کوئی فرشتے تھوڑی ہیں۔ عورت جب بن سنور کر نکلیں گی تو لوگوں کے ایمان تو خراب ہوں گے ہی۔

میرا بس چلے تو ایسے لوگوں کی منڈیاں رگڑ دوں۔ بیگم نے دانت پیس کر کہا تھا۔

اب تو خواجہ بتاشے میاں بہت بوڑھے ہو گئے ہیں لیکن اب بھی کسی خوبصورت عورت کو دیکھ کر ان کی داڑھی کا ہر بال کھل اُٹھتا ہے۔

میرے ایک دوست نور العین ایک دینی مدرسے کے فارغ ہیں عربی رومال ان کا مونوگرام ہے جب بھی گھر سے نکلتے ہیں گلے میں رومال لٹکا لیتے ہیں لیکن ایک دن وہ میرے گھر آئے تو انہوں نے میری غیر موجودگی میں میری بیوی کو چھیڑ دیا۔ کہنے لگے بھابھی۔ جب بھی تم سے باتیں کرتا ہوں روح کو قرار مل جاتا ہے۔ میری درخواست ہے کہ آپ مجھ سے پردہ نہ کیا کریں۔ نہ جانے کیوں میرا دل آپ کی طرف ۲۴ گھنٹے مائل رہنے لگا ہے۔

بانو تو کردار کی بہت مضبوط عورت ہے اس نے کہا۔ نور العین صاحب! میں نے اپنے شوہر کے سوا آج تک کسی بھی مرد کے بارے میں سوچنا حرام ہی سمجھا ہے۔ اگر آپ کی جوانی آپ کو پریشان کر رہی ہے اور عشق کئے بغیر آپ کی روح کو سکون نہیں مل رہا ہے تو اس شہر میں ہزاروں عورتیں ایسی موجود ہیں کہ وہاں جا کر اظہار تمنا کریں۔ انشاء اللہ آپ کو بروقت مثبت جواب ملے گا۔ میرے گھر سے آپ کو مایوسی کے سوا کچھ بھی ہاتھ نہیں آئے گا۔ ہاں میں اتنا کرم آپ پر کر سکتی ہوں کہ فرضی صاحب سے اس بارے میں کچھ نہیں کہوں گی۔

چند سال کے بعد بانو نے مجھے یہ بات بتائی۔ لیکن یہ سن کر مجھے کوئی حیرت نہیں ہوئی کیونکہ میں یہ بات جانتا ہوں کہ پہلے زمانہ میں عشق ایک بیماری ہوا کرتا تھا یہ بیماری تو اب دنیا میں بہت کم ہے اب اس کی جگہ ایک اور بیماری پیدا ہو گئی ہے اور وہ "اظہار عشق" یعنی عشق بالکل نہیں ہے البتہ اس کا اظہار ہو رہا ہے اس بیماری نے ان لوگوں کی بھی مت ماردی ہے۔ جو مرنے کے بعد بھی شریف سمجھے جاتے تھے اور پیدا ہونے سے پہلے بھی۔

غرضیکہ اس طرح کے دوستوں نے مجھے ہمیشہ آزمائش میں بتلا رکھا۔ لیکن خدا گواہ ہے کہ ان کی ان حرکات نازیبا کے باوجود میں نے ان کے دامنوں کو نہیں چھوڑا۔ کیونکہ میں جانتا ہوں کہ یہ سب کے سب آدم کی اولاد ہیں اور غلطی کرنا ان کی فطرت میں داخل ہے لیکن میری بیوی جو ہے وہ اکثر ان دوستوں کو لے کر مجھ سے الجھنے لگتی ہے۔ میں اس کو سمجھاتا ہوں کہ میرے دوست فرشتے نہیں ہیں یہ انسان ہیں اگر یہ غلطیاں نہیں کریں گے تو مجھے ان کی آدمیت میں شبہ ہونے لگے گا۔ میں ان سب کو برداشت کرتا ہوں تم بھی انہیں برداشت کرو اور ان پر رحم کھاؤ۔ تم اہل زمین پر رحم کروگی تو آسمان والا تم پر رحم کرے گا۔ لیکن کچھ بھی سہی میری بیوی ہے بہت ہونہار۔ وہ میری خطاؤں سے جس طرح چشم پوشی کرتی ہے اور کچھ اول فول بکنے کے بعد میرے دوستوں کے حق میں جس طرح ٹھنڈی

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

ہوجاتی ہے وہ اس کے رحم دل ہونے کی دلیل ہے اب دیکھ لیجئے سجادے صاحب کے آنے پر گھر میں دال آٹا نہ ہونے کے باوجود وہ مہمان نوازی کے لئے راضی ہوگئی۔ میرا دل خوشی سے جھوم رہا تھا۔ ایک طویل عرصے کے بعد مجھے اپنے دوستوں سے گپ شپ کا موقعہ ملنے والا تھا۔ کچھ نہ پوچھئے کہ کیسے دن گزرتا اور کیسے رات پوری ہوئی۔ صبح ہی سے میں دوستوں کا انتظار کرنے لگا۔ سب سے زیادہ خوشی میں سجادے صاحب کے آنے کی تھی ان سے کچھ دعائیں بھی کرانی تھی اور کچھ دعائیں تو واللہ بہت پرائیویٹ قسم کی بھی ہیں وہ میں آپ کو بھی نہیں بتا سکتا۔ جب اس دنیا میں کسی کا بھروسہ نہیں تو پھر میرے قارئین ہی کا کیا بھروسہ کب اور کہاں کوئی فتنہ کھڑا کردیں اور میں داغ یتیمی ایک بار پھر برداشت کرنے پر مجبور ہوجاؤں۔

صبح کے دس بجے تھے سب سے پہلے عزیزم نورعلی تشریف لائے یہ میرے رشتے دار بھی ہیں یہ ہماری خالہ کے شوہر کے ماموں زاد بھائی کے بڑے داماد کے یار غار کی سب سے بڑی ہمشیرہ کی منجھلی صاحب زادی کی بڑی بیٹی کے منگیتر ہیں۔ بہت ہی نستعلیق قسم کے نوجوان ہیں۔ مسکراتے ہیں تو ایسا لگتا ہے کہ بس یہ مسکرانے کے لئے ہی پیدا ہوئے ہیں۔ اللہ انہیں زندہ رکھے اور مرنے کے بعد فی الفور غریق رحمت کرے۔ مجھ سے بہت عقیدت رکھتے ہیں اور میری تحریروں کو اس طرح پڑھتے ہیں کہ جیسے یہی تحریریں ان کی بخشش کا ذریعہ بنیں گی۔

میں نے نورعلی کو بیٹھک میں بٹھایا اور ان کے حال چال پوچھے اسی دوران صوفی معشوق علی تشریف لے آئے یہ بہت ہی عمدہ قسم کے انسان ہیں اور انہیں دیکھ کر ہر آدمی متاثر ہوتا ہے۔ ان کی داڑھی کچھ اس انداز کی ہے کہ لوگ اسے علامات دین سمجھتے ہیں۔ وہ میرے دوستوں میں اس لئے بھی قابل ذکر ہیں کہ انہوں نے عقل وہوش کے ساتھ دوشادیاں کررکھی ہیں۔ اکثر لوگ ان سے یہ بات صرف دریافت کرتے ہیں کہ گھر کا ماحول کیسا ہے؟ اس دور میں لوگ ایک ہی بیوی سے پریشان ہیں۔ پھر دوبیویوں پر کیا گزرتی ہوگی اس کا اندازہ کرنا کچھ مشکل بھی نہیں ہے۔ لیکن ہر دیکھنے والا ان سے خواہی نخواہی یہ پوچھ بیٹھتا ہے کہ کیسے ہو۔؟ اور گھر میں کیا ہورہا ہے۔ چنانچہ ان کے بیٹھتے ہی میں نے ان سے یہی سوال کیا۔ معشوق بھائی بھابھیوں کا کیا حال ہے؟

فرضی صاحب! حال بھابھیوں کا نہ پوچھئے۔ مجھ سے میرا حال پوچھئے۔ دوشادیاں کرکے جان مصیبت میں آگئی ہے۔

کیوں۔؟ کیا ہماری بھابھیاں ابھی تک ایک دوسرے کے ساتھ ایڈجسٹ نہیں ہوپائی ہیں۔؟

دوعورتیں کب ایک دوسرے کے ساتھ ایڈجسٹ ہوتی ہیں آج کل ایک ہی عورت سسرال میں ایڈجسٹ نہیں ہوپاتی دو کیسے ہوجائینگی، اور اصل بات یہ نہیں ہے اصل بات یہ ہے کہ جب کوئی مرد دوشادیاں کرتا ہے تو اس کے تمام مسائل دگنے ہوجاتے ہیں اور مصارف ومسائل کے علاوہ ہر چیز میں اضافہ ہوجاتا ہے۔ مثلاً دیکھئے بیویاں تو دو ہوہی گئیں۔ اس کے نتیجے میں دوسسر دوساسیں بارہ سالیاں سات بہنیں پہلی والی کی ہیں اور پانچ دوسری کی۔ آٹھ سالے چار بھائی پہلی والی کے اور چار بھائی دوسری والی کے انکے علاوہ دونوں کے ہزاروں رشتے دار ہیں جو مجھ سے وابستہ ہوگئے ہیں اور ان سب کا کچھ نہ کچھ لحاظ رکھنا میرے لئے ضروری ہے مثل مشہور ہے کہ جورو کا بھائی ایک طرف ساری خدائی ایک طرف۔ اور جب جورو کے ایک نہ شد آٹھ بھائی ہوں تو بتایئے کہ نامراد بہنوئی پر کیا گزرے گی۔؟ آج اندازہ ہوا کہ دوسری شادی میں کس قدر قباحتیں ہیں۔ میں بھی خواب میں بھی دوسری شادی نہیں کروں گا۔ میرا خیال یہ کہتا ہے معشوق بھائی کہ دوبیویاں والا مرد تو بے حساب وکتاب جنت میں جائے گا'' میرے لب ولہجہ میں ایک طرح کا وثوق تھا۔''

وہ کس لئے؟ صوفی معشوق نے پوچھا''

وہ اس لئے کہ دو دو بیویوں کی طناطنی کا عذاب بھگتنے کے بعد پھر کسی عذاب کی گنجائش باقی کہاں رہ جائے گی۔ دوزخ کی آگ تو مسلمانوں کے لئے تہذیب کے لئے ہے نہ کہ تعذیب کے لئے۔ مسلمانوں کو دوزخ کی آگ میں اس لئے ڈالا جائے گا تاکہ ان کا کھوٹ دور ہوجائے اور وہ اصلی سونے کی طرح خالص ہوجائیں جب وہ اسی دنیا میں طرح طرح کے گھریلو سزائیں بھگت کر خالص ہوگئے ہوں تو پھر ان کو جہنم میں ڈالنے سے کیا حاصل؟

تو پھر آپ بھی دوسری شادی کرلیجئے۔ کیونکہ بے حساب جنت میں تو آپ بھی جانا چاہتے ہوں گے۔

بھئی میں دوزخ کی آگ برداشت کرلوں گا لیکن دو دو عورتوں کی

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

مار برداشت کرنا میرے بس کا نہیں ہے معشوق صاحب۔ آپ یقین کریں میں تو ایک ہی بیوی کو نہ جانے کس طرح بھگت رہا ہوں جب کہ وہ اپنی ذات سے شریف بھی ہے اور محبت کرنے والی بھی۔ بس یہ احساس کہ اس کی دادی نے حضرت آدم کو جنت سے نکلوایا تھا مجھے، بہت پریشان کرتا ہے اور کبھی کبھی تو میں انتقام لینے کا منصوبہ بنالیتا ہوں۔

ارے بھائی۔ خربوزہ چاقو پر گرے یا چاقو خربوزے پر نقصان تو بیچارے خربوزے ہی کا ہے۔ اگر تم انتقاماً اسے چھوڑ دو گے تو پھر بھی تمہارا ہی نقصان ہوگا۔ اس کا مہر بھی دو اور جوئی لاؤ گے اس کے دام بھی چکاؤ۔ جھگڑے اور فتنہ الگ رہے۔ بس اسی میں بھلائی ہے کہ جیسی کیسی بھی ہے اسی کو نبھاؤ ہاں تبھی طلاق کی دھمکی دینا از روئے سمجھ داری بہت ضروری ہے تمام ہوش مند قسم کے شوہروں نے حق طلاق کا استعمال کم سے کم دھمکی کی حد تک ہمیشہ جاری رکھا ہے۔ ایک بہت ہی ولی قسم کے انسان ایک بار فرما رہے تھے کہ بیویوں کو بالکل مت چھوڑو لیکن ہر ہفتے چھوڑنے کی دھمکی ضرور دو اس سے دو فائدے ہوتے ہیں بیوی ڈری سہی رہتی ہے اور خود کو اپنے شوہر ہونے کا اطمینان نصیب ہوتا ہے۔

تو کیا بیوی کو طلاق کی دھمکیاں دینے ہی میں شوہر ہونے کا راز پوشیدہ ہے؟

اور نہیں تو کیا۔ باقی مردوں کی دوسری روایات کا تو ستیاناس ہوگیا ہے۔ پہلے زمانہ میں مرد دفتروں میں جاتے تھے اور عورتیں گھریلو کام کیا کرتی تھیں۔ اب عورتیں دفتروں میں ملازمتیں کررہی ہیں اور شوہر باورچی خانہ کا نظام چلا رہے ہیں۔ وہ ہی بچوں کے پوتڑے دھو رہے ہیں اور گھر میں پونچھے لگا رہے ہیں سب ہی کچھ بدل گیا ہے لے دیکے طلاق کی دھمکیاں باقی رہ گئی ہیں اگر ہم یہ بھی نہیں کریں گے تو کیسے سمجھا جائے گا کہ ہم باضابطہ قسم کے شوہر ہیں؟

ویری گڈ۔ تمہاری بات معشوق صاحب ۱۶ آنے صحیح ہے۔ میں طلاق کی دھمکیاں آج سے اپنے روزمرّہ کے معمولات میں شامل کرلیتا ہوں تاکہ مجھے اپنے شوہر ہونے کا احساس رہے اور کم سے کم اس طرح میں "الرجال قوامون علی النساء" کا مظاہرہ کرسکوں باقی تمام حقوق تو حالات کے نذر ہو ہی گئے ہیں۔

ابھی یہی باتیں چل رہی تھیں کہ مرزا امرود بیگ تشریف لے آئے یہ سوفی صد پٹھان قسم کے انسان ہیں اور یہ لڑائی جھگڑا کرنے میں بہت ماہر ہیں۔ ذرا ذرا سی باتوں پر لوگوں سے اُلجھ پڑتے ہیں اور طمانچے رسید کرنے میں بہت ہی فیاض ہیں۔ لڑائی کا کوئی بھی موقعہ ہاتھ سے نہیں جانے دیتے۔ لیکن ان کی یہ خوبی قابل ذکر ہے کہ مجھ سے کبھی نہیں لڑتے وہ بیٹھک میں داخل ہوتے ہوئے بولے۔ السلام علیکم ابوالخیال فرضی صاحب، کیسے ہو؟

آپ نے یاد کیا ہم تشریف لے آئے۔

مرزا جی آپ کا بہت مشکور ہوں۔" میں نے کہا" ابھی آپ کو یاد ہی کررہا تھا اور سنایئے کیسی گزر رہی ہے۔ کسی سے جھگڑا وگڑا تو نہیں ہوا؟

کوئی خاص جھگڑے بازی نہیں ہوئی۔ یوں معمولی جھڑپیں تو روز کا معمول ہیں۔ اور ان کے بغیر اپنے زندہ رہنے کا احساس بھی نہیں ہوتا۔

پٹھان برادری میں لڑنے مرنے کا کچھ شوق بھی زیادہ ہی ہے۔

شوق کیا۔ لڑائی تو زندگی کی ضرورت بن کر رہ گئی ہے۔ اور صرف پٹھان ہی نہیں ہر برادری لڑائی کو زندگی کی ضرورت سمجھتی ہے لیکن دوسری برادریاں صرف زبان سے لڑتی ہیں ہاتھ پیر چلانا ان کے بس کی بات ہی نہیں۔ ہم پٹھانوں کا کمال یہ ہے کہ صرف ہاتھ پیر چلاتے ہیں زبان نہیں۔

آپ صحیح کہہ رہے ہیں۔ میں نے کئی پٹھانوں کو بالکل چپ چاپ گھونسے رسید کرتے ہوئے دیکھا ہے جب کہ زبان ہلاتے ہوئے بغیر ہاتھ پیر ہلانا ممکن ہی نہیں ہے۔ لیکن میں نے کئی بار ایسی لڑائیاں دیکھی ہیں کہ جوتے، چپل، طمانچے، گھونسے سب ہی کچھ برس رہا ہے اور زبان بالکل بند۔ جیسے منہ میں ہو ہی نا۔ اتنے خضوع اور خشوع کے ساتھ لڑتے ہیں کہ جیسے کسی مذہبی فریضے کی ادائیگی کررہے ہوں۔

اور تم نے قریشیوں کو لڑتے ہوئے نہیں دیکھا۔ وہاں صرف زبان ہی چلتی ہے۔ نئی نئی گالیاں سنیں گے، طرح طرح کی تہمتوں کی جگالی ہوگی لیکن ہاتھ پیر بالکل حرکت نہیں کریں گے جیسے کسی نے باندھ رکھے ہوں۔ لیکن اس طرح کی لڑائیوں میں ایک فائدہ ہے کسی کا کوئی نقصان نہیں ہوتا ہے۔ دونوں کے اعضاء بالکل محفوظ ہوتے ہیں۔ انہیں کسی طرح کی خراش تک نہیں آتی۔ اور ہم پٹھانوں کی لڑائی، اُف میرے خدا، کسی کا سر باقی نہیں رہتا اور کسی کا پیر۔ اور پھر ہماری لڑائیاں نسلوں تک

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

چلتی ہیں۔صرف ایک دو پیڑھیوں تک نہیں۔

سچ کہہ رہے ہو۔ میں نے بھی ایسا ہی دیکھا ہے کسی لڑائی میں دو چار قتل تو معمولی بات ہے۔

بھئی ہم پٹھان لوگ اس بات کے قائل ہیں کہ لڑو تو دل کھول کر لڑو۔ یہ گھٹی گھٹی لڑائیوں میں بہت اعضاء بھی محفوظ اور آبرو بھی سلامت ہمارے بس کا روگ نہیں۔

ابھی مرزاجی کی بات بھی پوری نہیں ہوئی تھی کہ ایک شور مچا اور سجادے صاحب اپنے مریدوں کی فوج سمیت بیٹھک میں داخل ہوئے۔انہوں نے زری کی شیروانی پہن رکھی تھی زری ہی کی ٹوپی تھی اور زری ہی کے جوتے۔

انہوں نے بڑے ہی عالمانہ انداز میں علیک سلیک کی اور مسہری پر بیٹھ گئے۔ بیٹھتے ہی فرمایا۔اندر زنان خانے میں ہمارا سلام کہہ دیں۔ ہماری طرف سے مزاج پرسی کریں اور یہ بھی فرمادیں کہ ہم کھانا بہت سادہ کھاتے ہیں۔ بہت زیادہ تکلفات کی ضرورت نہیں۔

میں اندر گیا۔ پھر دس منٹ کے بعد واپس آکر میں نے کہا۔میری اہلیہ بھی آپ سب کو سلام کہہ رہی ہیں اور سید نستعین صاحب بطور خاص آپ سے دعا کی درخواست کر رہی ہیں۔

اللہ انہیں جیتا رکھے اور تمہیں اس بات کی توفیق دے کہ تم ان کے حقوق ذمہ داری کے ساتھ ادا کرو۔آج کل مردوں کا حال یہ ہے کہ وہ اپنی بیویوں سے زیادہ دوسروں کی بیویوں میں دلچسپی لے رہے ہیں۔اسی لئے ہمیں اس طرح کی دعائیں کرنی پڑتی ہیں۔

لیکن بندہ پرور" میں بولا" مثل مشہور ہے کہ اپنی اولاد اور دوسرے کی بیوی اچھی لگتی ہے۔

جانتے ہیں جانتے ہیں۔لیکن پھر بھی ہمارا فرض ہے کہ لوگوں کے سامنے اصلاح کی بات کریں۔حالانکہ ہم خود بھی اسی مرض میں مبتلا ہیں کہ اپنی بیوی سے زیادہ دوسروں کی بیگمات چودھویں کا چاند نظر آتی ہیں۔ نہ جانے اس میں کیا راز ہے۔

سجادے صاحب۔"صوفی شہتوت بولے" آپ نے دورِ شباب میں شاعری بھی تو کی ہے۔اس زمانہ کا کوئی شعر ہدیۂ ناظرین کر سکتے ہیں ہمارا مطلب ہے کیا آپ سنا سکتے ہیں۔؟

شعر تو سنادیں گے۔لیکن ہمارے شعروں کو سمجھنے کے لئے ان لوگوں کو بلوانا پڑے گا جو ایک ایک کر کے قبرستان پہنچ گئے۔درا صل ہمارے اشعار بہت گہرے ہوتے تھے۔معمولی عقل والوں کے یہ پلے نہیں پڑتے تھے۔ہم نے شاعری اسی لئے تو چھوڑی تھی ہمارا کوئی شعر اخبار میں چھپ جاتا تھا تو گھر کی کنڈیاں بجنے لگتی تھیں لوگ آکر پوچھا کرتے تھے کہ ذرا اپنے شعر کا مطلب تو سمجھائیے۔بعض اوقات تو یہ بھی ہوتا تھا کہ ہم اپنے شعر کا مطلب خود کسی شاعر سے پوچھنے چلے جاتے تھے۔

ماشاءاللہ۔چشم بددور۔شاعری آپ کی بہت کمال کی تھی۔"میں نے تعریف کی۔"

فرضی صاحب ہمارے بعض اشعار کو آثار قدیمہ میں شمار کیا گیا ہے۔اور ہماری ایک غزل ایک دلہن کے غرارے پر لکھوائی گئی تھی۔ یہ غزل حسن وعشق پر مشتمل تھی اور اس میں دولہے میاں کو محبت کی ترغیب غالب ومیر کی زبان میں دی گئی تھی۔ چنانچہ اس غزل کو پڑھ کر دولہے میاں نے قرآن اُٹھا کر زندگی بھر ساتھ نبھانے کا عہد کیا تھا۔غزل کیا تھی اچھا خاصا ایک وعظ تھی جو پڑھتا تھا وہ اپنی بیوی سے خواہ مخواہ بھی محبت کرنے لگتا تھا۔

طبیعت بہت پھڑک اُٹھی ہے"میں نے بیتابی سے کہا" حضور والا کچھ شعر عطا کیجئے۔

لیجئے ایک باسی غزل سنئے۔انہوں نے اپنی بین الاقوامی داڑھی پر ہاتھ پھیرتے ہوئے۔

ارشاد ارشاد۔حاضرین چیخ اٹھے۔

سید نستعین صاحب نے اپنا گلا صاف کرتے ہوئے غزل پڑھنی شروع کی۔

میری بیگم تجھے ہوا کیا ہے
پیلی رنگت ہے عارضہ کیا ہے
تیرے قدموں پہ سر جھکاتا ہوں
میں نہیں جانتا خدا کیا ہے
تیری آواز کا دِوانہ ہوں
میری نظروں میں وہ لتا کیا ہے
میں ہوں شوہر خوشی سے پٹ لوں گا

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

کیوں میں پوچھوں میری خطا کیا ہے
آج پہلی ہے لاؤں گا تنخواہ
پوچھ لے تو بھی مدعا کیا ہے
جیب تم پر نثار کرتا ہوں
میں نہیں سوچتا بچا کیا ہے
ہم کو ان سے رقم کی ہے امید
جو نہیں جانتے عطا کیا ہے

دوران کلام واہ واہ کی صدائیں بلند ہوتی رہیں اور سجادے صاحب خود بھی جھوم جھوم کر اپنی غزل سناتے رہے۔ منشی نور بخت افروزی جن کا سلسلۂ نسب سات پشتوں کے بعد کسی ولی سے مل جاتا ہے انہوں نے سگریٹ کا کش لیتے ہوئے فرمایا۔ حضور والا آپ کا کلام تو روحانی کلام ہے اس کو سن کر تو فرشتے بھی جھوم جاتے ہوں گے۔

ذرہ نوازی ہے نور بخت صاحب ''سید نستعین خوش ہو کر بولے'' ہمارے کلام کی ایک خوبی اور بھی ہے بزرگوں، ولیوں، صوفیوں اور مادرزاد فقیروں کے طفیل میں ہماری غزل کو عالم برزخ سے ''نجات دہندہ'' کا سارٹیفکٹ ملا ہوا ہے۔ یہ سارٹیفکٹ ہمیں حضور پُر نور صاحب علومِ مستور جان عالم عالی جناب خواجہ گیسو دراز کے صاحب زادے حضرت مولانا الحاج الحافظ القاری خواجہ سید مشیت اللہ کے دست مبارک سے موصول ہوا تھا اس میں صاف طور سے یہ تحریر ہے کہ جو ہماری غزل کے دو شعر بھی لکھ کر اپنے گلے میں لٹکالے گا اس کی بخشش اسی وقت ہو جائے گی اس کے بعد وہ کچھ کرتا پھرے فرشتے اس کی غلطیاں لکھنے کی غلطی نہیں کریں گے۔

سبحان اللہ سبحان اللہ کی صدائیں بلند ہوئیں۔ میں بھی قدرتی طور پر جھوم رہا تھا۔ اس طرح کی باتوں کی وجہ سے فضا کافی نورانی ہو چکی تھی اور صاف طور پر یہ محسوس ہو رہا تھا کہ ہم سب مذہبی لوگ ہیں اور سب خاصان خدا میں شامل ہیں کچھ دیر کے بعد ہم سب کھانا تناول فرما رہے تھے۔ اللہ کا فضل و کرم یہ ہے کہ میرے سب دوست خوش خوراک ہیں اس طرح کھاتے ہیں جیسے یہ لوگ صرف کھانے کے لئے ہی پیدا ہوئے ہوں منشی وود وزعفرانی دیکھنے میں بہت ہی کمزور اور نحیف سے ایسا لگتا ہے کہ ایک جھونکے میں تنکے کی طرح اُڑ کر ایک شہر سے دوسرے شہر میں پہنچ جائیں گے لیکن کھانا کھانے میں ان کا کوئی جواب نہی۔ خوب کھاتے ہیں اور بہت تیز رفتاری کے ساتھ کھاتے ہیں۔ دس بارہ روٹی کھانے کے بعد تو وہ یہ فرماتے ہیں کہ ماشاء اللہ سالن اچھا بنا ہے ان کے علاوہ بھی باقی یار دوست بھی دل سے کھانا تناول کرتے ہیں۔ کھانا پکانے والی کو بھی خوشی ہوتی ہے کہ اس کی محنت ٹھکانے لگی، بیوی کو ان کی خوراکوں کا اندازہ ہو گیا ہے اس کو جب معلوم ہوتا ہے کہ دس دوست آ رہے ہیں تو وہ ۲۵ آدمیوں کا کھانا بناتی ہے اس طرح ہم میاں بیوی رسوائی سے بچ جاتے ہیں۔

کھانے کے دوران کسی دوست نے یہ شوشہ چھوڑ دیا کہ یہ جو کچھ علماء اور فضلاء بابری مسجد کا سودا کرنے جا رہے ہیں اس کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟

سجادے صاحب بولے۔ بھئی ہماری رائے تو یہ ہے کہ اس طرح کی سودے بازی سے علماء اور صلحاء کو زرکثیر بھی مل جائے گا اور دو چار مولویوں کو کوئی عہدہ بھی ہاتھ لگ جائے گا۔ اس لئے اگر سودا ہو جائے تو بُرا کیا ہے۔

تو کیا بابری مسجد فروخت ہو جائے گی۔ ''میں نے پوچھا''

سید نستعین بولے۔ ارے بھئی اگر فروخت ہو بھی جائے گی تو کیا ہے اور مسجدیں بنالیں گے لیکن ہمارے نیک فطرت علماء اس کام پر لگے ہیں تو ہمیں ان کی ہاں میں ہاں ملانی چاہئے۔ کیونکہ علماء کی مخالفت کرنا غلط ہے۔ اور اگر علماء خلافِ شریعت کوئی کام کر رہے ہوں تو؟ ''کسی نے پوچھ لیا''

شریعت علماء کی باندی ہے۔ علماء ہی شریعت بناتے ہیں۔ اس لئے اصل چیز علماء ہیں۔ شریعت کا مقام دوسرے نمبر پر ہے اگر علماء نے کوئی فیصلہ کر ہی دیا تو عوام کو وہ فیصلہ مان لینا چاہئے۔

مجھے اس پر اعتراض ہے۔ ''میں بولا'' میں یہ کہتا ہوں کہ علماء ہوں یا صلحاء عوام ہوں یا خواص۔ سب سے سب شریعت کے پابند ہیں۔ جب یہ بات مسلم ہے کہ مسجد فرش تا عرش ہمیشہ ہی رہے گی۔ پھر اس کو کسی مذاکرہ کی آڑ میں فروخت کر دینا اسلامی نقطۂ نظر سے گناہ کبیرہ ہے بلکہ حرام ہے۔ آر ایس ایس سے جو لوگ گفتگو کر رہے ہیں وہ سب کے سب دولت پرست لوگ ہیں اور اقتدار کے بھوکے ہیں وہ اس قطعۂ مسجد کو فروخت کر کے اپنی آنے والی نسلوں کا مستقبل بنانے کی فکر میں ہے ایسے

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

لوگوں کو علماء سمجھنا بھی علم کی توہین ہے۔

برخوردار ''تم کافی سمجھدار ہو گئے ہو تم یہ بھول گئے ہو کہ علماء کا مقام بہت بلند ہے کیا تم نے یہ نہیں سنا کہ اللہ سے صرف علماء ہی ڈرتے ہیں اور کیا تم نے یہ نہیں پڑھا کہ موت العالم موت العالم کہ ایک عالم کی موت ایک عالم موت ہوتی ہے۔

جی ہاں۔ سنا ہے اور پڑھا بھی ہے۔ ''میں زوردار الفاظ میں بولا'' لیکن عالی جناب اس کا مطلب یہ بھی تو ہے کہ ایک عالم جب بگڑتا ہے تو ایک عالم بگڑ جاتا ہے۔ جب ایک مولوی حرام کاری کرتا ہے تو ایک دنیا حرام کاری میں مبتلا ہو جاتی ہے۔ اگر علماء مسجدوں کے سودے کرنے لگے ہیں تو پھر عوام بھی اپنے علاقوں کی مسجدوں کی زمینوں اور ان کی املاک کو فروخت کرنا شروع کر دیں گے کیونکہ علماء اپنے عمل سے ایک نظیر بنا دیں گے جو ہر مفاد پرست کو کمک پہنچائے گی۔

لیکن فرضی صاحب ایک بات یاد رکھیں۔ یہ سودے بازی کی محفلیں بھی ہم اہل سنت والجماعت سے زیادہ آپ دیوبندی لوگوں کی طرف سے ہو رہی ہے۔ جمعیۃ العلماء کے فنکار زیادہ دلچسپی لے رہے ہیں ''اس بارے میں آپ کی کیا رائے ہے۔؟''

سودے بازی کوئی کرے وہ بریلوی ہو یا دیوبندی۔ وہ غلط ہی ہے۔ مسلمانوں کی اکثریت جمعیۃ العلماء کے اس فعل سے خوش نہیں ہے۔ اور اس کی تائید زیادہ تر وہی لوگ کر رہے ہیں جو بے چارے جمعیۃ العلماء کے دفتر میں نوکر ہیں انہیں اپنی نوکری بھی تو بچانی ہے اگر وہ اس طرح کی حرکتوں کی تائید نہیں کریں گے تو ان کی دال روٹی خطرے میں پڑ جائیگی۔ اور ان کی بیویاں ان سے طلاقیں وصول کر لیں گی۔

فرضی صاحب! دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ اس سودے بازی کو نا کام بنا دے ورنہ یہ تو ہمیں بھی نظر آتا ہے کہ اگر سودے بازی کامیاب ہو گئی تو پھر بنارس اور متھرا کے لئے بھی مذاکرے شروع ہو جائیں گے اور پھر کوئی بھی مسجد ایسی نہیں رہے گی جس پر مذاکرہ نہ کیا جا سکے۔

کھانے سے فارغ ہونے کے بعد بھی اسی طرح کی باتیں چلتی رہیں۔ تقریباً شام کو پانچ بجے اچھے دوستوں کی یہ انجمن برخواست ہو گئی۔ اور سب نے ایک دوسرے سے دوبارہ ملنے کے وعدے کر کے ایک دوسرے کو رخصت کیا۔ منشی وددو جاتے جاتے میرا ہاتھ پکڑ کر بولے بھئی تمہاری بیگم نے کھانا بہت مزیدار بنا رکھا تھا۔ بھئی خدا کیلئے کھانے کا ایک موقعہ اور دینا اور جلد دینا زندگی کا کیا بھروسہ۔ سجادے صاحب بھی بہت خوش تھے انہوں نے بھی میری بیوی کی تعریف کرتے ہوئے کہا تھا کہ بھئی تمہاری بیگم صاحبہ کھانا پکانے کے معاملے میں بے مثال ہیں۔ ہماری تو روح تک متاثر ہو رہی ہے۔ قیمہ کی ڈش تو اتنی لذیذ تھی کہ دل چاہ رہا تھا کہ سو پچاس روٹیاں اور کھا جاؤں لیکن یہ کمبخت پیٹ دس پندرہ روٹیوں سے زیادہ برداشت نہیں کر پاتا۔ جب سب دوست رخصت ہوئے تو میں بیوی سے کہنے لگا۔ کتنے اچھے دوست ہیں سب تمہاری تعریفیں کر رہے تھے اور منشی نور الہدیٰ کا تو بس نہیں چل رہا تھا کہ تمہیں اُٹھا کر لے جائیں۔ کہہ رہے تھے کہ بیوی ہو تو ایسی ہو۔ اب بیگم تمہارا میرے ان معصوم دوستوں کے بارے میں کیا خیال ہے؟ اس نے مجھے اس طرح گھور کر دیکھا جیسے کہہ رہی ہو۔ تم چغد تمہارے دوست چغد۔

(یار زندہ صحبت باقی)

*****

ضروری اعلان

تمام قارئین اور ایجنٹ حضرات یہ بات نوٹ کر لیں کہ ماہِ رمضان المبارک کی وجہ سے اگلا شمارہ شائع نہیں ہوگا بلکہ جولائی اگست کا مشترکہ شمارہ عید کے بعد قریباً ۲۸ رجولائی کو منظر عام پر آئے گا۔

یہ اطلاع اس لئے دی جارہی ہے تاکہ قارئین اور ایجنٹ حضرات کو انتظار کی زحمت نہ اٹھانی پڑے۔

اعلان کنندہ

ابوسفیان عثمانی

منیجر ماہنامہ طلسماتی دنیا دیوبند

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

حضرت مولانا حسن الہاشمی کے نئے شاگرد

اعلامیہ نمبر-٤٠

شمار	نام	علاقہ	T. No.
1124	محمد وقار سیفی	محلہ پرہلادنگر، میرٹھ (یوپی)	T/1173/15
1125	شیخ محمد سفیان	4ویٹ روڈ، لال باوا، ٹمبا ناکا، دریاپور، احمد آباد (گجرات)	T/1174/15
1126	عرفان	کرتپور، بجنور (یوپی)	T/1175/15
1127	صالحہ	4بنگلوز، بھارت نگرسی۔ایچ۔ایس۔اندھیری ویسٹ، ممبئی (ایم ایس)	T/1176/15
1128	عرشی	اسمتار یجنسی 2، بی ونگ اسٹیشن روڈ، میرا روڈ، تھانہ، (ایم ایس)	T/1177/15
1129	محمد زکریا شیخ	شاہدہ مارگ، ڈونگری، بمبئی (91)، (ایم ایس)	T/1178/15
1130	محمد ہاشم	گاؤں سوپا، پوسٹ ماہنی، ضلع سنت کبیر نگر، (یوپی)	T/1179/15
1131	سعید احمد	گاؤں کولکی رانگھڑ، ناگ راج پور، سہارنپور (یوپی)	T/1180/15
1132	حافظ عبدالرحیم	مسجد الوحادہ، پتور، (تملناڈو)	T/1181/15
1133	محمد نعیم	بھارت کٹپیس سینٹر، کارنجہ روڈ، بید (ایم ایس)	T/1182/15
1134	عبدالشکور	نایک اسٹریٹ، ویل پاڑ، چتور (اے پی)	T/1183/15
1135	محمد اسداللہ	ملارہ اسٹریٹ، دشانورسرگپا، بیلاری (کرناٹک)	T/1184/15
1136	محمد ناصر احمد رشادی	نرسمہاریڈی نگر، این، آر پٹیا، کرنول (اے پی)	T/1185/15
1137	میر ساجد علی	نزدار دوگھر، شانتی نگر شادی خانہ، عادل آباد (اے پی)	T/1186/15
1138	حافظ عبدالعلیم	بایبنہ تھوتا، محبوب نگر، (تلنگانہ)	T/1187/15
1139	حافظ محمد اکرم	اننتاپور، گڑوال، محبوب نگر (تلنگانہ)	T/1188/15
1140	محمد عرفان قریشی	گاؤں ولور، منور منڈل، ضلع میدک (تلنگانہ)	T/1190/15
1141	سید خواجہ پاشا	گاؤں ہمیلہ پور، بیدر (کرناٹک)	T/1191/15
1142	عبدالجمشید خاں عرف صدام	سامنے پاشا بھائی (نگر سیوک) قدیر آبا پلاٹ، پربھنی (ایم ایس)	T/1192/15
1143	ابوالحسین ندوی	سامنے مولانا عبدالکلام اسکول، بسیرا کالونی، عنایت نگر، پربھنی، (ایم ایس)	T/1193/15
1144	شیخ ندیم الدین	مسجد گلاب کے پیچھے، عنایت نگر، بسیرا کالونی، پربھنی (ایم ایس)	T/1194/15
1145	محمد نوید ندوی	مسجد گلاب کے پیچھے، عنایت نگر، بسیرا کالونی، پربھنی (ایم ایس)	T/1195/15
